رجسٹرڈ ایل نمبر ۴۹۰۵

صدری مجربات کا بنظیر مجموعہ

سالانہ چندہ ۲ دو روپے

سالنامہ طبیب حاذق

گجرات پنجاب

جلد ۱۶ نمبر ۲/۳

راز الاطبا

۱۹۴۴ء

فروری مطابق مارچ

زبدۃ الحکما حکیم محمد عبدالرحیم جمیل مالک دواخانہ دارالعلاج
گجرات پنجاب

حکیم محمد عبدالرحیم جمیل ایڈیٹر ۔ پرنٹر پبلشر نے حجازی پریس بیرون موری دروازہ لاہور میں چھپوا کر دواخانہ
دارالعلاج گجرات پنجاب سے شائع کیا

دیباچہ

سب سے پہلے خداوند عالم و عالمیان کے احسانات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جس نے انسان ضعیف البنیان کو لاتعداد نعمتوں سے سرفراز فرمایا۔ انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر عقل سلیم عطا فرمائی۔ اور اپنے علوم الٰہیہ سے وافر حصہ عطا فرمایا۔ رب العزت نے انسان کو جس قدر عقل عطا فرمائی۔ اور اس کے مطابق علم بخشا۔ ان میں سے سب سے افضل وعلم قرار دیئے۔ چنانچہ:۔

العلم علمان علم الابدان وعلم الادیان

کے مطابق اللہ جل شانہٗ نے دان علوم کو سب سے بہتر درجہ عطا کیا۔ بقول بعض یہ ایک حدیث ہے مگر محققین کے قول کے مطابق یہ کسی بزرگ کا قول ہے۔ بہر حال دنیا کے کسی برگزیدہ انسان کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ جو اپنے اندر معانی کا بحر ذخار لئے ہوئے ہیں۔ آپ کے سامنے پیش کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ سب سے پہلے علم الابدان کا لفظ اسی لئے آیا ہے۔ کہ علم الادیان یعنے دین کا علم بعد ہیں اور بدن کا علم (طب) پہلے ہے۔ جب تک صحت انسانی درست نہ ہو۔ اس وقت کسی علم کا حاصل کرنا محالات سے ہے۔ اور ہر انسان کیلئے علم الابدن کا جاننا ضروری ولابدی ہے۔ اس طرح درجات کے لحاظ سے علم الابدان کے جاننے والوں کا بھی وہی درجہ ہے۔ جو ایک برگزیدہ انسان کا ہو سکتا ہے۔ اور خدا تعالیٰ اسی شخص کو یہ علم عطا کرتا ہے جس پر وہ اپنی نعمتوں کے دروازے کھول دیتا ہے۔

چنانچہ آپ نے دیکھا ہوگا۔ کہ طبیب بحیثیت طبیب دنیا میں مریض کیلئے سب سے زیادہ قابل اعتبار وسچا اور دیانتدار شخص سمجھا جاتا ہے۔ ایک مریض بحالت مرض اپنی نیکی برائی کا مالک زندگی موت کا پیغامبر اور فرشتہ رحمت سمجھتا ہے۔

چنانچہ حکماء نے بھی طبیب کے خصائل میں ان چیزوں کو نہایت وضاحت سے بیان کیا ہے کہ طبیب دنیا کا بہترین مخلص۔ دیندار۔ نیک۔ پاکباز۔ روشن دماغ۔ متدین۔ پارسا۔ خوش خلق۔ اور پرہیزگار آدمی ہونا چاہیئے جس طرح طبیب کے لئے ان خصائل کا ہونا ایک لازم امر ہے اسی طرح دنیا کی اس قابل احترام مستی کے لئے سب سے عمدہ خصلت جو اس میں ہونی لازم ہے۔ وہ بے بخل دل بھی اپنے سینہ میں رکھتا ہو۔

اور طبیب کا بخیل ہونا ان تمام خصائل کو تباہ کر دینے والی تیزاب یا گیس ہے۔ اگر طبیب میں ہزار ہا خوبیاں ہوں مگر بخیل ہو۔ تو جس طرح انسان خواہ ولی ہو جائے۔ اس کی تمام نیکیاں

صرف شرک کی وجہ سے ضائع ہو سکتی ہیں ۔ اسی طرح لاکھوں خوبیوں والا طبیب صرف اسی خصلت کی وجہ سے طبیب کہلانے کا مستحق نہیں ہے ۔

کیونکہ طبیب وہی ہو سکتا ہے ۔ جو اپنے اندر ایک بے بخل دل بھی رکھتا ہو ۔ اور خلق اللہ کی بہترین اور بھلائی کے لئے ہر قسم کی قربانی کرنے کے لئے تیار ہو ۔ اور صحت انسانی کو بحال کرنے کے لئے اگر اس کے پاس کوئی نایاب ہیرا بھی ہو ۔ تو اس کو نچھاور کرنے سے دریغ نہ کرے ۔

جو شئے صحت انسانی کو بحال کرنے والی کوئی ترکیب بھی کروڑ ہا روپیہ سے زیادہ قیمتی ہے مگر رزاق حقیقی کو چھوڑ کر صرف ایک نسخہ یا ترکیب کو رزاق سمجھ لینا انتہا درجہ کی کفران نعمت ہے صرف دیکھنے والی بات یہ ہے ۔ کہ ایک طبیب کے پاس اگر کوئی نسخہ آتا ہے ۔ تو اسے بھی الہام تو ہوا نہیں کسی دوسرے انسان نے اس کو بتایا تھا ۔ جس کی وجہ سے وہ اس رتبہ پر پونچا ۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کی نعمت تھی ۔ جو اسے بطور امانت سپرد کی گئی تھی ۔ اگر وہ امانت امانتدار کو نہ دی گئی ۔ تو یہ بھی انتہا درجے کی ذلالت ہے ۔

رب العزت کو اپنا رزاق سمجھتے ہوئے صحت انسانی کے لئے جو کچھ طبیب کے پاس موجود ہو ۔ اُسے دوسروں کے سپرد کرنے میں دریغ نہیں کرنا چاہئیے ۔

خداوند بزرگ و برتر کا کروڑ کروڑ شکریہ ادا کرتا ہوں جس نے مجھے یہ طاقت عطا فرمائی کہ میں اپنی برادری کے سامنے وہ جواہرات پیش کر رہا ہوں ۔ جو صدیوں سے سینوں میں مدفون چلے آتے ہیں ۔ اور جن کو آج تک دنیا کی ہوا بھی نہ لگی تھی ۔ مگر اس ناچیز آواز پر مسلسل دس سال کی کاوش محنت اور عرضداشتوں کو شرف قبولیت بخشتے ہوئے اطبا کے ایک طبقہ نے نہایت دریا دلی سے بخھاور کیا ۔ اور میں نے بلا حیل و حجت ہر چیز کو اصلی رنگ میں اطبا کے سامنے پیش کیا ۔ اور مجھے یقین ہے کہ میری ایک آواز پر کئی ہزار مصدقہ صدری و اسراری خاندانی مجربات کا ایک خزانہ جمع ہو تا ہے ۔ بخدا یہ سچ ہے ۔ کہ بعض نسخہ جات کو دیکھ کر شیطان نے کئی دفعہ ورغلایا ۔ کہ ان کا بتانا ٹھیک نہیں ۔ مگر نیکی کا پلہ بھاری ہوا ۔ اور سینۂ بے بخل نے امانت کو غبن کرنے کے ہمیشہ خلاف مشورہ دیا ۔ اور یہی مشورہ مختلف اوقات میں مختلف مطبوعات کی شکل میں طبی دنیا کے سامنے پیش ہوا ۔ چنانچہ :۔

رسالہ حکیم حاذق (طبیب حاذق) کی بارہ سالہ فائل گواہ ہے ۔ کہ ہم نے کیسے کیسے گوہر نایاب طبی دنیا کے سامنے پیش کئے اور ہر اطبا کے ایک طبقہ نے اس سے کس قدر استفادہ حاصل کیا ۔ اس کے لئے طبیب حاذق کی روزانہ ڈاک گواہ ہے ۔ اور خدا گواہ ہے ۔ کہ ہم نے آج تک کسی بھی نسخہ کو جو طبی دنیا کے سامنے پیش کرنے کیلئے ہمارے پاس پونچا ہو اُسے اپنے پاس رکھنا گوارہ نہیں کیا

چنانچہ ایک وقت رموز حکمت کیلئے اپیل کی گئی ۔ جس کے لئے ایک ہزار مشاہیر اطبا ہند کے لاثانی مجربات کا ایک خزانہ جمع ہو گیا ۔ اسی طرح یہ لاجواب کتاب پیش کی گئی ۔ اور اب اس کتاب

کے لئے مزید اپیل پر ہر طبیب کی طرف سے پانچ دس نسخہ جات صدری موصول ہو گئے۔ جو من و عن شائع کئے جا رہے ہیں۔ لطف یہ کہ یہی کتاب اب دو جلد میں دو ہزار اطبا کے حالات اور دس ہزار سے زائد نسخہ جات کی حامل بہترین کتابت و طباعت سے شائع ہو رہی ہے۔

جیبی فارماکوپیا ہر دو جلد۔ سلک جواہرات ہر دو جلد۔ تحفہ نایاب دس جلد۔ تحفہ جمیل تحفۃ الحاذقین مخزن بیناکیارت۔ جڑی بوٹی نمبر وغیرہ کتابیں اسی جذبہ عمل کی آئینہ دار ہیں۔

اس عرصہ میں بارہا جس نے میرے دل میں جذبہ عمل پیدا کیا۔ اور رہ رہ کر جس خیال نے مجھے ابھارا وہ سالنامہ طبیب حاذق ۱۹۴۴ء کی ترتیب تھی۔ آج یہ تحفہ اپنی طبی برادری کے سامنے پیش کرنے کی جرأت کر رہا ہوں۔ تاکہ دوسرے اطباء کرام اس سے مستفیض ہو کر آپ کے لئے اور میرے لئے موجب رحمت خداوندی ہوں۔

میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میری اس محنت کو قبول فرمائے۔ اور میرے برادران فن کو اس پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ نسخہ جات میں تاثیر شفا اور عطا کنندگان کے باعث رحمت ہو۔ آمین

صدری معمولات

شربت فولاد

سینکڑوں کارخانوں کی تجارت کا راز آج ناظرین طبیب حاذق کے سامنے پیش کیا جارہا ہے یہی "شربت فولاد" ہندوستان کے طول و عرض میں مختلف قیمتوں پر پیک ہو کر فروخت ہو رہا ہے۔ ہمارے ناظرین میں سے اکثر حضرات نے اس نسخہ کی بیحد خواہش فرمائی۔ اس لئے آج یہ راز بھی پیش خدمت ہے

اجزاو ترکیب ساخت:۔ لائیکولہ فیرائی پرکلورائیڈ ¼ تولہ۔ شیر گاؤ ایک سیر۔ دودھ کو گرم کرکے اس میں فیرائی پرکلورائیڈ ڈال دیں۔ دودھ پھٹ جائیگا۔ اس کو باریک کپڑے میں چھان لیں۔ دور پھینک دیں۔ آب شیر میں ایک سیر کھانڈ ملاکر شربت کا قوام درست کرلیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ایک بوتل شربت مذکور میں ایک ڈرام لائیکوار آرسینی کیس شامل کرلیں اور حسب خواہش رنگ دے کر بوتلوں میں بند کردیں۔

فوائد:۔ ضعف جگر۔ بھس۔ یرقان وغیرہ کمزوری بدن کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ تولہ روزانہ ۴ تولہ پانی میں ملاکر صبح استعمال کریں۔

اکسیر کایا کلپ

یہ دوا تجربہ پر نہایت اکسیر اثر ثابت ہوئی ہے۔ اس کے استعمال سے رنگ سرخ اور جسم میں طاقت بے حد پیدا ہوتی ہے۔ متواتر استعمال سے جسم کے سفید بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ گویا اکسیر کامل ہے ہمارے تجربہ میں نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ نذر ناظرین ہے

اجزاو ترکیب ساخت:۔ بلادر ۵ تولہ۔ کنجد سیاہ ۱۰ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد سم الفار ۶ ماشہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ اول شنگرف اور سم الفار کو زردی بیضہ مرغ میں ڈال کر کھرل کریں یکجان ہو جانے پر کنجد اور بھلانوہ کو باریک کوٹ کر شامل کرلیں۔ اور خوب کھرل کریں۔ بعد ازاں گھی ۵ تولہ شامل کرکے پتال جنتر میں تیل کشید کریں۔

فوائد:۔ اس کے کھانے سے بے اندازہ پیدا ہوتی ہے۔ امراض باردہ کیلئے تریاق ہے ایک

ہفتہ کے استعمال سے ناقابلِ ضبط قوت پیدا ہوتی ہے۔ چند عرصہ کا استعمال سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے

ترکیب استعمال :۔ بقدر ۲ رتی روغن مذکور ایک تولہ مکھن تازہ کے ہمراہ استعمال کریں۔
بیرونی طور پر درد۔ چوٹ۔ موچ کیلئے بھی نافع ہے۔ روغن مذکور ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ میں شامل کر کے مالش کریں۔

اکسیر نایاب

بعض حضرات شکایت کرتے ہیں۔ کہ اُن کو دودھ ہضم نہیں ہوتا جس کے سبب سے جسم میں طاقت نہیں آتی۔ ان کیلئے یہ دوا اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔

اجزاء ترکیب ساخت :۔ کچلہ مدبر ۱ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ کشتہ شنگرف ۳ ماشہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ بسباسہ ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ سب کو ملا کر گولیاں بقدر دو رتی بناویں۔

فوائد :۔ ہاضم طعام۔ ہاضم شیر۔ مقوی باہ اور مولد خون معمر لون ہے۔ اس کے استعمال کے بعد جس وقت گھبراہٹ یا گرمی محسوس ہو تو دودھ گھی کا استعمال کریں۔ ہضم ہو جائے گا۔ حتیٰ کہ بعض حضرات کو چھ سیر تک دودھ پیتے دیکھا ہے۔ اور پھر بھی جسم میں پھرتی چالاکی معلوم ہوتی ہے۔ طاقت بے حد پیدا کرتا ہے۔ کمر اور جسم کی دردوں کو نافع ہے۔

ترکیب تدبیر کچلہ :۔ کچلہ حسب ضرورت لے کر آب گھیکوار میں تر کر دیں۔ پندرہ دن تک خوب تر رہے۔ اس کے بعد نکال کر صاف کر کے پتہ نکال دیں۔ اور مذکورہ کو آب ادرک میں بھگو دیں پندرہ دن کے بعد خشک ہونے پر خوب باریک کوٹ لیں۔ دھونے کی ضرورت نہیں۔ یہ اصل ترکیب ہے جس سے کچلہ کی اصل طاقت ضائع نہیں ہوتی اور بے حد مفید رہتا ہے۔

ترکیب کشتہ شنگرف :۔ شنگرف ۱ تولہ۔ کنجد سیاہ ½ سیر۔ حرمل ½ سیر ایک کڑاہی میں اول نصف حرمل کوٹ کر ڈالیں۔ اس کے بعد کنجد سیاہ نصف اس پر شنگرف رکھ کر اس کے اوپر نصف کنجد اور بعد نصف حرمل کوٹ کر ڈال دیں۔ کڑاہی مذکورہ کو نرم آنچ پر رکھ دیں۔ جب نصف کے قریب جل جائے۔ آگ تیز کر دیں۔ کہ کڑاہی میں آگ لگ جائے۔ سرد ہونے پر شنگرف مذکور قائم الناً نکال کر لہسن ½ سیر کے نغدہ میں دے کر کوزہ میں بند کر کے چھ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ یہ کشتہ مطلوب ہے۔

معین حمل

آپ نے ہزارہا ایسی تراکیب ملاحظہ فرمائی ہوں گی جس سے آسانی یہ عمل ہو سکے۔ مگر یہ نسخہ اپنے فوائد کے لحاظ سے فی الواقع اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ جہاں استعمال کی گئی فائدہ مند ثابت ہوئی کئی مایوس اولاد حضرات کو اس دوا کی بدولت خدا نے یہ نعمت عظمیٰ عطا فرمائی۔ ضرورت مند احباب بنا کر

ضرور مستفید ہوں۔

تدبیر اوّل: - اوّل مریضہ کو ذیل کا مسہل دیں۔ بخشش پیچہ ۱ تولہ - پوست بلیلہ زرد ۶ ماشہ - زنجبیل ۳ ماشہ سب کو روغن بادام سے چرب کر کے رکھیں۔

اس کی خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شربت مصری پلا دیں۔ خوب کھل کر اسہال ہو جائیں گے۔ اس کے بعد قے کے ذریعہ خارج ہو جائے گی۔ اس کے بعد آٹھ دن تک۔

برادہ دندان فیل ۱ ماشہ - کشتہ خرمہرہ ۲ رتی روزانہ ہمراہ پانی دیں۔

آٹھ یوم کے بعد دوبارہ جلاب دے کر اسی دوا کی ہمراہ قند سیاہ کھنڈ گولیاں بنا کر استعمال کرائیں۔ پانچ چھ دن کے بعد .... مقاربت ضروری ہے۔ یقیناً کامیابی ہوگی۔

محلول مرواریدی

اعلیٰ درجہ کی مقوی دل و دماغ اور مفرح دوا ہے۔ دماغ کو بے حد طاقت دیتا ہے۔ بخار کے بعد کی کمزوری قلب کیلئے نہایت مفید ہے۔ دواخانہ دار العلاج گجرات کی مایۂ ناز دوا ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت: - صدف مرواریدی ایک تولہ - آب لیموں ۵ تولہ - صدف کو گرم کر کے آب لیموں میں بجھاؤ دیں حتیٰ کہ تمام صدف آب لیموں میں حل ہو جائے۔ پھر اس کو کھرل کر کے سفوف مذکور کو گل سرخ ۵ تولہ - الائچی سبز ۵ تولہ - صندل سفید ۵ تولہ - ابریشم مقرض ۵ تولہ - پوست ترنج ۵ تولہ - آب انار ترش ایک پاؤ - عرق بید مشک ½ اسیر - عرق گاؤزبان ایک سیر تمام ادویہ کو بھگو کر نل عرق کشید کریں۔ عرق کشید کرتے وقت زعفران ۳ ماشہ - کافور ۶ ماشہ کی پوٹلی نیچہ کے منہ میں رکھیں عرق مذکور میں کشتہ مذکور حل کریں۔

فوائد: - مفرح - مقوی قلب - دافع خفقان - مقوی دماغ - دافع نسیان اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔

ترکیب استعمال: - بقدر ایک تولہ روزانہ صبح - دوپہر - شام تین دفعہ دن میں پلا دیں۔

اکسیر نسواں

جملہ امراض نسواں کے لئے یہ دوا ثابت ہوئی ہے۔ گو یہ عام مشہور نسخہ ہے۔ مگر چونکہ تجربہ پر مفید ثابت ہوا ہے۔ لہٰذا نذر ناظرین ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت: - رہلیت، ہینگ بریاں ۶ ماشہ - شنگرف ۳ ماشہ - سہاگہ ۳ ماشہ - کسیس سبز ۱ ماشہ - کشتہ فولاد ۱ ماشہ - ست صبر زرد ۴ ماشہ - رسوت ۴ ماشہ تمام ادویہ کو شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔

فوائد: - عسر طمث - ورم رحم - سیلان الرحم وغیرہ امراض نسوانی کا واحد علاج ہے۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی صبح ہمراہ جوشاندہ سونف ۔

وسمہ مہندی کا جوہر

یہ کوئی معمولی نسخہ نہیں بلکہ ایک تجارتی راز ہے۔ جس کو اگر خوبصورت شکل میں پیش کیا جاوے تو لاکھوں روپیہ کمایا جا سکتا ہے۔ میرے احباب نے میرے اعلان کے بعد فوراً فوراً اس نسخہ کے حصول کی کوشش فرمائی۔ مگر چونکہ مجھ پر تمام ناظرین کا ایک جیسا حق ہے۔ اس لئے آج ہی پہلی مرتبہ سینہ کا راز خدمتِ عالیہ میں پیش کرنے کا فخر حاصل کرتا ہوں نسخہ مبارک یہ ہے ۔

اجزاو ترکیب ساخت:۔ پیرا فلینی ڈائی امین ایک اونس۔ ہیڈروجن پر آکسائیڈ ۲ اونس۔ سائٹرک ایسڈ (ست لیموں) ۲ اونس۔ وسمہ تازہ باریک کردہ ۴ اونس۔ مہندی باریک کردہ ۴ اونس۔ سب ادویہ کو ملا کر یک جان کر لیں تیار ہے ۔

ترکیب استعمال:۔ بوقتِ ضرورت حسب خواہش لیکر پانی میں گھول کر بالوں پر لگادیں خشک ہونے پر تیل لگا کر بالوں کو دھوئیں۔ بال مانند اصلی سیاہ ہوں گے ۔

۲ تولہ کی شیشی بند کر کے دو روپیہ قیمت رکھ کر عمدہ پیکنگ کر کے فروخت کریں۔ یہ تجارتی راز صرف طبیب حاذق کے ناظرین کی نذر کیا گیا ہے ۔

شربت سلاجیت

کئی تجارتی کمپنیوں کا راز ہزار ہا روپیہ کا فروخت ہو رہا ہے۔ یہ شربت صرف تجارتی راز نہیں بلکہ طبی لحاظ سے ایک کامیاب چیز ہے اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ۔ مولد منی۔ رنگ کو مثل انار سرخ کرتا ہے جس کا دعویٰ ہے۔ کہ اس دوا کے برابر خون پیدا کرنے والی کوئی دوا نہیں ہے۔ اور فی الواقع ایک نہایت سریع الاثر مرکب ہے۔ یہ راز معلوم کر کے آپ بیحد خوش ہوں گے ۔

اجزاو ترکیب ساخت:۔ سلاجیت اصلی ۴ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ عرق گاؤزبان ۱ بوتل۔ اول سلاجیت و زعفران کو عرق گاؤزبان میں حل کریں۔ کہ یک جان ہو جاویں چھان کر اس میں قند سفید ایک سیر داخل کر کے قوام درست کر لیں۔ اور مندرجہ ذیل ادویہ داخل کر کے تیار کر لیں ۔

فرائی ایٹ کونین سائیٹراس (کشتہ فولاد کونین والا) ایک اونس

ایکسٹریکٹ ٹراکسا سائی (ست کاسنی ولائتی) ۲ اونس

ہر دو کو حل کر کے شامل ترکیب کریں تیار ہے ۔

فوائد:۔ ضعف جگر۔ ضعف ہضم۔ دافع کمزوری باہ۔ کمی خون حبس۔ پرانا بخار۔ خرابی جگر وغیرہ امراض کو دور کرنے کے علاوہ مقوی۔ مولد خون اور معمولی دوا ہے ۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ تولہ روزانہ صبح ۴ تولہ پانی ملا کر پی لیں ۔

تلی توڑ

یہ بھی ایک مشہور کمپنی کا تجارتی نسخہ ہے ۔ جو عظم طحال ، ضعف جگر ، خرابی شکم ، بخار وغیرہ وغیرہ امراض پر مفید بیان کی جاتی ہے ۔ یہ نسخہ ہمیں نہایت محنت سے حاصل کرکے ہمیں نہایت منت سے حاصل کرکے ایک نہایت کرم فرمانے عطا فرمایا کئی اطباء اس کو عرق شفاء وغیرہ نام دیکر فروخت کرکے بیحد فائدہ حاصل کر رہے ہیں ۔ یہ نسخہ اس قابل ہے کہ اسے ہر مطب میں جگہ دی جائے ۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ عرق پودینہ ایک بوتل ۔ ہیرا کسیس ۲ ماشہ ۔ نوشادر ۹ ماشہ شورہ قلمی ۱ تولہ ۔ مگنیشیا سلفاس ۱۰ تولہ ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ ۔ فرائی ایٹ کونین سائٹراس ۱ تولہ تمام ادویہ کو ایک بوتل عرق مذکور میں حل کرلیں تیار ہے ۔

فوائد :۔ ضعف طحال ، عظم جگر ، کمی خون ، پھٹس ، خرابی معدہ غرضیکہ معدہ کی ہر امراض کے لئے نہایت اکسیر الاثر دوا ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ ½ ۲ تولہ صبح و شام پلا دیا کریں ۔

عرق لقمانی

جملہ امراض معدہ کیلئے اکسیر الاثر دوا ہے ضعف معدہ ۔ ضعف ہضم ۔ کمی اشتہاء ۔ اروغ ترش درد معدہ ۔ باد گولہ ۔ نفخ المعدہ ۔ ہیضہ ۔ تہوع غثیان غرضیکہ جملہ امراض معدی کا اکسیری اور حکمی علاج ہے ۔ جہاں آزمایا لاجواب اور بہترین اثمات کا حامل دیکھا گیا ۔ ایک دفعہ کی آزمائش آپ کو اس دوا کے جادو اثر اثرات کا شیدا بنا دیگی ۔ آزمائیں اور خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں ۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ سپرٹ کلوروفارم ۳ ڈرام ٹنکچر کارڈیمم ۲ ڈرام سلفیورک ایسڈ ۱ ڈرام ۔ سوڈا بائیکارب ۱ اونس ۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک ½ ۱ اونس ۔ پیپرمنٹ آئل ۱۱ اونس عرق اجوائن ۱ بوتل ۔ تمام ادویہ کو ایک بوتل عرق مذکور میں حل کرلیں تیار ہے ۔

فوائد :۔ وجع المعدہ ۔ نفخ المعدہ ۔ ہیضہ ۔ فواق ۔ قے ۔ تہوع غثیان ۔ کمی اشتہاء غرضیکہ تمام امراض معدہ کیلئے اکسیر ہے ۔ غذا کو منٹوں میں ہضم کرتا ہے ۔ مقوی معدہ ہے ۔ کمی بھوک ۔ کئی معاجین اور جوارشات اس کے سامنے ہیچ ہیں ۔

ترکیب استعمال :۔ ۲ تولہ صبح و شام ہر غذا کے بعد پلا دیں ۔ فوری ضرورت کے وقت ہر تین گھنٹے کے بعد ایک خوراک دے سکتے ہیں ۔

اکسیر سیلان الرحم

یہ ایک اکسیری نسخہ ہے ۔ جسکی مثال ملنی محال ہے ۔ سیلان الرحم ہر قسم کیلئے گویا اکسیر کا حکم رکھتا

ہے جریان الرحم۔ سیلان الرحم کے دور کرنے میں جادو اثر ہے۔ دو ہفتہ کے استعمال سے اس دوا کے حیرت انگیز فوائد آپ پر ظاہر ہونگے۔ اس نسخہ کو ایک دفعہ بنا کر آپ استعمال کریں تو آپ کو کمال مسرور ہوں گے۔ آپ محسوس کریں گے۔ کہ اس سے بہتر نسخہ آپ کو اس سے پہلے نہیں ملا تھا۔ میرے تجربے نے ثابت کیا ہے۔ کہ یہ نسخہ اپنے اثرات میں سو فیصدی کامیاب ہے جملہ شکایات متعلقہ سیلان الرحم کا بھی ازالہ کر دیتا ہے۔ سو فیصدی کامیاب چیز اگر آپ دیکھنا چاہیں تو یہ نسخہ آزما کر خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ کشتہ سہ دھاتہ ۶ ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ کندر ۱ تولہ۔ گلنار ۲ تولہ۔ ریش برگد ۳ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۹ ماشہ تمام ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

پوٹاسیم برومائیڈ ۱ تولہ۔ ٹینک ایسڈ ۶ ماشہ ملا کر رکھیں۔

فوائد :۔ جریان الرحم و سیلان الرحم کیلئے کافی ہے۔

ترکیب استعمال۔ ۲ ماشہ روزانہ صبح ہمراہ آب تازہ دیں۔

ٹومنٹو

ہر قسم کے دردوں کیلئے اکسیر اعظم ہے۔ واقعی دو منٹ میں فائدہ دکھانے والی ہے جہاں آزمائش کی گئی ہے۔ بحد مفید ثابت ہوئی ہے اسے کثرت سے استعمال کرا کر فائدہ حاصل کر چکا ہوں۔ دردسر۔ درد کمر۔ درد دل۔ درد پشت غرضیکہ جسم کے کسی حصہ میں درد ہو فوری طور پر اپنا اثر دکھانے والی اکسیر ہے۔ ہزار دفعہ تجربہ کرنے کے بعد اسے اکسیر پایا گیا۔ واقعی لاجواب اکسیری تحفہ ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ افیون ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ سفوف پوست بیخ مدار ایسپرین ۱ تولہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ ۱ تولہ۔ آرد پوست بندق ہندی ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

فوائد :۔ جسم کے ہر قسم کے دردوں کو فوری طور پر تسکین دینے کیلئے اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال :۔ بوقت ضرورت ایک ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

کفسول

ہر قسم کی کھانسی کو پہلی خوراک میں اثر دکھانے والا بے نظیر مرکب ہے۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کے علاوہ مردانے بخاروں اور بچوں کی کھانسی کا تیر بہدف علاج ہے۔ پرانی کھانسی جو کسی دوا سے نہ جاتی ہو آپ دیکھیں گے۔ کہ اس دوا کے استعمال سے کس قدر فائدہ حاصل ہے۔ ایک قابل قدر دوا

ہے۔ کھانسی کے علاوہ اکثر اقسام بخار میں بھی مفید ہے۔ نزلہ۔ زکام دائمی کا عمدہ علاج ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ ایکسٹریکٹ گلیسریزا یکلو یڈ (ست ملٹھی) ولیسی نہ ہو۔ صمغ عربی آنولہ مصطگی بیلہ مدبر ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ آرد بندق مندی ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ سہاگہ ۶ ماشہ۔ شنگرف رومی ۶ ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے آب ادرک۔ آنولہ کے ہمراہ کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ موٹھ بناویں تیار ہے۔

فوائد:۔ ہر قسم کی کھانسی۔ نزلہ۔ زکام۔ پرانے بخار۔ نزلہ دائمی۔ کالی کھانسی کیلئے اکسیر دوا ہے۔
ترکیب استعمال:۔ ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔ دن میں دو گولیاں دے سکتے ہیں۔

روح امرت

ایک خاص الخاص ایجاد جو اکثر امراض انسانی کیلئے نہایت مفید ہے۔ ہر مطب میں رہنے کے لائق ہے۔ ہر بال بچے والے گھر میں اس کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ مناسب بدرقہ کے ساتھ دینے سے یہ دوا فوری اثر دکھاتی ہے۔ دار العلاج میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اور بیسیوں جگہ روزانہ استعمال کی جاتی ہے۔ اس کو چھوٹی شیشیوں میں بند کر کے جو نام آپ پسند فرمائیں دیکر فروخت کریں ایک فائدہ مند تجارت ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ست اجوائن ۶ ماشہ۔ ست پودینہ ۶ ماشہ۔ ایسڈ ایسٹک ½ ڈرام۔ کریازوٹ ½ ڈرام۔ کافور ۶ ماشہ۔ ست الائچی ۶ ماشہ۔ روغن دارچینی ۶ ماشہ۔ روغن لونگ ۶ ماشہ۔ سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۶ ماشہ یہ ایک نہایت اکسیری مرکب ہے۔ جو اس قسم کے مرکبات سے عمدہ ہے۔ آزمائیں اور دیکھیں گے کہ یہ ایک اکسیر ہے۔

فوائد:۔ درد دانت۔ درد سر۔ درد گوش۔ داد چنبل۔ خارش۔ زہر دار ڈنگ ہر قسم چوٹ وغیرہ وغیرہ اندرونی طور پر بدہضمی ہیضہ۔ ذات الجنب وغیرہ امراض پر مشتمل ہے۔ بیرونی امراض کیلئے اوپر لگائیں اندرونی طور پر مناسب بدرقہ سے دیں۔ مگر فوری طور پر کوئی چیز میسر نہ آنے۔ صرف کھانڈ کے ہمراہ ۴ قطرے پانی سے دیدیں۔

شربت نقرہ

ایک نہایت سریع الاثر اور خوش ذائقہ شربت جو فوائد کے لحاظ سے کشتہ چاندی سے بڑھ کر اور اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ۔ مولد خون اور محرک خون ہے۔ علاوہ ازیں جریان۔ احتلام و سرعت کا حکمی علاج۔ مقوی دل۔ مقوی دماغ۔ مقوی معدہ۔ مقوی جگر غرضیکہ جسم انسانی کے لئے تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ تیزاب شورہ ۵ تولہ۔ ایک شیشی میں ڈال

کر رکھ دیں۔ ایک دن کے بعد ورق حل ہو جاویں گے۔ اب اس میں عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ روح کیوڑہ ۲ تولہ ملا کر رکھ دیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ محلول مذکورہ ۱۲ تولہ۔ مصری ½ سیر۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مشک ۴ رتی عرق گلاب ایک پاؤ میں حل کر کے مصری شامل کر کے قوام درست کریں۔ اس میں محلول شامل کر دیں تیار ہے۔

فوائد:۔ کمزوری اعصاب۔ کمزوری دماغ۔ ضعف جگر۔ ضعف قلب کو دور کرتا ہے۔ مفرح مقوی۔ مصفیٰ خون ہے۔

ترکیب استعمال۔ ۶ ماشہ صبح و شام غذا کے بعد پلا دیں۔

شربت کچلہ فولاد والا

یہ شربت بھی ایک عمدہ تجارتی راز ہونے کے علاوہ بدن انسانی کیلئے ایک کامیاب اور مفید دوا ہے۔ مقوی اعصاب۔ مقوی جگر ہونے کے علاوہ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ بھی ہے۔ کمزوری دماغ کو نافع ہے۔ خون پیدا کرتا اور رنگ کو سرخ کرتا ہے۔ ایک تجارتی راز ہے جس کو آپ تجارتی طور پر تیار کر کے بیحد فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ نسخہ یہ ہے۔

لائیکوار فرائی پر کلورائیڈ	۱ اونس	تمام ادویہ کو ایک جگہ کر کے مصری ½ ۱ سیر کا قوام عرق بیدمشک کی مدد سے بنا دیں دوا تیار ہے۔
ٹنکچر نکس وامیکا	½ اونس	
اکسٹریکٹ دمیانہ لیکوئڈ	½ اونس	
عرق بیدمشک	۱ بوتل	

نوٹ:۔ اگر اس مرکب میں ٹنکچر کنتھر یڈس ۱ ڈرام شامل کر دیا جائے۔ اور شربت کی بجائے دس بوند فی خوراک اور ایک اونس عرق داخل کر کے عرق کی صورت میں رہنے دیا جاوے تو یہ ماء اللحم کا نہایت عمدہ بدل ہے۔ اکثر دواخانے اس چیز کو ماء اللحم طیوری کہہ کر فروخت کرتے ہیں۔ اس میں فولاد۔ کچلہ۔ دمیانہ اور ذراریح جیسی مقویات شامل ہیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ۔ مقوی معدہ۔ مقوی جگر اور مولد خون دوا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ بقدر ۳ ماشہ صبح و شام بعد از غذا محلول مذکور ۱۰ قطرہ ہمراہ عرق بیدمشک ½ ۱ شامل کر کے پی لیں۔

روغن کافور

آپ نے ہزار ترا کیب سے روغن کافور کے نسخے تیار کرنے کی ترکیب دیکھی ہو گی۔ مگر ایسی انوکھی سریع الاثر ترکیب آپ کی نظر سے نہ گزری ہو گی۔ یہ روغن کافور ایک پٹیالہ کے بزرگ سے

ہمیں بصد منت حاصل ہوا جو ناظرین کی خاطر درج کیا جا رہا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ کافور ۱ تولہ۔ سفید دھوبی تلی کا تیل ۱ تولہ ملا کر گرمیوں میں ایک گھنٹہ۔ سردیوں میں تین گھنٹہ تک شیشی مذکور کو دھوپ میں محفوظ رکھیں۔ بعد ازاں چھان کر محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کے درد۔ زخم۔ چوٹ ورم۔ درد مفاصل اور جملہ اقسام کے زہریلے جانوروں کے کاٹنے پر یہ دوا نہایت مفید اور سریع الاثر ثابت ہوتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ بقدر ضرورت مالش کریں۔

روغن لوبان

مختلف ناموں سے اس کی تجارت ہو رہی ہے۔ مگر یہ نسخہ اپنی شان میں نرالا ہے۔ آپ اس کو استعمال کے بعد اس کی تعریف خود فرمائیں گے۔ ایک عمدہ تجارتی راز ہے۔ لطف یہ کہ سہل ترکیب سے تیار ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ کنجد سفید مصفٰی۔ لوبان ہموزن لے کر کوٹ کر لبدی بنا کر آتشی شیشی سے تیل نکال لیں۔ تیار ہے۔

فوائد:۔ ذات الجنب۔ نمونیا۔ کھانسی۔ دمہ۔ ڈبہ الطفال کے لئے مفید ہے۔ مالش سے ہر قسم کے دردوں کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال:۔ نمونیا۔ ذات الجنب کے لئے پسلی پر مالش کریں۔ اور کھانسی کے لئے ۴ بوند ہمراہ شربت اعجاز میں ملا کر چٹائیں۔ دمہ کے لئے ۴ بوند ہمراہ شہد ۱ تولہ۔ بچوں کو ۱ سے ۲ بوند شہد کے ہمراہ چٹانا اور چھاتی پر مالش کرنا مفید ہے۔

اکسیر سوزاک

سوزاک کے لئے ایک نہایت سریع الاثر دوا ہے۔ جس طرح یہ مشہور ہے۔ کہ سوزاک ایک عسر العلاج مرض ہے۔ اسی طرح اس دوا نے ثابت کر دیا ہے۔ صحیح علاج سے یہ نہایت آسانی سے رفع ہو جانے والی مرض ہے۔ جہاں استعمال کی گئی ہے۔ مفید ثابت ہوئی ہے۔ سوزاک کی جلن، پیپ، درد کو پہلے روز فائدہ دیتی ہے۔ پہلے ہی روز فائدہ دکھانے والی اکسیر ہے۔ آزمائیں اور خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرما دیں۔ یہ نسخہ ہمارے کرم فرمانے ہمیں بطور عطا فرمایا۔ جو آج نذر ناظرین ہے:

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ روغن الائچی ۱ تولہ۔ روغن صندل ۱ تولہ۔ سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۲ تولہ عرق مکو ۱ بوتل۔ اول ہر دو روغن باہم ملا لیں۔ بعد ازاں سپرٹ ملا کر یک جان کریں۔ مابعد عرق مکو خوب اچھی طرح ملا لیں۔ تیار ہے۔

لوبان کوڑیہ ۱ تولہ۔ شب یمانی بریان ۲ تولہ۔ شکر سفید ۱/۲ تولہ ملا کر سانت پڑیہ بنا دیں۔

فوائد :۔ سوزاک کے لئے ایک اکسیری نسخہ ہے جس کے استعمال سے درد جلن وغیرہ پہلی خوراک سے رفع ہو جاتے ہیں ۔

ترکیب استعمال :۔ ایک پوڑیہ ہمراہ مخلول مذکورہ ۲ تولہ ہر چہار گھنٹہ کے بعد پلا دیا کریں۔ سات عرق سوزاک ختم ہو جانے سے پہلے ہی صحت ہو جاوے گی ۔

نوٹ :۔ مریض کو پینے کے لئے برگ شیشم ۵ تولہ چھلکا درخت فالسہ ۵ تولہ چھلکا نخود سیاہ ۵ تولہ ۔ پانی ا سیر بھگو کر رکھ دیں جس وقت پیاس ہو ۔ اس کا زلال لے کر پانچ تولہ پی لیں ۔

کشتہ فولاد

یہ کشتہ فولاد نہایت سہل ترکیب سے تیار ہو جانے والا اور فوائد میں اس قسم کے کئی کشتہ جات سے عمدہ ہے ۔ لطف یہ ہے کہ اس کے تمام اجزا بہت جلد جزو بدن ہو جاتے ہیں ۔ اس لئے یہ کشتہ بہت جلد خون پیدا کر کے رنگت کو مثل انار سرخ کرتا ہے ۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ ہیرا کسیس ا پاؤ ۔ مکھن تازہ ا پاؤ سرہ کو ملا کر ایک کوزہ گلی میں بند کریں ۔ اوپلہ صحرائی ۱۰ سیر کی آگ دیں ۔ سرد ہونے پر نکالیں ۔ نہایت عمدہ خوش رنگ اور مفید الاثر کشتہ برآمد ہوگا ۔

ترکیب استعمال :۔ ا سے ۲ رتی ہمراہ مکھن کھلائیں ۔

طلسم ربی

یہ ایک نہایت معمولی اور حقیر دوا مگر فوائد میں اعلیٰ ادویہ کے ہمسر اپنا اثر دکھانے والی اکسیر ہے ۔ اس کے استعمال کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ رب العالمین نے نہایت معمولی ادویہ میں کیسی تاثیر رکھی ہے ۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے لائق دوا ہے ۔ ایک قابل اخفا نسخہ ہے ۔ مگر نہیں جہاں ہم اپنے ناظرین کو قیمتی سے قیمتی نسخے بھی بتاتے ہیں ۔ وہاں معمولی لاگت سے تیار ہونے والی اکسیرات سے بھی باخبر کرنا ہمارا فرض ہے ۔ دیوبند

نسخہ :۔ پتھر کا کوئلہ جلا ہوا سفید مانند چونا پارچہ بیز کر کے رکھیں ۔

فوائد :۔ دمہ ۔ کھانسی ۔ دق سل پیچش مزمن وغیرہ امراض پر اکسیر کا کام دینے والا تریاق ہے ۔ گندے زخموں کو بہت جلد مندمل کرتا ہے ۔ اندرونی بیرونی قرحات کے لئے نافع ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ کھانسی ۔ دمہ ۔ دق سل کے لئے ۲ رتی ہمراہ شہد چٹائیں فوری اثر دکھاوے گا ۔

پیچش و قروحات اندرونی کے لئے کسی مناسب شربت عرق سے دیں ۔ زخموں کے لئے ویزلین یا مکھن میں ملا کر زخم کو دھو کر لگا دیں ۔

مسہل اکسیری

اکثر دیکھا گیا ہے۔ کہ مسہلات کے استعمال سے قے۔ بے چینی اور دیگر کئی قسم کے عوارضات لاحق ہو جاتے ہیں۔ مگر اس جلاب کے استعمال کے بعد کسی قسم کی گھبراہٹ۔ بے چینی۔ مروڑ وغیرہ نہیں بلکہ نہایت فراغت سے حسب منشاء دست آتے ہیں۔ اور لطف یہ کہ دست آنے کے بعد کسی قسم کی کمزوری یا گھبراہٹ نہیں ہوتی۔ بلکہ طبیعت ہلکی ہو جاتی ہے۔ امراض خبیثہ کے لئے عمدہ جلاب ہے خون کو صاف کرتا ہے۔ بخاروں میں بلاخوف دیا جا سکتا ہے۔ غرضیکہ جہاں قبض کشائی کی ضرورت ہو۔ یہ جلاب ہر مطب میں تیار رہنا چاہیئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ جمالگوٹہ کو چھیل کر پتہ دور کریں۔ اور گھی میں نہایت نرم آگ پر بریان کریں خیال رہے کہ سیاہ نہ ہو جائے۔ بلکہ نیم سرخی کی حالت میں نکال لیں۔ بعد ازاں صاف کر کے جمالگوٹہ مدبر مذکورہ ۱ تولہ کشنیز ۱ تولہ۔ مشک کافور ۳ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ زعفران ۴ ماشہ سب کو ملا کر خوب باریک کر لیں۔ شہد کی مدد سے گولیاں بمقدار نخود بنا لیں۔

فوائد:۔ ایک نہایت عمدہ مسہل ہے۔ جملہ امراض خبیثہ کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ سے ۳ گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔

شربت طلا

آج تک سونا جن صورتوں میں استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ ان سب میں اس کی یہ صورت زیادہ سریع الاثر اور مفید ثابت ہوئی ہے۔ اس قیمتی دھات کے فوائد عرصہ دراز سے مسلم ہیں۔ درحقیقت جسم کی ہر قسم کی کمزوری کے لئے سونا ایک خاص چیز ہے۔ اس کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ کہ فوراً خون میں جذب ہو کر اپنا اثر شروع کر دیتی ہے۔ اعضاء رئیسہ پر اس کا جلد اثر معلوم ہوتا ہے۔ سل اور دق کے مریضوں کو خاص درجہ کیساتھ استعمال کرانے سے اس میں مرض کے خلاف توانائی پیدا ہوتی ہے ضعف باہ وغیرہ کے مریض اس سے خاص فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ ورق طلا ۶ ماشہ۔ نمک کا تیزاب ۶ ماشہ۔ تیزاب شورہ ۴ ماشہ کسی شیشی میں ڈال کر ملائیں۔ پڑے پڑے کئی دن میں تمام سونا حل ہو جاوے گا۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ شامل کریں۔

محلول مذکورہ ۱۲ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۱ بوتل (تین پاؤ) ملا کر اس میں مصری ۱½ سیر حل کر کے قوام درست کریں۔ قوام مذکورہ فی سیر میں فرائی ایٹ کونین سائٹریس ۱ تولہ۔ ٹنکچر نکس وامیکا ۱ تولہ شامل کریں

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح و شام پلا دیا کریں۔

فوائد:۔ ضعف اعضاء رئیسہ۔ مقوی بدن۔ مولد خون۔ مقوی باہ۔ ہر قسم کی کمزوری۔ دق سل کو نافع ہے

شربت مروارید

یہ کیمیاوی طریق سے بنایا ہوا موتیوں کا پانی ہے۔ نہایت لطیف بیضرر اور مفید چیز ہے۔ ضعف قلب اور عامہ کمزوری میں اس کے فوائد قابل اعتماد ہیں۔ آلات ہضم پر اس کا اثر خاطر خواہ پایا گیا ہے۔ موتی جھرا اور تقویت قلب کے لئے خاص چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :- مروارید ناسفتہ ۹ ماشہ ۔ آب لیموں ۵ اتولہ ۔ میں حل کرنا شروع کریں۔ حتیٰ کہ بالکل حل ہو جاویں۔ چھان کر محفوظ رکھیں۔ محلول مذکور ۔ اتولہ ۔ کھانڈ ½ سیر ۔ عرق گاؤزبان ۱ پاؤ ۔ حسب دستور قوام بنا دیں۔

ترکیب استعمال :- اتولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۴ تولہ ۔

فوائد :- مقوی قلب ۔ ضعف دماغ ۔ ضعف اعضاء رئیسہ ۔ مقوی باہ ۔ موتی جھرہ اور بخار میں مفید ہے۔

مقوی باہ گولیاں

یہ گولیاں اعلیٰ درجہ کی مقوی ممسک ہیں۔ سرعت کو دور کرتی ہے۔ باہ کو قوت دیتی اور لذت و تفریح کا سامان پیدا کرتی ہیں۔ ایک دفعہ کا تجربہ ان کی خوبیوں کو ظاہر کر دے گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت :- خاکستر عقرب ۴ عدد ۔ افیون ۔ مشک ۔ جوز بوا ۔ قرنفل ۔ زعفران ۔ فلفل ۔ زنجبیل ہر ایک ۴ ماشہ ۔ جدوار ۔ زہر مہرہ مکہ ۱ ماشہ ۔ شیر برگ دھتورہ سے کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔

فوائد :- مقوی باہ ۔ ممسک ۔ مقوی اعصاب اور کمزوری عامہ کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال :- ایک گولی ہمراہ دودھ ۱ گھنٹہ پیشتر۔

روغن جیون بوٹی

یہ اکسیر اعظم عالیجناب حکیم محمد علی خاں صاحب طبیب خاص مہاراجہ بہادر کشمیر ریاست کے خاص مجربات سے ہے۔ حکیم صاحب کے اشتہارات اور بیان کے مطابق بیس لاکھ نامردی کے مریض صرف اس دوا کی بدولت صحت یاب ہو گئے۔ آپ کے بعد مختلف اصحاب نے اس کو مشتہر کیا۔ کئی نسخہ جات بھی شائع کئے۔ گو نامکمل ہمارے ایک کرم فرما نے ہمیں حکیم صاحب کی خاص الخاص سے حاصل شدہ نسخہ عطا فرمایا ہے۔ جسے ہم ناظرین کی خاطر درج کر دیتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت :- سم الفار ۶ ماشہ ۔ ننگ چھکنی ۲ تولہ ۔ زعفران اتولہ ۔ جوز بوا اتولہ جلوتری اتولہ ۔ پوست بیخ اونٹ کٹارا ۳ تولہ ۔ لوبان اتولہ ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے ایک ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھیں۔ چار سیر دودھ بھینس اور دو سیر پانی میں ابالیں۔ حتےٰ کہ پانی خشک ہو کر

صرف دودھ رہ جائے۔ خامن دے کر مکھن نکالیں۔ بعد ازاں گرم کرکے گھی بنالیں۔ گھی بناتے وقت رتن جوت ۱ ماشہ بقدر شامل کرلیں تاکہ سرخ رنگ ہوجائے۔

فوائد:- مولد خون۔ محمر لون اور مقوی جگر خون پیدا کرکے رنگ کو سرخ کرتی ہے۔ نہایت عمدہ ہے

ترکیب استعمال:- چار قطرے دودھ میں ملاکردیں۔

معجون فرائٹ

عالیجناب حکیم محمد سعید صاحب مرحوم روڑس سیالکوٹ کے خصوصی مجربات کا ایک تحفہ جو بلا مبالغہ سینکڑوں ہیں ہزاروں مریضوں نے استعمال کی ہوگی۔ اور جسکے جادو بھرے اثر سے دنیا معترف ہے اس کا خاص الخاص نسخہ ہمارے ایک کرم فرمانے ہمیں عطا فرمایا۔ جو ناظرین کی خاطر درج کیا جاتا ہے

اجزاو ترکیب ساخت:- آملہ تازہ گٹھلی دور کردہ تین پاؤ کو ایک سیر گائے کے دودھ میں رات کو ترکریں۔ صبح کو دھو کر صاف کریں۔ کہ دودھ کی آلائش نہ رہے۔ پھر دو سیر پانی میں جوش جب پانی نصف حصہ رہ جائے۔ مل کر چھلنی سے چھان لیں پھر کھانڈ ڈیڑھ پاؤ۔ شہد ڈیڑھ پاؤ اس میں ملاکر قوام پکائیں۔ اور بعدہٗ حسب ذیل ادویہ کا سفوف بنا کر اس میں آمیز کرلیں۔

طباشیر ۳ ماشہ۔ کشنیز ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ خولنجان ۳ ماشہ۔ تج ۳ ماشہ۔ لونگ ۵ ماشہ کچور ۱ ماشہ۔ گلسرخ ۶ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ نیم؟ ۱ ماشہ۔ کونین سائٹراس ۱ تولہ۔

فوائد:- مقوی معدہ۔ مقوی جگر اور مفرح ہے۔

ترکیب استعمال:- ۶ ماشہ۔

ککرین

یہ ایک اشتہاری دوا ہے۔ جو اسی نام سے عام بازار میں ملتی ہے۔ ہمارے ایک کرمفرمانے بہت محنت سے اس کا نسخہ حاصل کرکے مرحمت فرمایا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

اجزاو ترکیب ساخت:- توتیا سبز ۱ ماشہ۔ پھٹکڑی سفید ۱ تولہ۔ سونامکھی ۱ تولہ۔ ہیرا کسیس ۶ ماشہ۔ کشتہ جست ۲ تولہ۔ صمغ عربی ۶ ماشہ۔ نمک چٹکنڈ ۶ ماشہ۔ سرمہ سفید ۲ تولہ۔ سب کو آب لیموں ۱ تولہ سے کھرل کرکے خشک مانند سرمہ بنادیں۔

فوائد:- جملہ امراض چشم کیلئے اور خصوصاً ککروں کیلئے مفید ہے۔ بطور سرمہ استعمال کریں۔

اکسیر اعلیٰ

ہزاروں ممسک و مقوی ادویات سے ہزار درجہ عمدہ چیز ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی و ممسک اور

عمدہ چیز ہے ۔

اجزاو ترکیب ساخت :۔ سنکھیا تیلیہ مدبر ۲ ماشہ ۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ ۔ جدوار خطائی ۱ تولہ ۔ تخم الفار ۳ ماشہ ۔ افیون ۱ ماشہ ۔ جوز بوا ۱ تولہ ۔ عقرقرحا ۱ تولہ ۔ تخم بھنگ ۳ تولہ ۔ ڈنگ بچھو ۱ عدد ۔ زنبور کا ڈنگ ۱ عدد ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنادیں ۔

فوائد :۔ یہ گولیاں اعلیٰ درجہ کی ممسک اور مبہی ہیں ۔ اکثر مزاجوں پر یکساں اثر کرتی ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ ۱ گولی بوقت ضرورت ہمراہ دودھ استعمال کریں ۔

محافظ

اجزاو ترکیب ساخت :۔ زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ ۔ کہربا قلمی ۔ صدف مروارید ی ۔ گل ارمنی ۱ تولہ ۔ شاخ مرجان ۔ طباشیر ۔ دانہ ہیل ۔ سنگ یشب سبز ہر ایک ایک تولہ ۔ تمام ادویہ کو عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کرلیں ۔

فوائد :۔ حمل کی حفاظت کرتی ہے ۔ خفقان ۔ اسقاط حمل ضعف قلب کو نافع ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ حمل کے دو ماہ کے اندر ۱ ماشہ روزانہ صبح ہمراہ عرق گاؤزبان ۔

اکسیر صرع

ایک سنیاسی بزرگ کا عطیہ اور نہایت لاجواب نسخہ ہے ۔ اس کو جہاں استعمال کیا گیا بفضل خدا پچانوے فی صدی کامیابی ہوئی ۔ چونکہ ہر ایک نسخہ کو آپ کے سامنے بلا بخل پیش کرنے کی قسم اٹھا رکھی ہے ۔ اس لئے آج یہ تحفہ بھی حاضر ہے ۔

اجزاو ترکیب ساخت :۔ کرم بیٹی نشتر ۴ عدد ۔ ٹڈا مدار ۴ عدد ۔ کنکھجورا ۴ عدد سب کو پرانے جوتے کے چمڑے کے درمیان دیکر گل حکمت کر کے چار سیر کی آگ دیں ۔

راکھ مذکور تمام میں کشمیری بچھڑہ ۱ تولہ ۔ گل کنیر سفید ۱ تولہ ۔ تمباکو تلخ ۱ تولہ ۔ استخوان سر انسان ۱ تولہ کچھوے کی کھوپری ۱ تولہ ۔ مرزنجوش سفید ۹ ماشہ ۔ سب کو باریک مانند نسوار بنادیں ۔

فوائد :۔ صرع کا کامیاب نسخہ ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ ہر چار یوم کے بعد بقدر ۴ سرخ نسوار دیا کریں ۔ اور کھانے کے لئے ذیل کی گولیاں بنادیں ۔

حَبْ صرع

اجزاو ترکیب ساخت :۔ پراسیب عربی ۱ تولہ ۔ عود ۱ تولہ ۔ عقرقرحا ۱ تولہ ۔ انسانی کھوپری کی ہڈی ۱ تولہ ۔ مویز منقیٰ ۱ تولہ ۔ مشک خالص ۴ رتی شہد میں گولیاں نخودی بنادیں ۔ روزانہ ۱ گولی

ہمراہ پانی کھلائیں ۔

لذّاتی

ملذذات کی سرتاج ۔ عیش کا مخزن ۔ طاقت کو دو بالا کرنے والی اکسیر اس قسم کی تمام ادویات کی سرتاج ایک طبیب کی سالہا سال کی محنت کا نچوڑ ۔ ایک والئے ریاست کی خاص چیز جو ہمیں ایک کرم کی عنایت سے حاصل ہوئی ۔ خدمت عالیہ میں حاضر ہے ۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ عطر گلاب خالص ۱ تولہ ۔ بیضہ مرغ ۴ عدد ۔ مشک خالص ۳ ماشہ کافور ۳ ماشہ عطر حنا ۲ ماشہ ۔ روغن عقرقرحا ۲ ماشہ ۔ روغن جمالگوٹہ ۴ قطرہ سب کو ملا کر یک جان کر کے آتشی شیشی میں ڈال کر پلاؤ پکتے ہوئے میں شیشی مذکور دم دیتے وقت منہ بند کر کے رکھ دیں ۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں ۔

فوائد :۔ اس کے فوائد استعمال پر معلوم ہوں گے ۔

ترکیب استعمال :۔ بوقت ضرورت دو قطرے استعمال کریں ۔

نعمت

اولاد نرینہ واقعی دنیا میں ایک نعمت ہے ۔ اِس دوا کے استعمال سے بفضل خدا لڑکا پیدا ہوتا ہے ۔ میں نے اسے اکثر جگہ پر استعمال کرایا ہے ۔ بیحد مفید ثابت ہوا ہے ۔ اس دوا کا استعمال اس نعمت سے مالامال کر دیگا جن لوگوں کے ہاں لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں ۔ وہ اس دوا کو استعمال کریں ۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ کشتہ مرجان ۲ ماشہ ۔ کشتہ عقیق ۲ ماشہ ۔ ورق نقرہ ۱ ماشہ ۔ کشتہ یشب ۲ ماشہ ۔ کشتہ زہر مہرہ سبز ۲ ماشہ ۔ ورق طلا ۱ ماشہ ۔ طباشیر ۳ ماشہ ۔ الائچی سبز ۳ ماشہ ۔ کہربا ۳ ماشہ ۔ مروارید ۱ ماشہ ۔ درونج عقربی ۴ ماشہ ۔ زرنباد ۴ ماشہ ۔ عرق بید مشک ۱ پاؤ ۔ روح کیوڑہ ۱ پاؤ ۔ تمام کو ملا کر تیار کریں ۔

فوائد :۔ اولاد نرینہ پیدا کرنے کیلئے اکسیر ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ حمل کے چالیس یوم ۲ ماہ کے بعد ایک رتی روزانہ صبح ہمراہ شربت انار شیریں ۲ تولہ ۔ عرق بید مشک ۴ تولہ استعمال کریں ۔ یہ تمام دوا ایک مریضہ کیلئے کافی ہے ۔

کنٹرولیون

حمل اختیاری کے لئے اِس وقت بیشمار طریقے رائج ہیں ۔ مگر سب میں کوئی نہ کوئی نقصان ضرور ہوتا ہے ۔ یہ ایک لاثانی اکسیر ہے ۔ وہ جس کے استعمال سے حسب خواہش پانچ تک حمل قرار

نہیں پاتا۔ آج ناظرین کی نذر کیا جاتا ہے۔ یہ دوا سہل الحصول اور بے ضرر ہے ہو ہذا

اجزا و ترکیب ساخت:۔ گل کریر سفید (جو عموماً جنگل میں ملتا ہے جس کے پھل کا اچار بناتے ہیں) جسے پنجابی زبان میں ڈیلے کہتے ہیں۔ اس کے پھول خواہ خشک ہوں یا تازہ بطور ساگ پکالیں اول جتنے سال تک حمل روکنا ہو۔ اتنی کوڑی زرد جو باریک زردی مائل بقدر دانہ نخودی ہوتی ہیں حیض سے فراغت کے بعد غسل کرکے فوراً اتنی کوڑیاں نگلوادیں۔

شام کو اسی ساگ کے ہمراہ روٹی کھلادیں بحکم خدا اتنے سال حمل نہ ہوگا۔

اکسیر ناسور

یہ دوا ہر قسم کے ناسور۔ گھمبیر پھوڑا پھنسی۔ زخم کے لئے تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے۔ تریاق کامل کا حکم رکھتا ہے جہاں استعمال کی گئی بفضل خدا مفید ثابت ہوئی۔ علاوہ ازیں چنبل۔ داد کے لئے بھی نافع ہے۔ یہ ایک خاص الخاص اکسیری تحفہ ہے۔ اس کی قدر آپ کو اس کے استعمال کے بعد ہوگی۔ کہ طبیب حاذق کے ذریعہ ہمیں کیسے گوہر نایاب حاصل ہورہے ہیں۔ جراحوں کی جان ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ بیروزہ تر ۳ تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔ دونو کو حل کرلیں۔ فینائل ۱۰ تولہ۔ کاربالک ایسڈ ۲ ماشہ۔ مشک کافور ۲ تولہ۔ روغن تارپین ۵ تولہ۔ صبر زرد ا تولہ۔ توتیا سبز ۳ ماشہ۔ موم ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو یک جان کرکے حل کرلیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ بوقت ضرورت روئی کے پھاہے کو تر کرکے زخم پر لگادیں۔ انشاءاللہ بہت جلد زخم کو بھر دے گا۔

ناسور۔ گھمبیر کے لئے روئی کی بتی بناکر اس کو چپڑ کر زخم میں رکھدیں۔

جگری

جگر کی تمام امراض ضعف جگر عظم جگر۔ کمی خون بھبس۔ یرقان کیلئے بیحد مفید چیز ہے۔ چند دن کے استعمال سے گئے گزرے مریض کا رنگ مثل انار ہوجاتا ہے۔ مریض کو طاقت ور اور سرخ رنگ کرنا اس کا ادنےٰ کرشمہ ہے۔ وھو ہذا۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ ایک تربوز وزنی ۸ سیر لیکر اس میں سوراخ کرکے برادہ فولاد خالص ۵ تولہ۔ الائچی سبز ۵ تولہ۔ مجیٹھ ۵ تولہ۔ ہلیلہ کابلی ۵ تولہ۔ اجوائین ۵ تولہ۔ سب کو باریک کرکے تربوز میں داخل کرکے منہ بند کرکے اس کے مٹی کا لیپ خوب کردیں۔ اور چالیس یوم تک گرم جگہ دفن کریں۔ چالیس یوم کے بعد نکال کر گودہ وغیرہ ایک جگہ کرکے مسل کر کپڑ چھان کرلیں۔ اس عرق کو وزن میں دگنے وزن کی مصری ملاکر قوام درست کریں۔

فوائد:۔ مقوی جگر اعلےٰ درجہ کی ہے۔ خون بیحد پیدا کرتا ہے۔ رنگ کو مانند انار سرخ کرتا

ہے۔ رنگ کی زردی۔ ضعف جگر۔ بھس۔ یرقان کو دور کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔
ترکیب استعمال :۔ ۱ تولہ صبح و شام پلا دیا کریں۔ دورانِ استعمال میں نمک مرچ سے پرہیز کرائیں۔ صرف دودھ گھی چوری کھلائیں۔

اکسیر سوزاک

نئے اور پرانے سوزاک میں نہایت اکسیر الاثر ہے۔ اجزا سہل الحصول اور کم قیمت ہیں جناب حکیم محمد حیدر عرف محمد زبیر الدین صاحب حیدر آبادی کا عطیہ جو جو پانچ ہزار مریضوں پر آزمایا جا چکا ہے۔ جو مفید ثابت ہوا۔
اجزاء و ترکیب ساخت :۔ ست بہروزہ ۱ ماشہ۔ ٹینک ایسڈ (ست مازو) پھٹکڑی ۱ ماشہ میں نے اس میں ریوند خطائی ۱ ماشہ زائد کر دی ہے۔
یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی دو خوراک صبح و شام دودھ کی لسی کے ہمراہ دیں۔
فوائد :۔ تین یوم میں ہر قسم کے سوزاک کو نفع دیتا ہے۔

جادو کا تیل

یہ میرا مجرب نسخہ ہے۔ بنانے میں نہایت آسان اور کھانے میں نہایت قلیل المقدار اور جادو اثر ہے۔ اس نسخہ کو میں تقریباً سات سال سے بنا کر استعمال کر رہا ہوں عجیب الاثر دوا ہے
اجزاء و ترکیب ساخت :۔ سم الفار سفید ۱ تولہ۔ گلیسرین خالص ۲½ تولہ۔ تام چینی کی پیالی ایک عدد۔ آگ کوئلہ کی یا سپرٹ لمپ۔ اول سم الفار کو باریک سفوف کی شکل میں تیار کر رکھیں۔ اور گلیسرین کو تام چینی کی پیالی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب اُبلنے لگے۔ تو سم الفار باریک شدہ ڈال کر فوراً نیچے اتار لیں۔ جب ذرا جوش سرد ہونے لگے۔ تو پھر آگ پر رکھ دیں۔ لیکن پھر جب جوش سرد ہونے لگے۔ تو پھر آگ پر رکھ دیں۔ لیکن پھر جب جوش آنے لگے۔ تو نیچے اتار لیں۔ دو ہی بار کے عمل سے تمام سم الفار حل ہو جائے گا۔ اگر دو بار میں تمام حل نہ ہو۔ تو ایک دو بار اور یہی عمل کریں۔ تمام سم الفار حل ہو جائیگا۔
ہدایات :۔ (۱) آگ دیتے وقت خیال رکھنا چاہیئے کہ زیادہ جوش نہ آئے۔ ورنہ سم الفار اڑ جائے گا۔ (۲) چونکہ اس کے بخارات میں سم الفار ہوتا ہے۔ اس لئے بخارات سے آنکھوں کو بچانا چاہیئے۔ (۳) اس دوا کو اگر خوش رنگ بنانا مطلوب ہو۔ تو تھوڑی سی مقدار میں زعفران ڈالکر گرم کریں۔ (۴) چونکہ اس دوا کے ایک رتی وزن میں ۱/۴ حصہ سم الفار خالص موجود ہے۔ اس لئے اس کو نہایت احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے۔ اگر اس کو ذرا کمزور کر کے استعمال کرنا چاہیئے۔ تو اسی وزن دوا میں ۲½ تولہ خالص گلیسرین ملا کر ایک دس سے محلول حاصل کر لیں۔ ایسی صورت

ہیں تقریباً ۱/۲ حصہ سم الفار موجود ہوتا ہے۔ جو کہ اندرونی استعمال کیلئے موزون ہے
فوائد:۔ یہ اعلیٰ درجہ کی مصفی خون۔ جرم کش محرک و مقوی دوا ہے۔ بلغم۔ بواسیر۔ خنازیر۔ عرق النساء کیلئے بھی مفید ثابت ہو چکی ہے۔ ہر قسم کے درد مثلاً درد ریح۔ ذات الجنب۔ ذات الصدر۔ مفاصل۔ نقرس۔ درد لپشت وغیرہ پر مالش کر کے اوپر روئی لپیٹ دیں۔ طلاءً استعمال کرنے سے چند روز میں ابھری ہوئی رگیں بالکل درست ہو جاتی ہیں۔ اور فاسد منجمد مادہ تحلیل ہو جاتا ہے بیرونی طور پر روغن گوگرد میں ملا کر لگانے سے سرطان۔ گھمبیر۔ خنازیر۔ بواسیری۔ مسے۔ داد۔ چنبل وغیرہ وغیرہ پر بھی کافی حد تک مفید ثابت ہوا ہے۔ علاوہ ازیں فالج۔ لقوہ وغیرہ پر اسکی مالش خالص حالت میں یا کسی مناسب روغن میں ملا کر کرنے سے عجیب الاثر ہے۔ اور برائے دمہ دکھانسی بلغمی۔ شہد یا پان کے پتہ میں لگا کر صبح و شام بعد از ناشتہ دینا نہایت ہی مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔ مکھن میں رکھ کر دینا بواسیر کے لئے بھی مفید ہے۔ برائے ضعف باہ لقوہ اور بزنگ و ضعف اعصاب ہمراہ شوربا چوزہ مرغ یا زردی بیضہ مرغ میں دیں عجیب الاثر ہے۔ خنازیر سرطان۔ بھگندر۔ آتشک وغیرہ وغیرہ امراض میں بھی مناسب بدرقہ سے دیا گیا۔ واقعی عجیب چیز ہے
نوٹ:۔ چونکہ سم الفار زہر قاتل ہے۔ اس لئے اس کے استعمال میں خاص احتیاط سے کام لینا چاہیئے۔ عمر۔ طاقت۔ موسم کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ نہار منہ ہرگز نہ کھائیں۔ پہلے ناشتہ ضرور کریں۔ اور لگاتار دوا کو ہرگز استعمال نہ کریں۔ ہفتہ عشرہ کے بعد ضرور چند دن کا ناغہ بھی کریں۔

اکسیر درد گردہ

ایک منٹ میں فائدہ کرتا ہے۔ اور عمر بھر میں دوبارہ عود نہیں کرتا۔ یہ اکسیری تحفہ ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت:۔ پھٹکڑی سرخ۔ نوشادر۔ سوہاگہ۔ قلمی شورہ ہر ایک ایک تولہ بڑھال ۲ ماشہ۔ سنگ یہود ۱ تولہ۔ سرز چینی۔ چڑھ خرنٹی ہر ایک چھ ماشہ۔ مصری کوزہ۔ پہلی تینوں دواؤں کو بار یک کر کے ایک کوزہ میں نصف نیچے اور نصف اوپر درمیان میں قلمی شورہ بند کر کے ۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو جائیگا۔ باریک پیس کر باقی ادویات شامل کر کے خوب کھرل کر کے رکھیں۔ بس تیار ہے۔
ترکیب استعمال:۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ مقام ماؤف پر زردی بیضہ مرغ ایک عدد مرچ سیاہ دس عدد باریک حل کر کے لیپ لگائیں۔ درد کافور ہوگا۔ درد گردہ کیلئے بہترین دوا ہے

تریاق بواسیر

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ بل کتھ اصلی حسب ضرورت لے کر پوست وغیرہ سے صاف

کرلیں۔ اور گودہ کو نکال کر آٹے میں ملفوف کر کے آگ بغیر دھواں میں پکائیں جب آٹا یک کر سرخ ہو جائے تو بیچ میں سے پل کنفذ نکال کر گرم گرم ہی کوٹنی شروع کر دیں۔ حتیٰ کہ مانند … کے بن جائے۔ اب اس کو محفوظ رکھیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ بوقت صبح ہمراہ شیر بھیڑ تازہ استعمال کریں۔ اور سوہاگہ سکر شگفتہ کو مسکہ صد بار شستہ میں حل کر کے مسّوں پر لگائیں۔ اگر متواتر چالیس یوم یہ علاج کیا جائے جس پر بہت کم خرچ آتا ہے۔ تو شرطیہ آرام ہو جاتا ہے۔

فوائد:۔ مریض درد مسّوں سے ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا ہو۔ تو پہلی خوراک سے ہی آرام کی نیند سوتا ہے۔ یہ عجیب چیز ہے۔

اکسیر پائیوریا

اجزا و ترکیب ساخت:۔ برگ سداب ۵ تولہ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ۔ چونہ ۲ تولہ۔ سرکہ تند حسب ضرورت۔ پہلی ہر سہ ادویہ کو باریک پیس کر سرکہ کے ساتھ کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے آگ میں پھینک دیں۔ جب کوزہ سرخ ہو جائے تو نکال کر ٹھنڈا ہونے پر ادویات راکھ شدہ کو نکال کر باریک پیس کر بحفاظت رکھیں۔

فوائد:۔ پائیوریا کے لئے اکسیر ہے۔ خواہ دانتوں کی جڑیں ننگی ہو گئی ہوں۔ دانت ہلتے ہوں بدبو آتی ہو۔ درد ہوتا ہو۔ دانتوں کو پانی سرد محسوس ہو کر تکلیف دیتا ہو۔ سب تکالیف دور ہو کر بالکل صحت ہو جاتی ہے۔ ترکیب استعمال:۔ صبح و شام دانتوں پر ملا کریں اور لعاب گراتے جائیں۔

اکسیر ملیریا

اجزا و ترکیب ساخت:۔ کپاس کے پھول اور اس کی جڑ کا چھلکا۔ مغز بنولہ۔ مغز برگد۔ برابر وزن لیکر دو چند شیر مدار میں تر کر کے خشک کر لیں پھر جلا کر خاکستر (راکھ) تیار کر لیں۔ اور بدستور معروف نمک تیار کر لیں پھر ثقل اور جوہر ملا کر جوہر اڑا لیں۔ پھر تیسری مرتبہ بھی یہی عمل کریں۔ حتیٰ کہ ثقل کچھ نہ رہے بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک رتی مناسب عرق یا پانی کیساتھ دیں۔

فوائد:۔ ملیریا کی جملہ اقسام کیلئے عجیب الاثر اور بےنظیر ہے۔ اور کوئی انگریزی و یونانی ویدک دوا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی ہے۔ علاوہ ازیں تمام تپوں میں مناسب بدرقات کیساتھ نافع اور سودمند ہے۔

طلا ہیرے والا

اجزا و ترکیب ساخت:۔ علیٰحدہ سرکہ انگوری خالص۔ شہد خالص۔ کانسی کا برتن

اول حلبتت حسب ضرورت لیکر اتنے سرکہ انگوری خالص میں حل کریں۔ جب اچھی طرح حل ہو لے پھر کسی موٹے کھدر کے کپڑے میں چھان کر نرم آگ پر غلیظ قوام کریں۔ بعدہٗ کانسی کے تھال میں عرق [illegible] کانسی کے کٹورے سے خوب رگڑیں۔ کہ قوام سخت غلیظ ہوجائے۔ بعدہٗ تھوڑا تھوڑا شہد ڈال کر کئیں یوم تک کھرل کریں جس قدر بھی شہد خرچ ہو اور ڈالتے جائیں جتنی کہ قوام لیپ کی طرح ہوجائے۔

فوائد:۔ عجیب الاثر ممسک اعصابہ ہے جس اعضار پر ضماد کیا جائے۔ دوران خون کو نفع پہنچاتا ہے۔ اور تازہ خون خوب دورہ کرنے لگتا ہے۔ اور کمزور شدہ اعضار میں از سر نو قوت آجاتی ہے فالج۔ لقوہ یا کسی اعضار کا خشک ہوجانا یا سکڑ جانا اعضائے تناسل کو باقاعدہ غذا نہ ملنے یا ناجائز طور پر استعمال ہوتے رہنے سے رگوں کے کمزور ہوجانے کی وجہ سے غذا غیر مکمل کے ملنے سے کمزور لاغر اور ٹیڑھا پن وغیرہ ہوجانے کے لئے عجیب نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال:۔ پہلے عضو خاص کو گرم پانی اور صاف موٹے نرم کپڑے سے خوب صاف کریں۔ بعدہٗ انگلی کی مدد سے ہلکا ہلکا لیپ لگائیں اور ۱۲ گھنٹے کے بعد اتار کر گرم پانی سے دھوئیں

نوٹ:۔ اگر اعضائے تناسل پر لیپ کرنا ہو تو حشفہ سیون چھوڑ دیں۔ اس کے استعمال سے سوئی کی طرح چبھن محسوس ہوگی۔ لیکن آبلہ وغیرہ کچھ نہ ہوگا۔ ایک ہفتہ کا استعمال بحکم خدا تعالیٰ بالکل ناکارہ آدمی کو مرد کامل بنا دے گا۔

اکسیر اعظم

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ جند بیدستر۔ سم الفار۔ سم الفار سیاہ ملد تولہ۔ سیماب ۲ تولہ سیماب ۲ تولہ۔ نمک تھرب ۳ تولہ۔ نمک چرچٹہ ۳ تولہ۔ اِن تمام ادویہ کو۔ ۳ گنا عرق میں دو ہفتہ سحق کریں پھر مغز گھیکوار میں ۱۵ یوم۔ پھر آب آکاس میں ۱۵ یوم کھرل کر کے غلولہ سا بنا کر بھنگ سبز آدھ سیر کے نغدہ میں رکھ کر۔ ۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ بس کشتہ تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال:۔ خوراک ایک برنج سے ۲ برنج تک ہمراہ مسکہ یا بالائی۔ بیس سال سے کم عمر کا مریض ایک چاول اور ۴۰ سال کا ۲ چاول کھا سکتا ہے۔ دودھ گھی بکثرت استعمال کریں۔

فوائد:۔ اس دوا کا استعمال تمام کمزوریوں کو رفع کر کے بوڑھوں کی قوت زائلہ کو دوبارہ نوجوان کی طرح انشاء اللہ کر دیتا ہے۔ مجنین اور مجلوق کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

مہک لوشن

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ زہرہ گاؤ ۱ عدد۔ زعفران ۲ ماشہ۔ مرکی ۳ ماشہ سب کو کانچ کی ڈاٹ والی شیشی میں ڈال کر تین روز دھوپ میں رکھیں۔ پھر صاف ایک ایک قطرہ آنکھوں میں ڈالیں شبکوری۔ دھند کیلئے مفید ہے

نامردی کا مکمل علاج

یہ ایک مشہور طبی کمپنی کا نسخہ ہے۔ جو اس مکمل سٹ کو ہمیں روپیہ میں فروخت کرتے ہیں کہ ۔۔۔ میں ایک شیشی سفوف اور ایک شیشی طلا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی زیرناف ۔۔ و لایعنی چیزیں ۔۔ کوئی مقصد نہیں سمجھی جاتی ہیں۔ بہرکیف ایک مفید چیز ہے۔

ہمارے کرمفرما جناب حکیم منوہر لال جین انجینیئر نے یہ نسخہ حاصل کر کے ہمیں بذریعہ ڈاک ارسال فرمایا ہم نے بھی چند مریضوں پر تجربہ کرنے کے بعد اسے مفید پایا۔ ناظرین کی خاطر یہ تحفہ پیش بہا پیش کیا جاتا ہے۔ گو اجزا معمولی ہیں۔ مگر فوائد میں بے نظیر اثرات رکھتے ہیں۔ ناظرین کرام آئندہ ہماری محنت کی داد دیں۔ اور معطی صاحب کے مشکور ہوں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ زنجبیل عمدہ ۱۲ تولہ کو تین یوم پانی میں بھگولیں۔ پانی ہر روز تبدیل کرتے رہیں۔ تین یوم کے بعد خشک کر کے سفوف بنالیں۔ سفوف مذکورہ ۹ تولہ۔ سورنجاں شیریں ۹ تولہ۔ کھانڈ ۱۸ تولہ سب کو ملا کر ۴۸ خوراک بنالیویں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک پڑیہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد:۔ مقوی باہ ممسک۔ مغلظ منی اور نامردی کا اکسیری علاج ہے۔

نسخہ طلا

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۳ گرین۔ آیوڈین ۲ گرین۔ پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۳۰ گرین۔ اسٹرکنیا ۱ گرین۔ ولیسلین ایک اونس سب کو حل کر کے یکجان کریں۔ ۲۶ روز روزانہ بن ران پر مالش کریں۔ روزانہ اُسترا سے بال صاف کیا کریں۔

فوائد:۔ مردہ رگوں میں دوبارہ زندگی لانے والا جادو اثر طلا ہے۔ آزمائیں اور دعا سے خیر سے یاد کریں۔

ذیابیطس

علامہ حکیم نورالدین صاحب قادیانی کے مطب کا خاص الخاص نسخہ جو آپ نے ہمارے محترم علامہ حکیم شمس الدین صاحب مرحوم سکنہ چوکنانوالی جو اپنے وقت کے مجدد طب تھے عطا فرمایا۔ اور آپ نے از راہ کرم یہ بے نظیر تحفہ ہمیں عطا فرمایا۔ جو آزمائش میں بے نظیر ثابت ہوا نسخہ مبارک یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ کشتہ فولاد جستہ جامن ۶ ماشہ۔ زرد چوب خام ۱ تولہ۔ ست گلو ۱ تولہ۔ ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۳ ماشہ۔ کونین ۶ ماشہ۔ سقمونیا ۴ ماشہ۔ کپادل ۳ ماشہ

افیون ۳ ماشہ ہمراہ جوشاندہ پوست پپیل دیں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کا ایک کامل و مکمل علاج ہے۔

باسوری

دہلی کے ایک مشہور دواخانہ کی اشتہاری دوا جو مفید ثابت ہونے پر نہایت کثرت سے فروخت ہوتی ہے۔ دواخانہ کا دعوےٰ ہے کہ یہ دوا اپنے اثرات کے لحاظ سے نہایت کامیاب ادویہ میں شمار کی جاتی ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ نمک ادبلہ صحرائی ۴ ماشہ۔ مغز تخم نیم ۱ تولہ۔ مغز تخم بکائن ۱ تولہ۔ برگ نیم ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ۔ چاکسو ۱ تولہ۔ رسوت ۱ تولہ۔ سب کو ملا کر حبوب بقدر ۴ رتی بنادیں۔

فوائد:۔ بواسیر ہر قسم کا ایک اکسیری علاج ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ آب مولی چار تولہ کھلائیں۔ آب مولی میں شکر سرخ حل کی گئی ہو۔ مفید ہے۔

اوجاعی

معلےٰ القاب حضرت علامہ شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے مطب کا خاص نسخہ جو موصوف ازراہ کرم بخشی آپ نے اس خاکسار کو عطا فرمایا تھا۔ آج ناظرین کی خاطر نذر کیا جاتا ہے نسخہ مبارک یہ ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ افیون ۶ ماشہ۔ شنگرف رومی ۶ ماشہ۔ چاکسو ۱ تولہ۔ بھلاوہ تلیہ ۱ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ رسوت ۱ تولہ۔ کچلہ مدبر ۱ تولہ۔ گوگل ۴ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ سورنجاں شیریں ۱ تولہ۔ صبر زرد ۱ تولہ تمام ادویات کو یک جان کرکے کوٹیں کہ یک جان ہو کر گولی بننے کے قابل ہوجائے۔ گولیاں بقدر دانہ نخود بنادیں۔

فوائد:۔ اوجاع جملہ اقسام خصوصاً وجع المفاصل۔ نقرس۔ عرق النسا کا ایک کامیاب نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ گھی گرم شدہ ۲ تولہ بعد از ناشتہ دیں۔

کبدی

یہی وہ نسخہ ہے۔ جو دہلی کا ایک دواخانہ بڑے بڑے اشتہاروں کے ساتھ پیش کر رہا ہے اس کے مفید ہونے کے متعلق بے شمار تصدیقی خطوط پیش کئے جاتے ہیں۔ ہمارے ایک کرم فرما دوست

حکیم محبوب عالم صاحب نے اس نسخہ کو نہایت کاوش سے حاصل کیا اور ہمیں عطا فرمایا۔ جہاں تک اس نسخہ کی آزمائش کی گئی نہایت سریع الاثر اور مفید ثابت ہوا نسخہ یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ افسنتین ۵ تولہ۔ زرنباد ۵ تولہ۔ ریوند چینی ۵ تولہ۔ شورہ قلمی ۵ تولہ۔ سوڈا بائی کارب ۱۰ تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ۔ سم الفار ۲ ماشہ۔ فرائی ایٹ کوئین سائٹرا (۲)، ۲½ تولہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔

فوائد :۔ جگر کے تمام امراض۔ رنگت کا سفید ہونا۔ سوء القنیہ۔ یرقان۔ بھبس وغیرہ امراض کے لئے ایک سریع الاثر اور لاثانی دوا ہے۔ جہاں استعمال کرایا گیا مفید ثابت ہوا ہے۔ رنگ، کو سرخ کرتا ہے۔

ترکیب استعمال :۔ ۱ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری دینا مفید ہے۔

معدی

یہ اکسیر سینکڑوں دفعہ کی آزمودہ اور بے خطا نسخہ ہے۔ درد بطلان شہوت طعام وغیرہ وغیرہ جملہ امراض معدہ کو دور کر کے معدہ کو قوی کرتی اور بھوک خوب بڑھاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ یہ دوا ابھی ایک مشہور کارخانہ میں جوہر کبریت کے نام سے بن کر فروخت ہوتی ہے۔ نسخہ حاضر ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ گندھک آملہ سار ۵ تولہ آب لیموں ۲ سیر میں کھرل کر کے خشک کریں۔ بعد ازاں فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ دار فلفل ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ نمک سنگ ۱ تولہ۔ نمک سیاہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ قرنفل۔ دارچینی۔ زنجبیل ہر ایک تولہ۔ تولہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنادیں۔

فوائد :۔ منٹوں میں غذا کو ہضم کرتی ہے۔ ضعف ہضم اور اس کے عوارضات کیلئے نافع ہے چند روز میں معدہ کو اس قابل بنادیتی ہے۔ کہ غذا کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔

مستورات کے عوارضات متعلقہ حیض میں نافع ہے۔

اکسیر قلب

خفقان غشی کو دور کرنے والی اکسیر حب جواہر جواہر مہرہ اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ چند روز کے استعمال سے ضعف دل وغیرہ دور ہو جاتا ہے۔ دھڑکن۔ گھبراہٹ۔ خفقان کو نافع ہے ابتدائے سل و دق کے لئے نافع ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ کشتہ عقیق ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ کشتہ سنگ یشب ۶ ماشہ۔ کشتہ صدف مروارید ۶ ماشہ۔ ورق طلا ۲۰ عدد۔ ورق نقرہ ۱۰۰ عدد۔ کہربا ۱ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ الائچی سبز ۱ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو روح گلاب ۱۰ تولہ۔ روح

کیوڑہ ۱۰ تولہ۔ روح بیدمشک ۱۰ تولہ۔ میں کھرل کرکے خشک باریک ہونے پر سفوف بناکر رکھیں
فوائد:۔ مقوی دل و دماغ ابتدائے سل دق پرانے بخاروں۔ زہروں کا تریاق۔ خفقان
[illegible]ی کی اکسیر ہے۔
ترکیب استعمال:۔ ۱ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان عرق بیدمشک دیں۔

اکسیر حافظہ

بچپن کی بھولی ہوئی باتیں یاد دلانے والی اکسیری دوا جس کے استعمال سے نسیان ضعف دماغ جیسی امراض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ چند یوم کے استعمال میں زائل شدہ دماغی طاقتیں اپنا کام کرنے لگتی ہیں۔ نہایت سریع الاثر مرکب ہے۔ جو ایک مشہور طبیب کا دستور العمل ہے۔
اجزا و ترکیب ساخت:۔ نمک ترپھلہ ۲ تولہ۔ کشتہ چاندی ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ کشتہ عقیق ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ تمام ادویہ کو آب گل کپاس بورنگ سرخ ۵ تولہ میں کھرل کرکے خشک کریں۔ ادویہ پیس لیں۔
فوائد:۔ مقوی دماغ۔ دافع نسیان۔ مقوی دل اور تمام دماغی قوتوں میں ایک نئی روح پھونکنے والی اکسیر ہے۔ اکسیر حافظ دماغ کے لئے ایک نعمت ہے۔

ویرپا

ممسک ادویات کی سرتاج اکثر موجودہ زمانہ کی مستعملہ ادویات سے زود اثر ہے۔ گو اس کے متعلق مبالغہ کرنا نامناسب ہے۔ لیکن اکثر ادویات سے عمدہ ہے۔ اس کیلئے میں اپنے احباب سے اس کی مزید آزمائش کی سفارش کروں گا۔ وہ اس سے سابقہ تمام آزمائش کردہ ادویات سے بہتر پائیں گے۔ ہمارے ایک عزیز دوست نے ازکرم عطا فرمایا ہے۔
اجزا و ترکیب ساخت:۔ جلوتری ۲ ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ تخم بھنگ ۱ تولہ۔ چھوہارا ۳ عدد۔ پیپرمنٹ آئل ۳ ماشہ۔ نیوکین ۱/۲ تی۔ سہاگہ ۳ ماشہ۔ ڈورس پاؤڈر ۱ تولہ سب کو ملاکر حبوب نخودی بنادیں۔
فوائد:۔ اعلیٰ درجہ کا ممسک ہے۔
ترکیب استعمال:۔ ۱ گولی ہمراہ دودھ۔

حب مسہل

جس کے استعمال سے مروڑ۔ پیچش۔ درد۔ جی متلانا وغیرہ عوارضات مطلق نہیں ہوتے [illegible] نہایت سہولت سے حسب دلخواہش دست آجاتے ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی قبض کشا دوا ہے

باوجود اس دوا میں جمالگوٹہ ہونے کے بھی کسی قسم کی گھبراہٹ پیدا نہیں ہونے دیتا۔ ایک گاؤں سے اس کی بیس گولیاں آٹھ میں فروخت ہو رہی ہیں۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ جمالگوٹہ مدبر ۶ ماشہ۔ گیرو ۳ ماشہ۔ سوہاگہ ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ کشنیز مقشر ۶ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ سب کو باریک کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

فوائد:۔ اعلیٰ درجہ کا مسہل ہے۔

ترکیب استعمال:۔ اسے ۳ گولی ہمراہ پانی دیں۔

دق کا اکسیری

یہ نسخہ ہمارے ایک کرم فرمانے ایک سنیاسی سے بدقت حاصل کیا جس کو انہوں نے متواتر کچھ عرصہ تک تجربہ کرنے کے بعد ہمیں عطا فرمایا جو آج نذر ناظرین ہے۔ یہ وہ بے نظیر نسخہ ہے جس کی تعریف آپ کو خود اس کا قائل کر دیگی۔ نسخہ کیا ہے۔ ایک کیمیا ہے۔ آج یہ تحفہ بے بہا آپ کی نذر کیا جاتا ہے۔ نسخہ مبارک یہ ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ بھنے ہوئے چنے کا آٹا ایک تولہ۔ ہڑتال ورقی ایک تولہ۔ شیر مدار ۵ تولہ کھرل کرکے ٹکیہ بنا دیں خشک ہونے پر سکورہ میں گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔ یہ بڑا تیار ہے۔

اکسیر نمبر ۱ ایک تولہ سیماب ۳ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۳ ماشہ کھرل کرکے کجلی بنا دیں۔ اس میں نمک بڑ ۱ تولہ۔ نمک سانبھر ایک تولہ کشتہ ابرک سفید ۱ تولہ (گلو والا) سوہاگہ ۶ ماشہ۔ ست گلو ۶ ماشہ سب کنڈیاری ایک پاؤ کے رس میں کھرل کرکے خشک کریں۔ بعد گلو ۵ تولہ۔ چرائتہ ۵ تولہ۔ اجوائن دیسی ۵ تولہ گھوٹ کر ½ سیر پانی میں ملا کر چھان لیں۔ اور اس پانی میں دوا مذکور کھرل کرکے خشک کریں۔ اکسیر تیار ہے۔

فوائد:۔ تپ دق۔ سل کا بہترین علاج ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ رتی صبح۔ دوپہر۔ شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ۔ کاسنی ۲ تولہ۔ بر نجاسف ۲ تولہ دیا کریں۔ ایک ہفتہ میں بخار کافور ہوگا۔

سوزاکین

یہ ایک سریع الاثر لاثانی نسخہ جس کی پہلی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔ [illegible] ایک کرم فرمانے عطا فرمایا ہے۔ جس کو متعدد مریضوں پر آزمانے کے بعد نہایت سریع الاثر پایا گیا۔ آج بطور تحفہ اپنے محترم ناظرین کی خدمت میں پیش کرنے کا فخر حاصل کرتے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ بیروزہ ایک پاؤ۔ پھٹکڑی خام سفید ایک پاؤ۔ ریوند عصارہ ایک تولہ سب کو یکجان کر کے کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے تنور میں رکھ دیں۔ صبح کشتہ برآمد ہوگا۔

فوائد:۔ سوزاک کیلئے اکسیر اعظم ہے۔ ایک سنیاسی طبیب کے ۴۲ سال سے زیر استعمال ہے۔ سوزش بول کو فوراً رفع کرتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ رتی صبح وشام۔ شراب برانڈی ۲ تولہ۔ روغن گاؤ ۲ تولہ۔ شکر سرخ ۱ تولہ۔ ملاکر اس کے ہمراہ دیں۔

اکسیر عجیب

بعض اصحاب کی یہ خواہش ہوتی ہے۔ کہ وہ موٹے نہیں ہوتے۔ باوجودیکہ ان کی خوراک نہایت اچھی ہے۔ ایسے اصحاب کی خواہش پورا کرنے کیلئے یہ اکسیر واقعی لاجواب تحفہ ہے۔ چند یوم کے استعمال سے جسم گوشت سے بھرجاتا ہے۔ اور انسان موٹا تازہ سرخ رنگ ہو جاتا ہے یہ ایک اکسیری نسخہ ہے۔ جو نذر ناظرین ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ تالمکھانہ۔ تخم خشخاش۔ کنجد مقشر۔ مغز چرونجی۔ پستہ مغز چلغوزہ دانہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم کسنبہ ہر ایک ۲ تولہ چھوہارے ۵ تولہ۔ تج ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۲۰ تولہ۔ بہدانہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ جاوتری۔ گوند کتیرا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ سفید چوب۔ دانہ الائچی خورد و کلاں تولہ۔ تولہ مصطگی۔ کباب چینی۔ ہوبحلی۔ سورنجاں۔ دارچینی۔ زنجبیل ہر ایک ۲ ماشہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ۔ شہد بوزن تمام سفوف بطریق معروف معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں مجرب ہے۔

فوائد:۔ جسم کو موٹا اور طاقت دربنانے میں بےنظیر ہے۔

ناصور کا اکسیر اعظم نسخہ

یہ ایک سنیاسی کا معمولہ نسخہ ہے۔ جو صرف دو اکھلانے سے ناصور کا چند یوم میں علاج کر کے کافی شہرت حاصل کر چکا ہے۔ اس سے نہایت مشکل کے ساتھ حاصل کر کے ناظرین کی نذر کیا جا رہا ہے۔ نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ رسکپور ۴ تولہ۔ دارچکنہ ۳ تولہ۔ شنگرف ۲ تولہ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ سیماب۔ زنگار۔ توتیا سبز۔ ہڑتال ورقیہ۔ مردار سنگ۔ سونا مکھی۔ نوشادر ہر ایک ۶ ماشہ گیارہ دوائیں ہیں۔ ان کو ایک پہر آب حنظل کے ساتھ کھرل کر کے خشک کریں۔ اور بدستور دو پیالوں میں گل حکمت کر کے جو ہر اڑائیں۔ نیچے ایک پہر نرم آنچ جلائیں۔ اوپر والے پیالہ پر کپڑا

پانی سے تر کرکے رکھ چھوڑیں۔ ایک پہر کے بعد آگ نکال لیں۔ جب سرد ہو جائے۔ جوہر اتار لیں اسے
اسے بازدہ جوہر کہتے ہیں۔

فوائد:۔ اقسام جروح و قروح خبیثہ بالوسہ۔ برص۔ بہق۔ مزمن آتشک۔ جذام۔ ابب
المفاصل۔ خنازیر ناسور وغیرہ کیلئے جو کسی دوا سے آرام نہ ہوا ہو۔ جوہر بقدر ایک چاول۔ بار یک
کاغذ میں پڑیہ باندھ کر مسکہ بالائی میں اس پڑیہ کو لپیٹ کر نگل جائیں۔ تین ہی روز میں فائدہ
ظاہر ہوگا۔ اور ہفتہ سے متجاوز نہ کرے گا۔ نہایت ہی عظیم النفع اور شریف التاثیر دوائی ہے۔

اکسیر نقرئی

امراض معدہ کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ ماننا محال ہی نہیں۔ بلکہ ناممکن ہے۔ علاوہ ازیں
امراض دماغی کیلئے بھی تریاق کامل ہے۔ مقوی دماغ۔ دافع نسیان ہے۔ غرضیکہ ایک ایسا تحفہ
ہے جس کا ہر مطب میں رہنا ضروری ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ کھار جلوتری۔ کھار اچلینی۔ کھار کباب چینی۔ جواکھار
ہر ایک ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ کشتہ نقرہ ۴ ماشہ۔ سب کو ۲ پہر لیموں کے پانی میں کھرل
کرکے ۱ رتی کی گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی ہمراہ آب دیں۔

فوائد:۔ مقوی معدہ ہونے کے علاوہ امراض دماغی میں بھی اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔

بے اولادوں کیلئے

یہ تحفہ ایک بے بہا اکسیر ہے۔ اس کے استعمال سے عقر یعنی بانجھ پن رفع ہو کر انشاء اللہ بفضل
خدا حمل قرار پا جاتا ہے۔ ایک مجرب اور صحیح نسخہ ہے جسکی آزمائش پر مفید ثابت ہوا ہے۔ نسخہ
نہایت محنت سے حاصل کیا گیا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ جدوار خطائی ۳ ماشہ
مرجان ۳ ماشہ۔ مروارید ۱ ماشہ۔ برادہ دندان فیل ۴ تولہ۔ شیولنگی ۵ تولہ۔ سپاری دکھنی ۵ تولہ
ورق نقرہ ۱ ماشہ۔ ورق طلا ۴ رتی۔ جدوار ۲ ماشہ سب کو ملا کر سفوف بنا دیں۔

فوائد:۔ اعلیٰ درجہ کا معین حمل دافع عقر دوا ہے۔ اس کے استعمال سے بفضل خدا
حمل قرار پاتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ صبح روزانہ ہمراہ دودھ گاؤ بزنگ سیاہ استعمال کریں۔
حیض سے پاک ہونیکے بعد۔ افیون خالص کا شیاف بقدر چاول رحم میں رکھائیں اور اسی
دن ہم صحبت ہوں۔ حمل قرار پا جائیگا

خوش وقتی

بہترین ممسک دوا ہے جسکی اگر چالیس یوم ویسے بھی مداومت کی جائے۔ اور جماع سے پرہیز کیا جاوے تو سرعت انزال کو بھی بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے۔ اور وقتی ضرورت کو بھی پورا کرتا ہے۔

اجزاء ترکیب ساخت:۔ جائفل ۱ تولہ۔ جلوتری ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ زعفران ۹ ماشہ۔ کنجد سفید ۹ ماشہ۔ افیون ۹ ماشہ۔ اجوائین خراسانی ۶ ماشہ۔ ہرل ۶ ماشہ مارفیا ½۱ ماشہ۔ اسٹرکنیا ½۱ رتی سب کو کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود بنا دیں۔

استعمال:۔ وقتی ضرورت کیلئے ایک گولی شیر گاؤ کے ہمراہ جماع سے کم از کم تین گھنٹہ پیشتر استعمال کریں۔ اور سرعت انزال کے دفعیہ کے لئے چالیس یوم ایک گولی صبح و ایک گولی شام دودھ کے ہمراہ۔

فوائد:۔ ممسک۔ سرعت انزال کے بہترین دوا ہے۔

اکسیر ذیابیطس

علامہ نورالدین مرحوم قادیانی کا نسخہ جو ہم تک شمس الاطبا حکیم کامل مولوی شمس الدین صاحب چوکنانوالی کے توسط سے ہم تک پہنچا اور تجربہ پر امید سے بڑھ کر کامیاب ثابت ہوا۔ اپنی طبی دنیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے۔

اجزاء ترکیب ساخت:۔ فاسفورس آف آئرن ۳ ماشہ۔ کوٹایا ½ رتی۔ کعفر ۲ رتی کشتہ جست ۲ رتی۔ افیون ½ رتی سب کی تین گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی روزانہ دیں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے بہترین چیز ہے۔

کھانسی کا مجرّب نسخہ

اجزاء ترکیب ساخت:۔ افیون ۳ ماشہ۔ کوزہ مصری ۳ ماشہ۔ بادام مقشر ۳ ماشہ۔ زعفران کشمیری ۳ ماشہ۔ شنگرف ۲ ماشہ۔ رب السوس ۳ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ کوٹ پیس کر گولیاں بقدر فلفل سیاہ بنا دیں۔

فوائد:۔ اس کی پہلی خوراک ہی اپنا جادو کا سا اثر دکھاتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی رات کو سوتے وقت کھلا دیں۔ اور تمام رات پانی پینے کو نہ دیں۔ صبح کو نو بجے تک بفضل خدا ایک رات میں ہی کھانسی کو دور کرتی ہے۔ دمہ ہو تو جوشاندہ فلفل دراز سے دیں جس گھر میں یہ گولیاں ہوں۔ اس گھر میں کھانسی اور دمہ کا کیا کام۔

بال شربت

بچوں کے اکثر امراض کا قلع قمع کرنے والا بے عدیل نسخہ ہے

اجزاء ترکیب ساخت:۔ ایکوا ئیں سانی ۱ پونڈ ۔ ایکوا ئیں ٹھائی ۱ پونڈ ۔ ایکوا کیرائی ۸ اونس ۔ سوڈا بنزویٹ ۴ اونس ۔ گلیسرین ۱ پونڈ ۔ پوٹاسیم بائی کاربونیٹ ۱ پونڈ ۔ کھانڈ دار ۵ پونڈ ۔ پیکرین ۱ ڈرام ۔ آب مقطر ۴۵ پونڈ تمام کو ملا کر ہلکا سا قوام کرکے فلٹر کرکے محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال:۔ ایک چمچہ چائے کا دن میں تین مرتبہ

فوائد:۔ اسہال ۔ بدہضمی ۔ نفخ شکم ۔ کھانسی وغیرہ کو بیحد نافع ہے ۔ از حد مجرب ہے ۔

طلا عجیب الاثر

یہ طلا کیا ہے ۔ ایک طبی معجزہ مایوسین کے لئے بے بہا تحفہ ہے ۔ ہر قسم کی کجی ۔ لاغری ۔ سستی ۔ کمزوری کو دفع کرتا ہے ۔ لطف یہ کہ کسی قسم کا زخم ۔ آبلہ پیدا نہیں کرتا ۔

اجزاء ترکیب ساخت:۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ سم الفار سرخ ۱ تولہ ۔ ہڑتال ورقی ۱ تولہ شنگرف رومی ۱ تولہ ۔ پہلے شنگرف کو ایک ہفتہ شیر مدار میں کھرل کریں ۔ پھر ۲ تولہ شراب برانڈی جذب کرائیں ۔ پھر عرق پیاز ۵ تولہ جذب کریں ۔ پھر زردی بیضہ مرغ ۶ عدد میں کھرل کرکے گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں ۔ بزنگ خون تیل برآمد ہوگا ۔ اگر آگ تیز ہوگئی اور تیل کا رنگ سیاہ ہو گیا ۔ تو بیکار ہے ۔

ترکیب استعمال:۔ روغن پستہ ۱ تولہ میں ملا کر رکھیں اور استعمال میں لادیں ۔ روزانہ چار پانچ قطرہ استعمال کریں ۔ اگر عضو مخصوص کو پہلے سخت کپڑے سے رگڑ کر سرخ کریں ۔ اور بھیڑ کا دودھ لیکر لگالیں اور سکھا کر لگائیں تو بیحد مفید ہے ۔

روغن مرکبؔ

اس کے فوائد اس کے استعمال کنندہ حضرات پر خود بخود واضح ہوں گے ۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ۔ محمر لون ۔ مقوی اعضاء رئیسہ اور ممسک ہے ۔

اجزاء ترکیب ساخت:۔ لوبان کوڑیہ ۱½ تولہ ۔ قرنفل گلدار ۱ تولہ ۔ جوزبوا ۱ عدد ۔ سم الفار ۲ ماشہ ۔ دارچینی ۲ ماشہ ۔ شنگرف ۱ تولہ ۔ زردی بیضہ مرغ ۸ عدد ۔ سب کو باہم یکجان کرکے گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں ۔

فوائد: مقوی باہ ۔ ممسک ۔ محمر لون اور قوت مردمی کیلئے نافع ہے

ترکیب استعمال:۔ ۱ بوند پتاشہ میں روزانہ ہمراہ دودھ ۔

کندن

خون کی ہر قسم کی خرابی کو دور کرنے والی اکسیری دوا جو دہلی میں کئی دواخانوں میں کئی ناموں سے فروخت ہو رہی ہے۔ اس کا نسخہ نہایت محنت سے حاصل کر کے نذر ناظرین کیا جا رہا ہے۔ گو اس کے اجزا عام فہم اور معمولی معمولی دیتے ہیں۔ مگر فائدہ میں جواہرات سے سوا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ شاہترہ ۱۲ تولہ۔ چرائتہ ۱۲ تولہ۔ سرپھوکہ ۱۲ تولہ۔ منڈی ۱۲ تولہ۔ عناب ۱۰۰ عدد۔ بلیلہ سیاہ ۱۲ تولہ۔ صندل سرخ ۱۲ عدد۔ عشبہ مغربی ۱۲ تولہ۔ رسوت ۳ تولہ۔ خارخشک ۳ تولہ۔ تخم خیارین۔ تخم خربزہ ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ بیخ کاسنی ۳ تولہ۔ بیخ بادیان ۳ تولہ۔ برادہ شیشم ۱۲ تولہ۔ برادہ آبنوس ۱۲ تولہ۔ پوست نیم ۱۲ تولہ۔ نبات سفید ۳ سیر تمام ادویہ حسب طریق شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک تولہ صبح و شام۔ آتشک و سوزاک کیلئے پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۵ گرین اور لائیکوار آرسینی کیلس ۳ بوند فی خوراک بھی فی تولہ اضافہ کریں۔ اور کچھ کھا پی کر اس شربت کو استعمال کریں۔

فوائد:۔ فساد خون کا بہت جلد خاتمہ کر کے اسکی حدت کو توڑ کر نہایت تندرست و توانا خون پیدا کرتا ہے۔

اکسیر النساء

عورتوں کی اکثر امراض کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔ بیقاعدگی ایام ماہواری کے لئے نہایت مفید دوا ثابت ہوئی ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ ریوند چینی۔ نوشادر۔ دارچینی۔ تخم رائی۔ گندھک آملہ سار مدبر با شیر گاؤ۔ رسوت۔ برادہ دندان فیل جملہ ادویہ ہموزن لے کر سفوف بنا دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ سے ۵ ماشہ روزانہ ہمراہ شیر گاؤ رات کو سوتے وقت دیں۔

فوائد:۔ بیقاعدگی ایام ماہواری کے لئے بینظیر چیز ہے۔

عرق شباب

یہ نسخہ کسی کتاب میں آپ کو نہ ملے گا۔ یہ ملک چین کی ایک کتاب کا نسخہ ہے۔ جو بڑی کوشش اور جستجو کے بعد دستیاب ہوا ہے۔ اس نسخہ پر خرچ تو کسی قدر زیادہ آتا ہے اس لئے عوام نہیں بنا سکتے۔ مگر نسخہ کے مفید ہونے میں ذرہ بھر شک نہیں۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے امساک طبعی پیدا کرتا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر خوبی یہ ہے۔ کہ اس کے اندر ایلوا ہونے سے

قبض کشا ہے۔ عنبر و مشک اس کے اندر شامل ہونے سے تمام اعضاء رئیسہ کے واسطے بھی مفید ہے۔ اور لوبان ہونے سے تمام بلغمی و بادی امراض حتیٰ کہ دمہ و گنٹھیا تک کو مفید ہے

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ عنبر ۲ ماشہ۔ ایلوا ۲ ماشہ۔ لوبان کوڑیہ ۲ ماشہ۔ کستوری ۱ ماشہ۔ چاروں کو اکٹھا صاف کھرل میں کھرل کریں۔ اور اس کے اندر الکاہل (سپرٹ) اس قدر ڈالیں۔ کہ جس سے وہ تمام شربت کی طرح پتلا سا ہو جائے۔ قریب تولہ۔ ڈیڑھ تولہ سپرٹ کافی ہوتی ہے۔ زیادہ ڈال دیں۔ تو بھی ہرج نہیں۔ صرف دوائی کی خوراک بڑھ جائیگی۔ تب اس کو ایک شیشی میں ڈال کر خوب بند کر کے گرم ریت میں تھوڑی دیر رکھ دیں۔ تمام اشیاء اس میں حل ہو جاویں گی۔ پس اس کو فلٹر کے ذریعہ مقطر کریں۔ اگر فلٹر نہ ہو تو موٹا گاڑھا لٹھے کا کپڑا لے کر اس کو کھلے منہ والی شیشی پر رکھ کر سب دوائی اس میں ڈال دیں۔ کل حل شدہ اجزاء چھن کر نیچے جائیں گے۔ اور غیر حل شدہ اوپر رہ جائیں گے۔ اچھی طرح بند رکھیں۔

استعمال :۔ اوّل ہی روز اثر دکھاتا ہے۔ طاقت بڑھانے کے واسطے ہر روز صبح یا رات کو کسی چیز میں ڈال کر کھالیں۔ دودھ کے ایک چمچہ میں ڈال کر نگل جائیں۔ پیچھے باقی دودھ پی لیں۔ ملائی میں ڈال کر مکھن میں ڈال کر یا چنے وغیرہ کے رس میں ڈال کر کھا دیں۔ خوراک اس کی ۴ یا ۵ بوند ہے۔ اگر تیسرے پہر کو بالائی وغیرہ میں رکھ کر کھالیں۔ تو بہت جلد اثر دکھاتا ہے۔

طلا برق

یہ نسخہ ایک کہنہ پوشیدہ بیاض سے حاصل ہوا ہے۔ اور بے خطا اور مجرب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت :۔ جند بید ستر۔ دار چینی۔ جوز مائل۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ زنجبیل۔ حبہ سرخ و سفید۔ شنگرف رومی۔ ناگیسر۔ سبز ہوٹی۔ زاد خشک۔ خراطین۔ عاقر قرحا۔ سم الفار سفید۔ سم الفار سیاہ۔ ہڑتال ورقی۔ جمال گوٹہ ہر ایک ۱ تولہ۔ سب کو خوب کوٹ کر بار یک کر کے شیر مدار ۱۰ تولہ میں خوب کھرل کر کے ایک کھدر کے کپڑے پر لگا کر مثل بتی کے لپیٹ کر جلائیں اور نیچے برتن رکھیں۔ جو روغن ٹپکے اس کو بحفاظت لیکر مندرجہ ذیل اشیاء شامل کریں۔ مشک عنبر۔ خربی ریچھ۔ چربی سانڈہ ہر ایک ۱ ماشہ ملا کر طلا تیار کریں۔ اس نسخہ میں روغنی اجزاء کہاں تیل نہ ملے گا۔

ترکیب استعمال :۔ حشفہ اور سیون چھوڑ کر ہفتہ عشرہ تک استعمال کریں۔

فوائد

جملہ بیرونی شکایات عضو مخصوص کے لئے تریاق کا حکم رکھتا ہے۔ تقریباً ۲۰ آدمیوں کو اس کے استعمال سے فوری نفع ہوا۔ بہترین اور اکسیری نسخہ ہے۔

فقیری

اجزا و ترکیب ساخت: ۔ پونگ یعنی مچھلی نہایت چھوٹی چھوٹی نصف پاؤ۔ دودھ آگ ڈیڑھ پاؤ۔ ترکیب اس کی یہ ہے۔ کہ دودھ کو مٹی کے برتن میں ڈال کر مچھلی شامل کر دے اور دھوپ میں رکھا رہنے دے۔ جب دودھ خشک ہو جائے۔ تو اس مچھلی کو لوٹے کے اوپر ڈال دے اور نیچے آگ جلائے اور اوپر اس کے تھالی دے رکھے۔ جب مچھلی جل کر کوئلہ ہو جائے تو ان کو پیس لیں۔ اور اس خاکستر کو ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔

فوائد: ۔ دمہ کے لئے اکسیری نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال: ۔ ا ماشہ کے قریب ۲ تولہ مکھن میں رکھ کر کھلاویں۔ اور پیچھے اس کے آدھ سیر دودھ اور ایک چھٹانک گائے کا گھی نیم گرم کر کے پی لے۔ چار روز میں صحت ہو جائے گی۔ از حد مفید ہے۔

خنازیری

اجزا و ترکیب ساخت: ۔ دار چکنہ۔ رسکپور۔ سم الفار۔ شنگرف۔ توتیائے سبز ہر ایک ۳ ماشہ۔ آب ادرک سائیدہ موش جنگلی سفید کا پیٹ چیر کر اس میں بھر دیں۔ اور سی کر روغن زرد میں بھون کر خوب سرخ کریں۔ پھر سب کو آب ادرک میں کھرل کریں۔ گولی بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۔ ایک صبح ایک شام کو گولی دینا چاہیئے۔

فوائد: ۔ بخار دق۔ خنازیری و خنازیر میں مفید ہے۔

مسیحائی

اجزا و ترکیب ساخت: ۔ افیون ۴ ماشہ۔ تخم دھتورہ ۴ ماشہ۔ ریوند چینی ۳ ماشہ صمغ عربی۔ کتیرا۔ زنجبیل۔ گیرو ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ شیر خشت ۶ ماشہ۔ حب بقدر دانہ نخود بنا دیں۔

ترکیب استعمال: ۔ ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی۔

فوائد: ۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کے لئے مفید ہے۔

بامراد

اجزا و ترکیب ساخت: ۔ مشک ا ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ گل گلاب

۴ ماشہ۔ زیرہ سفید ۳ ماشہ۔ برگ تلسی ۲ تولہ۔ ببابسہ ۲ تولہ۔ تخم دھتورا ۱۱ عدد۔ برگ شہدیوی ۴ تولہ باریک کرکے ایک ایک رتی کی گولی بنادیں۔ اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ابتدائے حمل سے ایک ہفتہ تک ایک گولی صبح ایک شام اور ایک دوپہر دیں۔ پھر چالیس روز تک ایک گولی صبح و شام پھر ایک گولی ہر روز دیں۔ تا وضع حمل۔ پھر بقدر باجرہ بچہ کو ہر روز اور ایک گولی ماں کو تا ایام رضاعت کھلادیں۔

اکسیر ابیض

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ۔ کہربا شمعی ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۴ ماشہ۔ شاخ مرجان ۴ ماشہ۔ بُسد احمر ۴ ماشہ۔ طباشیر کبود ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ روح کیوڑہ ۳ تولہ۔ روح بید مشک ۲ تولہ۔ روح گلاب ۳ تولہ سب کو کسی کھرل کریں۔ جب خشک ہوکر مثل سرمہ کے ہوجائے سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک رتی مکھن میں کھلایا کریں۔

فوائد:۔ دل و دماغ و جگر کو طاقت بخشتی ہے۔ جن کی آنکھیں اندر دھسی ہوئی سر میں دھک دھک ہوتا رہتا ہے۔ ان کے لئے مفید ہے۔

شربت فاسفورس

یہ شربت مقوی دماغ۔ مقوی اعصاب اور مفرح ہے۔ معدہ کے افعال کو درست کرتا ہے۔ بیطافتی کی مسلم اور مستند دوا ہے۔ ایک مشہور تجارتی نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ فاسفورس ایک ماشہ۔ کلوروفارم ۱ تولہ۔ ڈال کر شیشی کو گرم پانی میں رکھیں حتی کہ فاسفورس حل ہوجائے۔ پھر اس میں الکحل ۴ ۱/۲ تولہ ملاکر رکھیں۔ مرکب مذکور واحد۔ گلیسرین ۴ حصہ۔ شربت فاسفورس تیار ہے۔

فوائد:۔ مقوی دماغ۔ مقوی اعصاب

ترکیب استعمال:۔ ۱۵ سے ۶۰ قطرہ حسب عمر روزانہ بعد از غذا پلادیں۔

عرق کافور

ایک فرم کا مشہور چلتا ہوا نسخہ ہے۔ ہیضہ۔ قے۔ اسہال۔ بدہضمی کیلئے مشہور بالفائدہ ہے۔ ہیضہ کی آخری اور انتہائی دوا تسلیم کی جاچکی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ کافور ایک تولہ۔ ریکٹی فائیڈ اسپرٹ ۲۰ تولہ۔ آئل پیپرمنٹ ۲۰ تولہ ملاکر رکھدیں۔ حل ہوجائے گا۔

فوائد :۔ ہیضہ ۔ قے ۔ دست ۔ امراض وبائی کے لئے نہایت مفید ہے ۔
ترکیب استعمال :۔ ۳ سے ۵ قطرہ بتاشہ میں ڈال کر کسی مناسب عرق سے دیتے ہیں

روح اکسیر

کئی مشہور دواخانوں کی شہرت کا واحد ذریعہ جس کے ہر قطرہ میں روح حیات مضمر ہے ۔ قوت مردمی کی جان ہے ۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ نک چھکنی ۵ تولہ ۔ پانی ۱ سیر میں تین روز تک تر رکھیں اور جوش دے کر نصف رہ جانے پر مقطر کریں ۔
اس مقطر میں تخم انجبار سفید ۱ تولہ کھرل کریں ۔ اور دودھ گاؤ بھینس ۵ سیر میں شامل کر کے جوش دیں جب ۴ سیر رہ جائے ۔ تو ضامن لگا کر بلو کر مکھن نکالیں اور صاف کر کے گھی بنالیں ۔
گھی مذکورہ ۵ تولہ ۔ زعفران ۶ ماشہ ۔ ست لوبان ۳ ماشہ ۔ مشک خالص ایک ماشہ ملا کر خوب یکجان کریں ۔

ترکیب استعمال :۔ بقدر ۲ قطرہ بتاشہ میں ڈال کر کھلا دیں ۔ اور اوپر سے دودھ پلا دیں
فوائد :۔ ایک نہایت مقوی اعصاب ۔ مقوی باہ ۔ مولد منی اور لحم لون دوا ہے ۔ چند یوم کے استعمال سے رنگ چہرہ کو مثل انار کر دیتی ہے ۔

شربت آتشک

ایک مشہور ڈاکٹر کی ایجاد حیرت انگیز اثر دکھانے والی بےنظیر اکسیر ہے مصفی خون اور تجارتی نسخہ ہے ۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ برادہ صندل سرخ ۱ پاؤ عشبہ ۔ چوب چینی ہر ایک ۱ پاؤ سب ادویہ کو کوٹ کر ۶ سیر پانی میں تر کریں ۔ صبح جوش دیں ۔ جب پانی تین سیر باقی رہے ۔ صاف کر کے مصری ۶ سیر ملا کر قوام دیں ۔ جب پک جاوے کپڑے میں چھان کر اس میں ٹنکچر آئیوڈین ۵ ۔ اونس ۔ پوٹاسی آئیوڈائیڈ ۵ ۔ اونس ۔ رسکپور باریک پسا ہوا ۶ ماشہ ملا دیں تیار ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ ایک تولہ صبح ایک تولہ شام تازہ پانی کے ساتھ ۔
فوائد :۔ آتشک کیلئے بے عدیل ہے ۔
پرہیز :۔ ترشی ۔ مرچ سرخ اور جماع سے پرہیز کریں ۔

غذا

دال ۔ مونگ ۔ سبزی وغیرہ سے

ترک افیون

افیون چھڑانے مشہور و معروف دواخاص راز ملاحظہ فرمادیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ بھلاوہ کلاہ دور کردہ ۳ تولہ۔ مغز اخروٹ ۳ تولہ۔ کنجد سیاہ ۳ تولہ۔ قند سیاہ ۳ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۳ تولہ سب کو ملا کر خوب کوٹیں۔ کہ مانند موم ہوجاویں۔ دوا تیار ہے۔

فوائد:۔ ترک افیون بلا تکلیف کردیتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ جسقدر افیون کھاتے ہو۔ پہلے نصف دوا اور نصف افیون آٹھ دن کے بعد افیون کم کرکے دوا بڑھاتے جاویں جتیٰ کہ افیون بالکل ختم ہوجاوے۔ اس طرح دوا کو بھی کم کرتے ہیں۔ اور ختم کردیں۔ ایک عجیب الاثر نسخہ ہے۔

سُرمہ عینک گذار

چند عرصہ کے استعمال سے خواہ کتنی پرانی عینک کی عادت ہو۔ اس سے چھوٹ جاتی ہے۔ ایک مشہور دواخانہ کی اشتہاری دوا کا راز جو بعد محنت کے بعد حاصل ہوا۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ مدبر آب سرس۔ کیلوہل ۱۰ ماشہ۔ طوطیا بریاں کردہ عرق گلاب ۱۰ رتی۔ اول طوطیا اور کیلوہل کو کھرل کریں۔ پھر ماشہ ماشہ سرمہ سرمہ ڈال کر حل کریں۔ پھر عرق گلاب شامل کرکے کھرل کریں۔ تین یوم تک کپڑا ریشمی میں چھان کر شیشی میں رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ رات کو سوتے وقت ایک دن ناغہ کرکے ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

لال گولی

مسور کے دانے کے برابر گولی اعلیٰ درجہ کی ہاضم قبض کشا۔ مقوی معدہ بشرط ضرورت مسہل۔ ملین اور مقوی ہے بھوک بڑھاتی اور رنگ سرخ کرتی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ گندھک آملہ ۴ تولہ۔ عرق لیموں ۵ تولہ۔ اول گندھک گرم کرکے عرق میں چار دفعہ بجھا دیویں۔ باقی عرق میں گندھک کھرل کرکے خشک کرلیں۔ شنگرف ۶ ماشہ۔ حنظل اعدد کے درمیان دے کر کپڑ مٹی کرکے گرم بھوبھل میں تشویہ دیں۔ اس طرح پچیس بار تشویہ دیں۔ شنگرف مدبر ہوگا۔ کشتہ فولاد ۲ ماشہ۔ گندھک مذکورہ ۲ تولہ۔ شنگرف مدبر ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳۵ ماشہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ ست اجوائن ۳ ماشہ۔ نوشادر ۴ ماشہ

آب لیموں سے کہرل کرکے گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنا دیں۔

عرق فولاد

ایک مشہور دوا ہے۔ ہندوستان کے کئی دوا خانے فروخت کر رہے ہیں ایک خاص الخاص تحفہ ہے
اجزاء ترکیب ساخت:۔ برادہ فولاد آدھ سیر، زنجبیل، مرچ سیاہ، فلفل دراز، ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، منقی مویز، اسطوخودوس، تیزپات، بادیان، گل دھاوا ہر ایک ۱۰ تولہ، اجوائن، بابڑنگ، سعد ہر ایک ۲۰ تولہ، برگ پان ۵ عدد، شہد خالص ۲، پاؤ، قند سیاہ کہنہ ۳ سیر، پانی خالص ایک مٹکہ کلاں۔ سب ادویہ کو معہ پانی مٹکے میں ڈال کر منہ بند کرکے پندرہ روز زمین میں دفن کر دیں۔ جب جوش کھا کر بیٹھ جائے۔ اس کا عرق بقدر ۵ سیر کھینچ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۵ تولہ صبح، ۵ تولہ شام

فوائد:۔ بواسیر، یرقان، سوء القنیہ، امراض معدہ اور اسہال بواسیری کیلئے مجرب ہے

کالرا کیور

اجزاء ترکیب ساخت:۔ شراب خالص ۲ چھٹانک، کافور ۸ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، ناگرموتھا ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، اجوائن دیسی ۱ تولہ، کالی مرچ ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر شراب خالص میں کرکے ۱۰ روز دھوپ میں رکھیں۔ بعد ازاں فلٹر کرکے شیشہ والے کارک کی بوتل میں سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۵ بوند سے ۱۰ بوند تک ہمراہ عرق بادیان ہر نصف گھنٹہ بعد دیں
شدید حالت میں ۲۰ بوند سے ۳۰ بوند تک

فوائد:۔ ہیضہ کے لئے بےخطا تحفہ ہے

سپلین مکسچر

تلی کے لئے عجیب الاثر دوا ہے۔ استقرار کیلئے چند خوراکیں کافی ہیں۔ ایک خاندانی راز
اجزاء ترکیب ساخت:۔ آب آکاس بیل ½ سیر، آب لیموں کاغذی ½ سیر، نوشادر عمدہ ½ پاؤ۔ تمام اشیاء کو حل کرکے بوتل میں بند کر دیں اور ۴۰ یوم تک ڈھیروں میں دبا دیں بعد ازاں نکال کر چھان لیں۔ ہرگز خراب نہیں ہوتا۔ اور دوائی کھانے سے طبیعت خراب نہیں ہوتی۔ بہت فائدہ مند چیز ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چمچہ بعد از غذا روزانہ دو وقت ایک گھنٹہ بعد از طعام استعمال کریں۔ پرہیز:۔ موٹا گوشت اور لال مرچ سے لازمی۔

اکسیر سوزاک

اجزا و ترکیب ساخت :۔ گوندسہانجنہ ۔ بہروزہ خشک یا لال ہموزن سفوف بنادیں۔
ترکیب استعمال :۔ چھ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں ۔
فوائد :۔ سوزاک ۔ بول الدم اور بواسیر خونی کو بھی مفید ہے ۔

سفوف بخار

اجزا و ترکیب ساخت :۔ کونین ۱ رتی ۔ ست لوبان ۲ رتی ۔ شورہ قلمی ۳ رتی نوشادر ۴ رتی ۔ سفوف کرکے ایک پڑیہ بنالیں ۔
ترکیب استعمال :۔ ایسی تین پڑیاں تین گھنٹہ کے بعد دیں ۔
فوائد :۔ بخار ملیریا کا حکمی تریاق ہے ۔ پیشاب کا ادرار کرے ۔ پسینہ آور ہے ۔

حب بخار

اجزا و ترکیب ساخت :۔ ناگ پھنی تھوہر (زقوم خاردار) کے پھل کا گودہ ایک چھٹانک نلاج شگفتہ دو تولہ خوب کھرل کرکے نخودی گولیاں بنادیں ۔
فوائد :۔ بخار روزانہ ۔ تیسرا ۔ چوتھا ۔ قے ۔ بدہضمی کو اکسیر ہے ۔
ترکیب استعمال :۔ روزانہ ۔ تیسرا ۔ چوتھا بخار میں ایک ایک گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی نوبت سے پیشتر ہمراہ آب گرم ۔ بحالت بخار میں بھی دے سکتے ہیں ۔ بدہضمی ۔ قے ۔ ہمراہ عرق پودینہ ۔ عرق سونف سے دیں ۔ ہیضہ میں آب پیاز سے ۔

کشتہ ہڑتال مرکّب

اجزا و ترکیب ساخت :۔ ہڑتال ورقی ۱ تولہ ۔ زاج ۵ تولہ ۔ شیر مدار ۵ تولہ ۔ سب کھرل میں ڈال کر کھرل کریں ۔ اور کوزہ گلی میں بند کرکے پانچ سیر کی آنچ دیں ۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ رکھیں ۔
ترکیب استعمال :۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ
فوائد :۔ بخار ہر قسم نیا ہو پرانا ۔ کھانسی ۔ امراض اوجاع کو مفید ہے ۔ پرسوت کیلئے بےنظیر ہے

حب کرنجوہ

اجزا و ترکیب ساخت :۔ نوشادر ۱ تولہ ۔ کرنجوہ ۴ تولہ ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ ۔ آب دھتورہ

سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا دیں۔
فوائد:۔ نوبتی اور وبائی بخاروں کیلئے نہایت عمدہ ہے۔
ترکیب استعمال:۔ تا ۴ حب ہمراہ آب گرم۔

حب بواسیر

اجزاو ترکیب ساخت:۔ کافور۔ ایلوا مساوی الوزن ہمراہ آب رسونت کنار دشتی گولیاں بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ ہر روز صبح رات کو سوتے وقت ایک ایک گولی باسی پانی سے استعمال کریں۔ اور انہی گولیوں کو لعاب دہن میں گھس کر مسوں پر لگائیں مجرب ہے۔
فوائد:۔ بواسیر کے لئے عجیب تحفہ ہے

حب بواسیر اسراری

اجزاو ترکیب ساخت:۔ مشک کافور۔ رسونت مساوی الوزن۔ سرکہ خالص انگوری میں کھرل کر کے حب بقدر دانہ مونگ بنا دیں۔
ترکیب استعمال۔ ایک گولی صبح اور ایک رات کو بوقت خواب ہمراہ آب گرم۔
فوائد:۔ بواسیر کے لئے بےنظیر چیز ہے

بواسیر کا خاص الخاص

اجزاو ترکیب ساخت:۔ زنجبیل۔ رال۔ دانہ الائچی کلاں۔ زنگار۔ سفیدہ۔ مردار سنگ کتھہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ رات کو ایک چھٹانک انار دانہ پانی میں بھگو کر صبح آب زلال سے مندرجہ بالا ادویات کو خوب کھرل کر کے حبوب کنار دشتی بنا دیں۔
ترکیب استعمال:۔ بوقت صبح ایک حب ہمراہ ایک گھونٹ گھی استعمال کریں۔
فوائد:۔ بواسیر خونی و بادی دونوں کو فائدہ بخشتی ہے۔

نمونیہ کافوری علاج

اجزاو ترکیب ساخت:۔ زنجفر رومی ۳ ماشہ سالم قطعہ۔ اجوائن دیسی ½ چھٹانک زنجبیل ایک چھٹانک باریک پارچہ بیز کردہ۔ تابہ آہنی پر اجوائن باریک سفوف کر کے درمیان قطعہ سنگرف دیگر ہاتھوں سے دبا کر اوپر پیالہ دیدیں۔ نیچے آگ کوئلہ جلائیں۔ جب تمام اجوائن اور زنجبیل جل کر راکھ ہو جائے۔ تو آتش سے سرد کریں۔ اور زنجفر کو حفاظت سے نکال

کو نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ رتی اجوائن سوختہ ۔ ۴ رتی زنجبیل مسقوف اور ایک تنکہ کشتہ زعفر ملا کر آب گرم یا جوشاندہ عناب سے کھلائیں۔ اور اوپر کپڑا اوڑھ دیں چند منٹ میں ہی صحت ہو۔ نمونیہ سے نجات ملے۔

نقطہ:۔ یہی اکسیر ہے جو بدرقہ مناسبہ سے ہر قسم کے اوجاعی اور بلغمی امراض کو مفید ہے

ناسور کا مجرب المجرب نسخہ

اجزا و ترکیب ساخت:۔ بھقر کا کوئلہ خام کڑوے تیل میں یہاں تک رگڑیں۔ کہ مرہم بن جاوے۔

ترکیب استعمال:۔ ناسور میں بذریعہ بتی رکھیں۔ نہایت مجرب ہے۔

فوائد:۔ سگ گزیدہ کے جائے گزیدن پر لگانا بھی نہایت مفید ہے۔

مرہم اسراری

اجزا و ترکیب ساخت:۔ تارامیرا کا تیل ۱۰ تولہ۔ سنگجراحت ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ کمیلہ ۱ تولہ۔ رال ۱ تولہ۔ ریوند چینی ۱ تولہ۔ موم ۱ تولہ۔ اول تیل کو گرم کریں خوب گرم ہونے پر موم پھر رال پھر کمیلہ پھر یکے بعد دیگرے سب اجزا ملا کر قوام مرہم کا ہونے پر اتار لیں۔

فوائد:۔ گلٹی کو تحلیل کرنے کے واسطے بےنظیر ہے۔ گندے سے گندے زخم اور قروح خبیثہ کو صاف کرکے مندمل کرے۔

چنبل کی اکسیری دوا

اجزا و ترکیب ساخت:۔ بھٹہ خشت کی چمنی کی بیرونی طرف شوریا نمک جو لگا ہوتا ہے۔ حاصل کریں۔ اس میں روغن کنجد ملا کر قوام لیپ کا تیار کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ضماداً استعمال کریں۔

فوائد:۔ داد چنبل اور خارش کا شرطیہ علاج ہے۔

سوزاک قرحہ کا اڑھائی روزہ علاج

اجزا و ترکیب ساخت:۔ ست لوبان ولائیتی ۱ تولہ۔ روغن صندل خالص ۱ تولہ۔ لوبان کو پیالہ چینی میں ڈال کر قطرہ قطرہ روغن شامل کریں۔ اور انگلی سے خوب یکجان کرکے محفوظ رکھیں۔

فوائد :۔ سوزاک تر جہ کیلئے مصدقہ نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال :۔ کل دوا کی پانچ خوراک بنائیں۔ صبح ایک پاؤ گوشت بکرا میں ایک چھٹانک سرخ مرچ ملا کر خوب گھی میں بریاں کریں۔ اس سے پہلے دوا مذکور کی ایک خوراک کھلا دیں۔ اسی طرح شام کو بھی استعمال کرا دیں۔ گویا اڑھائی دن میں کل دوا (پانچ خوراکیں) ختم کر دیں۔ دوا ختم ہونے کے بعد بھی اڑھائی روز پرہیز رکھیں۔

غذا :۔ دوران استعمال دوا نان گندم شور با بکرا سے کھلا دیں۔ دیگر ہر قسم کی غذا سے پرہیز لازمی ہے۔

مرہم عجوبہ

اجزا و ترکیب ساخت :۔ رحما لگوٹہ۔ بہالا نوہ۔ زنک سفید۔ زنگار۔ کیلہ۔ لال ہر ایک تولہ۔ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ۔ روغن کو آگ پر گرم کرنے کے بعد موم شامل کریں۔ موم پگل جانے کے بعد تمام اجزا شامل کر دیں۔ یہ خیال رہے کہ برتن کافی بڑا ہو۔ اور آگ کوئلہ کی ہو۔ تاکہ آگ تیل کو نہ پکڑے۔ جب رنگ سیاہ ہو اور قوام گاڑھا ہونے کے قریب ہو۔ تو اتار کر آہنی دستہ سے خوب کھرل کریں۔ کہ بالکل یکجان ہو جائے۔ اگر قوام نرم ہو۔ تو آگ پر رکھ دو۔ پھر گاڑھا کر لو۔ تیار ہے۔

فوائد :۔ زخم ہر قسم گندے سے گندے قروح خبیثہ کو صاف کر کے مندمل کرے۔ پھوڑے جڑ دار۔ خنازیر۔ گمبیر چھوت دار پھوڑے پھنسیاں سب کیلئے نہایت مفید ہے۔

ترکیب استعمال :۔ بطریق عام پھایا پر لگا کر زخم پر لگا دیں۔

سفوف مبارک

اجزا و ترکیب ساخت :۔ ٹوٹا کھار ۵ تولہ۔ آب کنوار حسب ضرورت۔ برگ کنوار ۱ عدد۔ کھار ایک پہر آب کنوار میں کھرل کر کے لمبی بتی بنا کر برگ کنوار ایک بالشت لمبا لیکر درمیان سے چیر کر اس کے اندر بتی مذکور رکھ کر لب ملا کر اوپر ٹاکی کپڑا کی کیچڑ میں لت پت کر کے لپیٹ دیں۔ پھر سایہ میں ذرا خشک کر کے رات کو روٹیاں پکانے کے بعد تنور میں دبا کر اوپر چند اپلے رکھ دیں۔ (یا دو اڑھائی سیر اپلہ توڑ کر کے اندر رکھ کر آگ لگا دیں) صبح نکال کر کمبیٹ آہستہ سے توڑ کر حفاظت سے سفوف کو نکال کر باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک تا دو رتی

فوائد :۔ کھانسی ہر قسم خشک و تر۔ کھانسی کالی۔ مدقوق کی کھانسی۔ نفخ شکم اطفال و قبض۔

کھانسی دمہ۔ بلغمی کی حالت میں ہمراہ شہد چٹائیں۔ خشک کھانسی و دمہ کی حالت میں چودہ عدد مغز بادام کوٹ کر ذرا مصری ملا کر اس کے ہمراہ دیں۔
نفخ شکم کی حالت میں بقدر ۲ رتی ہمراہ آب گرم یا سوڈا واٹر سے دیں۔ بچوں کے نفخ اور قبض کی حالت میں عرق سونف کے ہمراہ دیں۔ بہتر ہے کہ ہموزن سوڈا بائیکارب (سوڈا خوردنی) کا اضافہ کریں۔

سفوف طلسمی

اجزا و ترکیب ساخت:۔ نراج ابیض ۲½ تولہ۔ آب کنوار حسب ضرورت۔ برگ کنوار اعادہ عمل مندرجہ سفوف متبرک کریں۔ اور حاصل شدہ دوا کو باریک پارچہ بیز کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
فوائد:۔ کھانسی۔ بخار۔ پیچش۔ مروڑ خونی۔ حابس الدم۔ خارش چشم۔ ککرے وغیرہ دور ہوں گے۔
ترکیب استعمال:۔ کھانسی کے لئے جوشاندہ ملٹھی یا سفوف ملٹھی دو چند کے ہمراہ۔ بخار موسمی کیلئے نصف ماشہ ہمراہ آب سرد دینا۔ باری کو روکتا اور چڑھے بخار میں گرم چائے سے دینا حدت بخار کم کرے۔ پیچش۔ مروڑ بغیر سدی میں ہمراہ شربت قند سیاہ دن میں تین دفعہ دینا مجرب ہے۔ اگر پیچش سدی ہو۔ تو پہلے کسی دوا سے سدے دور کریں)
بطور سرمہ آنکھوں میں استعمال کرنا۔ خارش۔ آشوب چشم اور ککرے وغیرہ کو نہایت مفید ہے
نکسیر کی حالت میں بطور نسوار ایک چٹکی ناک میں چڑھا دیں۔ پرسوت وغیرہ کو نہایت اور کئی بار مفید ثابت ہو چکا ہے۔

سرمہ نورانی

اجزا و ترکیب ساخت:۔ سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ زہرہ گد ۱ عدد۔ آب ادرک مروق ۲ تولہ۔ اول سرمہ سیاہ کو باریک مثل چاول کے ٹکڑے کر کے زہرہ گد میں ڈال کر ہوادار جگہ میں لٹکا دیں۔ جب بالکل خشک ہو جاوے۔ تو نکال کر آب ادرک مروق میں کھرل کریں۔ کہ خوب خشک ہو جائے۔ پھر ریشمی کپڑا میں سے چھان کر محفوظ رکھیں۔
فوائد:۔ خارش۔ ککرے۔ نئے و پرانے۔ دھند۔ جالا۔ پھولا سب کا تریاق ہے۔ نئے پھولا کو شرطیہ کاٹتا ہے۔
ترکیب استعمال:۔ رات کو سوتے وقت نہایت قلیل مقدار میں چاندی یا سونے کی

سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔

نقطہ:۔ (۱) وہ انہایت تیز ہے۔ اسلئے اسے نہایت قلیل مقدار میں استعمال کریں۔

(۲) ایک دن استعمال کرینگے بعد دوسرے دن ناغہ کریں۔

(۳) اگر محض خارش وککرے کیلئے استعمال کرنا ہو۔ تو دو چار گنا تانہ سرمہ عرق گلاب میں کھرل کر کے لگائیں۔

(۴) صبح اٹھ کر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مار کر آنکھوں کو صاف کریں۔

غذا پرہیز:۔ دوران استعمال سرمہ میں غذا مرغن اور زود ہضم استعمال کریں۔ سرخ مرچ تیل اور ترشی سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

قاطع بواسیر مسّے

اجزاء ترکیب ساخت:۔ پھٹکڑی پناشہ کلاں اعدد۔ زہرۂ تبز اعدد۔ ہر دو کو کھرل کریں کہ یکجان ہو کر مانند موم ہو جاوے۔

فوائد:۔ بواسیری مسّوں کو خشک کرتا اور گندے سے گندے قروح خبیثہ کو صاف کرتا ہے۔ زخم۔ پیپ و کرم گوش کو نافع ہے۔ ناسور کو بھی مفید ہے۔

مسّے بواسیر:۔ مسّے بواسیری معمولی طور پر مسّوں پر لیپ کریں۔ اور پندرہ منٹ تک چارپائی پر لیٹ جاویں۔ صبح و شام عمل کریں۔ چند یوم میں تمام مسّے بغیر کسی تکلیف کے مرجھا جائیں گے۔

امراض گوش:۔ شہد شامل کر کے چند قطرہ کان میں ٹپکائیں۔ یا بتی تر کر کے کان میں رات کو سوتے وقت رکھیں۔

قروح خبیثہ و گندے زخم:۔ بطریق عام کاغذی لگاویں۔ ناسور۔ گہرے زخموں میں بتی تر کر کے رکھیں۔

طلسم عجوبہ

اجزاء ترکیب ساخت:۔ بھگو کتا اعدد۔ شراب ولایتی حسب ضرورت۔ بھگو کتے کو شراب میں کھرل کر کے لیپ بنا لیں۔

(بھگو کتا ایک عام پردار کیڑا جو کدو۔ باجرہ وغیرہ کے کھیتوں میں خاکستری وغیرہ رنگ کا ہوتا ہے)

ترکیب استعمال:۔ صابون دحشفہ چھوڑ کر ہر روز رات کو ضماد کیا کریں۔

فوائد:۔ عام طور پر تین دن میں آرام ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر مرض حد سے زیادہ بڑی

حالت کے مریض بہت کم نظر آتے ہیں۔

نقطہ:۔ (۱) ہر روز تازہ ضماد تیار کریں۔

(۲) روزانہ ضماد کرنے سے پیشتر موئے زیر ناف صاف کرنے لازمی ہیں۔ اس کے بعد گرم پانی و صابن سے خوب صاف کر کے نرم موٹے کپڑا سے صاف کریں۔ کہ خشک ہو کر سرخ ہو جائے۔ اس وقت ضماد کریں۔

(۳) شراب کی بجائے آب ادرک میں کھرل کر کے ضماد کرنا نہایت مفید ثابت ہوا ہے

(۴) مردہ عضو کو زندہ کرنا اس کا خاصہ ہے۔

(۵) روز اول ہی اپنا اثر ظاہر کریگا سست سے سست اور ناکارہ عضو کو بھی زندہ کرے

طلسم حلتیت

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ حلتیت خالص۔ سرکہ انگوری۔ شہد خالص۔ ہیرا ہینگ ہر ایک ہموزن۔ ہیرا ہینگ خالص لے کر سرکہ انگوری میں خوب حل کر کے صاف کھدر کے کپڑے میں چھان کر اس قوام کو نرم آگ پر غلیظ کریں۔ بعدہٗ کانسی دھات کے کٹھال میں ڈال کر کانسی کے کٹورے سے تھوڑا تھوڑا شہد ڈال کر رگڑنا شروع کریں۔ حتےٰ کہ اکیس یوم گزر جائیں تیار ہے

نقطہ:۔ اجزاء ہر حالت میں خالص ہونے لازمی ہیں۔ کھرل ہر روز کم از کم ایک گھنٹہ کرنا لازمی ہے۔ شہد اتنا شامل کریں۔ کہ قوام قابل ضماد تیار ہو جاوے۔

ترکیب استعمال:۔ اول ہر روز موئے زیر ناف ضرور صاف اچھی طرح کریں اور رات کو سوتے وقت آب گرم اور صابن سے دہو کر صاف نرم کپڑے سے اچھی طرح خشک کریں پھر برگ پان یا برگ ارنڈ پر پتلا پتلا لیپ کر کے سیون و حشفہ چھوڑ کر باندھ دیں۔ ایک دو گھنٹہ کے بعد تھوڑی تھوڑی تکلیف مانند سوئیاں چبھنے کے ہوگی کسی قسم کا فکر نہ کریں۔ صبح اٹھ کر آب گرم پانی و صابن سے خوب صاف کریں۔

فوائد:۔ اول تو اسی رات اتنا انتشار ہوگا۔ کہ سنبھالنا مشکل ہوگا۔ ورنہ دوسرے حد تیسرے روز لیپ کے بعد پھر ضرورت نہ رہیگی۔

درد نمونیہ و دیگر اوجاع پر اس کی مالش نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔

لونگ مقوی باہ

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ قرنفل کلاں کلاہ دار۔ منسل۔ ہڑتال ورقیہ ہر ایک ایک سرسا ہی (۱/۴ تولہ) چوب پلاس سبز دو ہاتھ طول اور چار انچہ قطر کی لے کر عین درمیان میں انچہ لمبا سوراخ اطراف سے یا درمیان میں کریں۔ پھر اس سوراخ (کاداک) میں پہلے نصف منسل کا

سفوف بچھادیں۔ اس کے اوپر نصف وزن سفوف ہڑتال اس کے اوپر مسلم لونگ بچھادیں اس ہڑتال سفوف شدہ کا لحاف اس کے اوپر منسل بچھاکر اجزا منفرجہ سے بند کرکے اس کو دھاگہ یا باریک تار سے خوب باندھ دیں۔ اور اسی حصہ کو کپڑ مٹی کریں۔ نہ خشک ہونے پر عین درمیان میں اینٹ رکھ دیں۔ اور دونوں سروں کو آگ لگادیں۔ جب درمیان میں سے صرف دس انچ لکڑی رہ جائے۔ تو آگ سرد کریں۔ اور بالکل سرد ہونے پر حفاظت سے لونگ رکھ لیں۔

ترکیب استعمال :۔ دو عدد لونگ پان میں رکھ کر بوقت صبح نہار منہ کھائیں۔ اور اس کے بعد نصف سیر شیر گاؤ شہد آمیختہ نوش کریں۔ اور اسی طرح بوقت خواب استعمال کریں

فوائد :۔ ضعف باہ کے لئے خاص تحفہ ہے۔ محرک باہ بھی ہے

پرہیز :۔ دوران استعمال میں تیل۔ ترشی اور جماع سے۔

نقطہ :۔ اسی طرح مرچ سیاہ۔ الائچی۔ زیرہ بھی مقوی باہ تیار ہو سکتا ہے اگر لونگ زیادہ مقوی کرنے ہوں۔ تو دودھ میں ۳ ماشہ سفوف دارچینی شامل کرکے نوش کریں۔ تو عجیب الاثر ہے۔ اگر اس سے پہلے طلسم حلتیت تین دن استعمال کریں۔ تو پھر کیا کہنا۔

کحل طلسمی

اجزاء ترکیب ساخت :۔ مازو ۲ عدد۔ فلفل دراز (مگھاں) ۳ عدد۔ فلفل گرد ابیض دمرچ گول سفید) کچور بقدر دانہ نکی۔ نیلا سنبر بقدر دانہ نکی۔ زاج ابیض ۱ تولہ۔ کتھ سفید ا تولہ۔ سینبا سفوف ا تولہ۔ سب اجزاء کو خوب باریک کھرل کرکے پارچہ بیز کریں۔ بعدہ کانسی کے کٹورہ میں ڈال کر شیر مھکل (جنگلی گوبھی) ڈال کر ایک ٹکڑہ حبت دبیبہ موٹا سے کھرل کریں تھوڑا تھوڑا شیر مھکل شامل کرتے جائیں جب رنگ سیاہ ہو جاوے۔ تو تھوڑا تھوڑا آب کونیل جلیبہ ڈال کر ۵ تولہ جذب کریں۔ شیشے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

بعض دفعہ اس میں آب برگ بکائن ۲ ماشہ بھی جذب کیا جاتا ہے۔

اگر دوا زیادہ سخت ہو جاوے۔ تو پھر اس میں شیر مھکل شامل کرکے نرم کرکے استعمال کریں

فوائد :۔ پلکوں کے تمام بال گر گئے ہوں۔ گوشت سرخ اور موٹا ہو گیا ہو۔ آنکھوں سے پانی جاری ہو۔ اور ٹیس وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال

بوقت خواب آنکھوں پر لیپ کریں۔ اگر کچھ اندر چلا جاوے تو کوئی حرج نہیں۔

طلسمی پوڈر

اجزاء ترکیب ساخت :- سونف باریک پارچہ بیز ۵ تولہ۔ ایسپرین ۲ تولہ ۲ تولہ۔ سورنجاں ۱ تولہ۔ فنسٹین ½ ۱ تولہ۔ لوبان کوڑیہ ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو باریک پارچہ بیز کرکے محفوظ رکھیں۔

فوائد :- مخدر۔ محرق۔ سکین حرارت۔ تپ لرزہ یا ملیریا بخار میں دینے سے پسینہ آکر بخار اتر جاتا ہے۔ ہر قسم کے اعصابی اوجاع۔ وجع المفاصل۔ نقرس۔ گنٹھیا۔ دردسر درد کمر اور نمونیہ کے لئے مفید ہے۔

ترکیب استعمال :- یک ماشہ تا حسب مناسب دن میں تین دفعہ ہمراہ آب گرم یا شیر گرم یا چائے وغیرہ سے۔

نکتہ :- بعض دفعہ اسی ترکیب سے اسی مرکب میں کیفین سائیٹراس سوڈا سیلی سلاس، کشتہ شاخ گوزن وغیرہ وغیرہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ بعض دفعہ صرف ایسپرین کی شکل کی تبدیلی کرنے کے لئے سفوف سونف ملا لیا جاتا ہے۔

حب طلسمی

اجزاء ترکیب ساخت :- سم الفار ابیض ۱ تولہ۔ بیش اسود ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ آب لیموں ۲۱ عدد کا۔ آب ادرک ہموزن آب لیموں۔ سم الفار و بیش کو باہم یک جان کریں پھر ذرا ذرا ہڑتال شامل اور کھرل کرتے جائیں۔ جب غبار کی طرح ہو جاوے ۲۱ عدد لیموں سے حاصل کردہ پانی پارچہ بیز قطرہ قطرہ شامل کرتے اور کھرل کرتے جائیں۔ جب تمام پانی ختم ہو کر خشک ہو جائے۔ تو پھر آب ادرک پارچہ بیز شامل کرکے کھرل کریں۔ جب تمام آب ادرک ختم ہو جائے۔ تو حب بقدر فلفل سیاہ بنا کر خشک کریں۔

فوائد :- مقوی باہ۔ محرک۔ مقوی جسم جگر اور معدہ۔ مدر حیض۔ فالج۔ لقوہ تمام امراض ریاحی اور بلغمی۔ نمونیہ۔ گنٹھیا ہر قسم کے اوجاع۔ ضعف باہ وغیرہ وغیرہ کو عجیب الاثر ہے پرسوت کے بخار کے لئے تریاق کامل ہے۔ ناامیدی میں بھی کامیابی دکھاتا ہے۔

ترکیب استعمال :- یک حب ہمراہ آب یا گرم گھی صبح و شام استعمال کرائیں۔

غذا :- مرغن و چرب۔ تیل۔ ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

سوزاکین

اجزاء ترکیب ساخت :- ٹنکچر کینابس انڈیکا (محلول بھنگ) عام انگریزی دواخانہ سے

تیار شدہ مل جاتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ بقدر ۲ قطرہ ۲ اونس پانی میں ملا کر پچکاری لگاویں۔ دن میں ۳ بار چار دیا کریں۔

فوائد:۔ سوزش بول، تنگی بول، جلن وغیرہ پہلی خوراک سے موقوف ہو جاتی ہے۔

احتلام کی جدید دوا

اجزا و ترکیب ساخت:۔ پوٹاسیم برومائیڈ ۳۰ گرین۔ کشتہ قلعی عمدہ ۱۰ گرین۔ پہلے برومائیڈ کو مانند غبار کریں۔ پھر کشتہ قلعی ملاویں۔ اب اس کی ۵ خوراکیں بنائیں کیپسول میں بند کر دیں۔

ترکیب استعمال:۔ روزانہ ایک کیپسول صبح اور شام ہمراہ شیر گاؤ دیویں۔

فوائد:۔ جریان کیلئے اسی فیصدی مفید ہے۔ احتلام کے لئے سو فیصدی مفید اور مکمل نسخہ ہے۔

اکسیر خارش

ہر قسم کی خارش کے لئے جادو یا اکسیر اعظم ہے۔ خارش کے علاوہ چنبل۔ داد وغیرہ کو بھی نفع دیتی ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ منسل ۲ تولہ مانند سرمہ باریک پیس لیں۔ روغن سرسوں دس تولہ آگ پر جلاویں۔ اور نہایت احتیاط سے ذرا دور ہو کر منسل مذکور اس میں ڈال دیں شعلہ برآمد ہوگا۔ سرد ہونے پر ایک مٹی کا پیالہ پانی سے بھرا ہوا لے کر اس میں دوا مذکور پانی کی سطح پر جم جائے۔ احتیاط سے دوا مذکور پانی کے اوپر سے اتار لیں خیال رہے کہ دوا میں پانی نہ آئے۔ بس دوا تیار ہے۔

فوائد:۔ خارش چنبل اور داد کے لئے اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال:۔ خارش وغیرہ کی جگہ پر صرف ایک یا دو دفعہ لگانے سے صحت ہوگی

اکسیر درد مفاصل ریحی

گو یہ نسخہ دیکھنے میں بے حقیقت ہے۔ لیکن استعمال کرنے کے بعد آپ اس کی تعریف کریں گے کہ یہ واقعی ایک جادو اثر اور بے نظیر نسخہ ہے۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے مرض کو جڑ سے دور کر کے مریض کو شفا کلی بخشتا ہے۔ لطف یہ کہ کم خرچ بالا نشین بہترین طبی عجائبات سے ہے۔

نسخہ:۔ کالی زیری کو باریک چھان کر محفوظ کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ۳ ماشہ روزانہ صبح باسی پانی سے۔ فوائد:۔ درد مفاصل ریحی عرق النسا کو مفید ہے

حب جریان

یہ جریان کے لئے گولیاں بہت ہی مفید ثابت ہوئی ہیں۔

اجزاو ترکیب ساخت:۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ منڈور۔ کشتہ کلس بیضہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر ہر ایک ۴ ماشہ۔ شیر برگد میں پیس کر ۲-۲ رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال:۔ صبح و شام ایک ایک گولی آش جو کے استعمال کریں۔ بے حد مفید مجرب ہے۔

حبوب حافظ صحت

اجزاو ترکیب ساخت:۔ کشتہ قلعی ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد عمدہ ۶ ماشہ۔ گڑمار بوٹی ۶ ماشہ۔ برہمی بوٹی ۶ ماشہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ چھ ماشہ۔ برہمی اور گڑمار بوٹی کو خوب باریک مثل غبار کر کے گوند کی مدد سے گولیاں ½ ۲ رتی کی بنالیں۔ اور ایک دو تین گولیاں حسب ضرورت بوقت ضرورت دیں۔

فوائد:۔ یہ گولیاں عام طور پر دماغی کمزوری کے مریضوں کے لئے استعمال کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ یہ گولیاں ہر قسم کی کمزوری۔ مزمن۔ وجع المفاصل۔ جریان۔ احتلام اور خصوصاً ذیابیطس کو فائدہ دیتی ہے۔ اور کئی دفعہ کی مجرب بلکہ مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے۔ ضرورت مند صاحبان بنائیں۔ اور استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

حب کیمیاء

جو دوران خون کو زیادہ کر کے بدن میں بے نظیر طاقت پیدا کرتی ہے۔

اجزاو ترکیب ساخت:۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ سم الفار ۱ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۳ ماشہ۔ کتھہ سفید ایک تولہ۔ سب کو پیس کر شہد میں ایک رتی کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال:۔ کھانا کھانے کے بعد ایک گولی دیں۔ واقعی ایک عجیب الاثر دوائی ہے۔

اکسیر جریان

نسخہ ہذا کیا ہے۔ ایک خاص تحفہ ہے منی کو پیدا کرتا ہے۔ اور اسے گاڑھا کرتا ہے

غربا کیلئے ایک نعمت ہے۔ آپ آزمائیں اور دیکھیں۔ کہ یہ کم قیمت دوا کیسے بیشتر فوائد کی حامل ہے۔ چند یوم کے استعمال سے کہنہ سے کہنہ جریان کو دور کر کے تمام مسلوبہ طاقتوں کو بحال کر دیتی ہے۔ اور کمزوری سے پیدا شدہ جملہ شکایات کا کلیتاً ازالہ کرتی ہے۔ لطف یہ کہ کم خرچ اور زود اثر ہے۔

اجزا وترکیب ساخت:۔ ستاور ۱۰ تولہ سنگھاڑا ۱۰ تولہ مصری کوزہ ۲۰ تولہ سب کو سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک تولہ صبح و ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد:۔ جریان۔ رقت۔ سرعت۔ احتلام کے لئے نہایت مفید ہے اور زود اثر ہے

طلسمی اثر

اجزا وترکیب ساخت:۔ فاسفول ۲۰ رتی عنبر خالص ۳۰ رتی۔ مشک خالص ۶۰ رتی جند بید ستر ۲۰ رتی۔ جدوار خطائی اصلی ۱۲۰ رتی۔ سٹرکنین (جوہر کچلہ) ۱ رتی۔ جوہر خصیہ مرغ ۴۰ رتی جوہر مغز عصفور ۴۰ رتی۔ یوہمبین خالص ۳ رتی تمام مرکب کی ۹۰ گولیاں تیار کر لیں۔ ایک گولی سے ہی خاص قوت پیدا ہوتی ہے۔

نہایت درجہ کی مقوی باہ گولیاں ہیں۔ چودہ گولیاں سے زیادہ کسی حالت میں بھی استعمال نہ کرائیں۔

بواسیر خونی بادی

اجزا وترکیب ساخت:۔ رسکپور ایک تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ ان دونوں کو کسی اچھے کھرل میں شراب ولیسی ۵ تولہ کے ساتھ خوب رگڑیں۔ اور خشک کر کے شیشی میں سنبھال رکھیں۔ بعدہٗ اس شیشی کو پندرہ یوم تک زمین میں دفن کر رکھیں۔ بعدہٗ نکال کر استعمال میں لائیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک رتی بتاشہ میں رکھ کر صبح کے وقت کھلائیں۔

غذا و پرہیز:۔ سوائے دودھ چاول کے اور کوئی غذا استعمال نہ کریں۔ ایک ہفتہ کے بعد چپاتی و مونگ کی دال دیں۔

ورم طحال

اجزا وترکیب ساخت:۔ حنظل اکیس عدد لے کر دو دو ٹکڑے کر کے چار سیر پانی میں بھگو دیں۔ آٹھ پہر کے بعد جوش دیں۔ جب ایک سیر پانی باقی رہ جائے۔ تو اتار کر مل چھان کر صاف

کریں۔ اور کڑاہی میں ڈال کر ڈنڈا نوشادر ۲ تولہ باریک کر کے اس میں ڈال دیں۔ جب ملجائے تو ایک سیر شیر گاؤ ڈال کر پکائیں جب قوام گاڑھا ہو کر حب بنانے کے قابل ہو جائے۔ تو حب بقدر کنار دشتی بنالیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۲ حب ہمراہ آب تازہ ہفتہ عشرہ میں طحال کو فائدہ ہو جائے گا۔ غذا مرغن استعمال کریں۔

فوائد:۔ ورم طحال کے لئے اس سے بہترین دوا ملنی محال ہے۔

تریاق بخار

اجزا و ترکیب ساخت:۔ مغز کرنجوہ ۱ تولہ۔ طباشیر نیلگوں ۶ ماشہ۔ ست گلو اصلی خانہ زاد ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مغز حمال گوٹہ مدبر ۱ تولہ۔ سوڈا سلاس ۶ ماشہ۔ فنسٹین ۶ ماشہ۔ گیرو ۶ ماشہ۔ تمام اشیاء کو الگ الگ باریک پیس لیں اور جو کپڑ چھان کرنے کے قابل ہوں۔ ان کو کپڑ چھان کریں۔ پھر سب ادویہ کو ملا کر کھرل میں ڈال کر اچھی طرح سے یکجان کریں۔ اور حسب ضرورت روغن سونف ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ دو سے تین گولی تک صبح کے وقت اور شام کو ہمراہ عرق گاؤزبان خالص ۳ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ قدرے آب تازہ ملا کر استعمال کرائیں مجرب ہے۔ دوران استعمال میں غذا دودھ۔ چاول یا دال مونگ۔ چپاتی خشک دیں۔ سرخ مرچ۔ گرم اشیاء تیل۔ ترشی اور ثقیل اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

درد مفاصل

اجزا و ترکیب ساخت:۔ سوڈا اصلی سلاس۔ سوڈا بائی کارب۔ فنسٹین۔ کشتہ بارہ سنگا ہر ایک چھ چھ ماشے۔ سب ادویہ کو جدا جدا پیس لیں۔ پھر سب چیزوں کو ملا کر اچھی طرح کھرل کریں۔

خوراک ۴ رتی صبح ۴ رتی شام ہمراہ چائے یا عرق کاسنی دمکوہ و گاؤزبان ہر سہ چار تولہ ہموزن سے دیں۔

نسخہ مالش:۔ لونگ۔ جائفل۔ کائپھل۔ مغز جمالگوٹہ پتہ دور کردہ ہر ایک تولہ تولہ۔ آک کا دودھ ۴ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ۔ پہلی ہر سہ ادویہ کو الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔ اور روغن کنجد کو پتیلی وغیرہ میں ڈال کر چولھے پر رکھیں۔ اور نرم آگ رکھیں۔ جب روغن کی جھاگ دور ہو جائے۔ تو پہلی چار چیزیں روغن میں ڈال دیں۔ جب خوب پک جائے۔ تو اس میں باحتیاط

تمام آک کا دودھ ڈال دیں۔ کیونکہ اس سے شعلہ برآمد ہو گا۔ تھوڑی دیر میں تمام اشیاء کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے گا۔ اور آک کا دودھ جل جائے گا۔ اس وقت پتیلے کو فوراً نیچے رکھ لیں۔ اور سرد ہونے پر شیشی میں ڈال دیں۔ ادویات کو مقام درد پر مالش کر کے سینک دیں۔ اور اوپر گرم گرم روئی باندھ دیں۔ دن کو بھی ۱۲ بجے ایک بار یہ عمل ضرور کرنا چاہیئے۔ کھانے اور لگانے کی دوا اکھٹی شروع کر دیں۔ خواہ کیسا ہی سخت شدید درد ہو۔ دو ہفتہ میں کلی صحت ہو جائے گی۔

ترش اور ثقیل اشیاء سے پرہیز۔ دوا شروع کرنے سے پیشتر مسہل لینا ضروری اور مفید ہے۔

سرمہ پھولا چشم

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ فلفل سیاہ۔ قلمی شورہ۔ سرمہ سفید۔ سرچینی ہر ایک تولہ تولہ۔ نوشادر قلمی ۵ تولہ۔ ان تمام ادویہ کو شیرہ بوٹی گھیکوار میں کھرل کر کے دو سکورہ آب نارسیدہ کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے چولھے پر سوار کر کے نیچے چوب درخت پیپل آٹھ سیر پختہ کی درمیانہ آگ جلا دیں۔ اوپر کے پیالہ پر کپڑا پانی سے تر کر کے رکھیں۔ آگ سرد ہونے پر آہستہ سے کھول کر اوپر کے پیالہ سے چمٹا ہوا جوہر اتار کر سنبھال رکھیں۔ عرق لیموں کاغذی سے سرمچو کو بھگو کر جوہر مذکور قدرے سرمچو لگا کر عین پھولا کے اوپر لگائیں۔

فوائد:۔ سوائے چیچک کے پھولا کے خواہ کتنا ہی کہنہ پھولا ہو گا۔ چند یوم میں بفضلہ تعالےٰ رفع ہو جائے گا۔

برائے صرع

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ کرم مینی شتر ۳ عدد۔ پاچک دشتی کہنہ سفید ۶ ماشہ۔ ٹڈا مدار درخت ۳ عدد۔ کھنکھورا یعنی ہزار پایہ خشک شدہ بسایہ یک عدد۔ برگ تمباکو تلخ ایک تولہ۔ ان پانچوں ادویہ کو اس قدر سحق کریں۔ کہ باریک مثل سرمہ کے ہو جائیں۔

ترکیب استعمال۔ مریض صرع کو صبح کے وقت سورج کی طرف منہ کر کے سنگھائیں ایک روز سنگھائیں۔ دوسرے روز نہیں۔ سات آٹھ بار کے عمل سے خدا کے فضل سے تمام کرمہائے دماغ سے خارج ہو جائیں۔

حب فولادی

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ صبر زرد۔ مرمکی عمدہ۔ ریوند خطائی ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران کشمیری جلیتت ردمی کشتہ فولاد۔ فرائی سلفاس ہر ایک ۳ ماشہ۔ مشک خالص ۴ سرخ عسل

خالص یا لعاب گھیکوار حسب ضرورت میں ادویہ کوٹ پیس کر سحق کر کے حب بقدر نخودی بنائیں
ترکیب استعمال۔ ایک ایک صبح و شام استعمال کرائیں۔

حب مقوی

اجزا و ترکیب ساخت:۔ کشتہ سم الفار ایک ماشہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔ ست لوبان خانہ زاد۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ ورق طلا ۵ عدد۔ ورق نقرہ ایک سو عدد۔ باریک پیس کر شہد خالص کے ہمراہ گولیاں بقدر دانہ جو تیار کریں۔
ترکیب استعمال:۔ ایک گولی سے ۲ گولی تک بعد ہضم طعام ہمراہ شیر گاؤ جوشدادہ استعمال کریں۔
ترشی۔ بادی اشیاء سے پرہیز لازمی ہے

ٹانک پلز

اجزاو ترکیب ساخت:۔ ایکسٹرکٹ نکس وامیکا ۸ گرین۔ ایکسٹرکٹ بیلاڈونا ۴ گرین کونین سلفاس ۱۵ گرین۔ سلفیٹ آف آئرن ۸ گرین۔ گولڈ کلورائیڈ ۱ گرین۔ ایکسٹرکٹ جنشن ½ ڈرام۔ اولیم کیجوپوٹی ۱/۲ فلوئیڈ ڈرام۔ کستوری ایک ماشہ۔ زعفران ½ ڈرام۔ فاسفورس ⅛ ماشہ سب ادویات کو کھرل کر کے آب خبطیانہ بقدر ضرورت ملا کر پانچ پانچ گرین کی گولیاں بنائیں
فوائد:۔ مقوی باہ۔ مقوی اعصاب۔ دافع رقت۔ سرعت۔ کمزوری دماغ۔ کمزوری قلب۔ کمزوری جگر و معدہ رفع ہو کر اصلی حالت ناقابل ضبط ہو جاتی ہے۔

اکسیر سنگرہنی

اجزاو ترکیب ساخت:۔ ایک ہانڈی جس میں دودھ کاڑھا جاتا ہے۔ لیکر اس کے بیچ میں اینٹ خام رکھیں۔ اور ارد گرد مصطگی رومی ڈالدیں۔ اینٹ پر ایک چینی کی پیالی رکھدیں۔ اس کے بعد ہانڈی کے منہ پر ایک کانسی یا چینی کا کٹورہ پانی سے بھر کر رکھ دیں۔ اس کے ارد گرد آرد گندم لگا کر نیچے بیری کی لکڑی کی دھیمی دھیمی آگ جلادیں۔ جب پانی گرم ہو جائے تو اتار لیں۔ جو روغن پیالی میں پڑا ہوگا۔ اس کو محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال

ایک بوند ہمراہ قند یا مصری استعمال کرادیں۔ بیس پچیس مریضوں پر آزمایا گیا ہے مفید ثابت ہوا ہے۔
فوائد:۔ دائمی قبض کے لئے بھی مفید ہے۔ اور نہایت بے ضرر ہے۔

طلاء رحمانی

مردہ رگوں کو زندہ کرنے والا اور عضو مخصوص کی جملہ خرابیاں دور کرنے والا ہے۔ یہ طلا ان لوگوں کے لئے ہے۔ جو غلط کاریوں کے باعث اپنے آپ کو تباہ کر چکے ہیں۔ اور اپنے مادر کے شیر کو ضائع کر چکے ہیں۔ یعنی مادہ منویہ کے جواہرات کو اپنے ہاتھوں سے نالوں غسل خانوں میں بہا چکے ہیں۔ ان کے لئے تریاق کامل ہے۔ مردہ رگوں کو ایک ہفتہ میں زندہ کر دیتا ہے۔ اور تمام نقائص دور کر کے اعصاب کو مضبوط کر دیتا ہے۔ اور خوبی اس میں یہ ہے۔ کہ جب چاہیں تیار کر سکتے ہیں۔ سہل الحصول اور اکسیر اعظم ہے۔ استعمال کرا کر فائدہ اٹھائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ حب الملوک ۵ تولہ۔ مغز فندق ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۳ تولہ حب الملوک ۵ تولہ سے مغز نکال لیں۔ جتنے نکلے لے لیں اور ان سہ ادویہ کو ملا کر روغن نکال لیں۔ اور محفوظ رکھیں۔

روغن خواہ مشین کے ذریعہ یا ڈنڈا کونڈا کے ذریعہ روغن نکالیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک تنکے سے لگا کر حشفہ اور سیون بچا کر طلا کریں تین یوم میں بحد طاقت و قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ احتیاطاً دو تین ہفتہ استعمال کرنا چاہیے۔

فوائد:۔ یہ طلا کمزوروں اور نامردوں کے لئے آب حیات ہے۔

اکسیر حیات

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ کونین سلفاس ۶ ماشہ۔ ریوند عمدہ ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ ایلوا ۱ تولہ۔ سب کو لیموں کے رس میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک گولی صبح ایک شام یا دن میں تین دفعہ کھلائیں۔ ہمراہ بدرقہ مناسبہ دے دیا کریں۔

فوائد:۔ یہ حب ملیریا کے لئے اکسیر حیات کا کام دیتی ہیں۔ اس سے قبض بھی دور ہو جاتی ہے۔ اور بخار بھی اتر جاتا ہے۔

زینت

یہ میرا دعویٰ ہے ۔ کہ مستورات کے جملہ عوارضات کے لئے اس نسخہ سے بہتر کوئی نسخہ نہیں ہوسکتا ۔ اور نہ ہی آپ کی نظر سے گذرا ہوگا ۔ متواتر پندرہ سال سے یہ میرے تجربہ میں ہے ۔ کسی ایک جگہ سے بھی مجھے اس کی شکایت نہیں پہنچی ۔ شفا تو منجانب اللہ ہے لیکن میں نے جہاں کہیں بھی کسی عورت کو لا علاج دیکھا فوراً تیار کر کے کھلا دیا جس سے اکثر مفقود الحواس اور آسیب و جن وغیرہ شاکی عورتیں اس سے راضی ہو گئیں ۔ حیض اور رحم کی تمام خرابیاں ۔ سیلان ۔ افراط طمث قلت اور استحاضہ ۔ دردسر ۔ ضعف جگر ۔ کمر درد کی دل ۔ عقر ۔ دبلاپن رفع ہو کر نسخہ کھانے کے بعد مستورات کو خوش و خرم تمام امراض خبیثہ سے پاک و صاف ۔ سنگ مثل شنگرف کے اد بار آ دریا یا ۔ سپاری پاک وغیرہ کے تمام نسخہ جات اس کے مقابلہ میں ہیچ ہیں ۔ تیار کر کے کھلا دیں ۔ اور میری فراخدلی کے لئے اپنے آپ کو بھی میدان عمل میں لا دیں ۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ تیلہ سپاری ۵ تولہ ۔ آرد روئے پاؤ ۔ موصلی سفید ۳ ماشہ ۔ موصلی سیاہ ۲ ماشہ ۔ اگر ۳ ماشہ ۔ تگر ۳ ماشہ ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ ۔ صندل سفید ۶ ماشہ گوند کیکر ۶ ماشہ مغز بادام ۵ تولہ ۔ نشاستہ ۱ تولہ ۔ گل پستہ ۶ ماشہ ۔ گل سپاری ۶ ماشہ دارچینی ۶ ماشہ ۔ مونگا ۳ ماشہ ۔ زعفران ۲ ماشہ ۔ آرد سنگھاڑا ۵ تولہ ۔ بطریق معروف ۴ سیر پختہ دودھ سیر خام روغن زرد ۲ سیر خام شکر تری کھویا بنا دیں ۔ مغز بادام ۔ سپاری اور زعفران نیچے اتار کر آمیز کریں ۔ باقی اشیاء دودھ کے قوام کی صورت میں ڈال کر آمیز کریں

ترکیب استعمال :۔ ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک صبح شام استعمال کرائیں ۔

لاجواب سنیاسی مرہم

یہ وہ لاجواب تحفہ ہے ۔ جو متواتر پندرہ سال کی لگاتار کوشش سے غازی گھاٹ کے رہنے والے ایک مشہور جراح جس نے اپنے نام کو بھی اس مرہم میں چھپا لیا ہے ۔ ان سے یہ گوہر نایاب بزار خوشامد جس طرح ہم کو حاصل ہوا ہے ۔ یہ ہمیں کچھ جانتے ہیں ۔ یہ ہمیں سے پوچھئے ۔ لیکن میں اس دُر بے بہا کو ناظرین طبیب حکیم حاذق کے لئے مفت پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔

اجزا و ترکیب ساخت :۔ روغن کنجد ۵ پاؤ ۔ سندور آدھ سیر ۔ سنگجراحت ۲ تولہ مردار سنگ ۲ تولہ ۔

روغن کنجد کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب جوش آنے لگے تھوڑا تھوڑا

سندھور ڈالتے اور ہلاتے جائیں جب رنگ سیاہ ہوجائے۔ پھر مردار سنگ اور اس کے بعد سنگ جراحت ڈال کر ہلاتے رہیں۔ جب مرہم کی طرح ہوجائے اتارلیں۔ اور محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال:۔ لٹھے کے کپڑے پر لگاکر ہر قسم کے پھوڑوں پھنسیوں اور زخموں پر چسپاں کریں۔ طب جدید کی کوئی مرہم اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ یہ ایک سینہ کا راز ہے۔ جو بلا بخل ظاہر کردیا ہے۔ کسی رندہ وغیرہ کے لگ جانے یا آگ کے جل جانے سے جو زخم ہوجاتے ہیں۔ ان کے لئے بھی اکسیر ہے۔ اس لئے بڑھئی لوہار اس مرہم کو ہر وقت اپنے پاس رکھتے ہیں۔ غرضیکہ بہت عجیب مرہم ہے۔

شمشیر بواسیر

اجزا و ترکیب ساخت:۔ برادہ فولاد غمدہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ شیر مدار ۴ تولہ ملاکر کھرل کریں۔ اور بند کرکے ۴ سیر اوپلہ کی آگ دیں پھر ۱ تولہ۔ نوشادر ۴ تولہ شیر زہوک ملاکر کھرل کرکے ۴ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح آٹھ دفعہ ۱ تولہ۔ نوشادر و ۴ تولہ زاخل ملا ملاکر آگ دیں اور پھر ہوا میں رکھ کر تیل کریں۔ یہ تیل اکسیر بواسیر کے کارآمد ہے۔

اب اس روغن مذکورہ میں سے ۱ تولہ لے کر پہلے آب مولی ۵ تولہ۔ آب سکھدرشن ۱ تولہ کو ایک برتن میں ڈال کر جوش دیں۔ کہ صرف چھ ماشے باقی رہ جائے۔ تو پھٹکڑی ۲ ماشہ سہاگہ ۱ ماشہ۔ افیون ۴ ماشہ۔ شہد خطل تولہ ۱ ماشہ تمام باریک کردہ ۲ ماشہ بالا پانی سے ہے کے میں ملاکر جھٹ پیچھے اتارلیں۔ اور خشک ہونے پر روغن مذکورہ ۱ تولہ میں خوب آمیز کرکے اس تیلی مرہم کو کانچ کی ڈبیہ شیشی میں محفوظ رکھیں دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک دن میں ایک دفعہ مسوں پر طلا کریں۔ اسی طرح سات یوم میں مسے جڑوں سے پکے پھل کی طرح گر جاتے ہیں۔

بعد ازاں یہ مرہم بناکر لگائیں۔ پیاز سفید کلاں ایک عدد گھی گائے ۵ تولہ میں جلاکر ڈیڑھ تولہ۔ کتھہ سفید ملاکر خوب گھوٹ کر مرہم بناکر لگاتے رہیں۔ تیر بہدف ہے۔

بواسیر کے دکھیوں کو آواز لگاکے کہتے ہیں
آتے جائیں دوا لگائیں صحت پاکے گھر کو جائیں

بے نظیر کشتہ فولاد

اجزا و ترکیب ساخت:۔ اعلیٰ درجہ کا جوہردار فولاد مصفیٰ برادہ کیا ہوا ۲۰ تولہ۔ شنگرف رومی ۲۰ تولہ (فی آنچ) سم الفار سفید ۱ تولہ (فی آنچ) مشک کافور ۲ ماشہ (فی آنچ) نہایت مضبوط کوزہ گلی مع سرپوش آٹھ دس عدد۔ روئی ملی ہوئی مٹی حسب ضرورت اوپلہ

۲ من دفن اپلے) لعاب گھیکوار حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری:۔ نہایت اعلیٰ درجہ کے سخت کھرل میں جوہردار فولاد کا صاف کیا ہوا برادہ ڈالیں۔ شنگرف رومی سم الفار اور مشک کافور بھی اس کے ساتھ شامل کریں۔ اب لعاب گھیکوار کی مدد سے خوب زوردار ہاتھوں سے اسے کھرل کرنا شروع کریں۔ کھرل کی مدت کم از کم آٹھ گھنٹہ اور زیادہ سے زیادہ بارہ گھنٹہ مقرر ہے۔ جس قدر زوردار ہاتھوں سے اور جسقدر زیادہ دیر سائی کی جائے گی۔ اُسی قدر عمدہ اور لطیف کشتہ تیار ہوگا۔ اس کے بعد اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا کر حسب دستور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے خشک ہونے پر کسی گڑھے میں محفوظ الہوا جگہ پر دو من اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اور پہلے کی طرح شنگرف رومی ۲۰ تولہ۔ سم الفار سفید ½ ۱ تولہ اور مشک کافور ½، ماشہ اضافہ کر کے لعاب گھیکوار کی مدد سے کھرل کر کے بدستور سابقہ دو من اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح سے ایک سو اکیس آنچیں دیں۔ بس فولاد کا وہ عدیم النظیر کشتہ تیار ہے۔ جس کے مقوی باہ خواص کے مقابلے میں کشتہ سونا بھی کچھ حقیقت نہیں رکھتا۔

ترکیب استعمال:۔ نصف چاول سے لیکر دو چاول تک یہ عدیم النظیر کشتہ فولاد ایک چھٹانک مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ اوپر سے نیم گرم دودھ مصری ملا ہوا۔ نوش فرماویں

فوائد:۔ سب سے اوّل کام اکسیری کشتہ فولاد کا آلات انہضام کی کمزوریوں اور خرابیوں کو دور کر کے انہیں اس قابل بنا دینا ہے۔ کہ وہ ثقیل سے ثقیل غذا کو بخوبی ہضم کر کے جزو بدن بنا سکیں۔ چنانچہ اس کے چندروزہ استعمال سے قوت ہاضمہ میں اس قدر طاقت ور ہوجاتی ہے۔ کہ پتھر کھاؤ۔ جب بھی ہضم ہوجائیں۔ بلا مبالغہ سیروں دودھ اور چھٹانکوں مکھن نہایت آسانی سے ہضم کرا دینا۔ اس لاجواب کشتہ فولاد کا ایک ادنےٰ کرشمہ ہے۔ سب قسم کی روغنی اور مقوی غذائیں اس کے استعمال سے یوں ہضم ہوجاتی ہیں۔ گویا کسی نے جادو کے زور سے انہیں تحلیل کر دیا ہو۔

یہ عدیم النظیر کشتہ فولاد جگر کو خصوصیت سے تقویت پہنچاتا ہے۔ جسکی وجہ سے جید اور صالح خون کثیر مقدار میں پیدا ہونے لگتا ہے۔ اور خزاں رسیدہ چہروں پر موسم بہار کے تازہ کھلے ہوئے پھول کی رنگینیاں کھیلنے لگتی ہیں۔ زرد اور مرجھائے ہوئے چہرے انار کے پھول کی طرح سُرخ و شاداب ہوجاتے ہیں۔ تمام جسم کا رنگ کندن کی طرح نکھر آتا۔ اور حسن و جمال میں ایک نئی شان پیدا ہوجاتی ہے وغیرہ وغیرہ

کشتہ قلعی

قلعی ایک تولہ کے پترے بنوا کر نقدہ بھنگ ایک پاؤ میں ملفوف کر کے پانچسیر اوپلوں کی

آگ دیں۔ شگفتہ ہو جائے گی۔

اسی طرح قلعی کے پترے ایک تولہ۔ اسپغول ۵ تولہ یا شورہ قلمی ۵ تولہ یا ریوند چینی ۵ تولہ ملفوف کرکے آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔

فوائد:۔ سلس البول۔ جریان اور احتلام میں مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چاول مکھن یا بالائی میں استعمال کریں۔

کشتہ مرجان

اجزا و ترکیب ساخت:۔ مرجان ایک تولہ کو عرق لیموں ۲۰ تولہ میں غرق رکھیں۔ آٹھ روز کے بعد نکال کر ثمر بیل گری میں ملفوف کرکے عمدہ گِل حکمت کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید براق اور نہایت ملائم کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد:۔ مقوی دماغ۔ باہ۔ جریان اور احتلام کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چاول بالائی یا خمیرہ گاؤزبان کے ساتھ۔

کشتہ زمرد

اجزا و ترکیب ساخت:۔ زمرد کو کٹھالی میں ڈال کر کوئلوں پر رکھدیں جب سرخ ہو جائے۔ تو عرق کیوڑہ اور بید مشک میں سرد کریں۔ اسی طرح گیارہ مرتبہ کریں۔ پھر سنگ سماق کے کھرل میں خوب باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ مفرح قلب ہے۔ سلس البول اور ذیابیطس میں مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چاول سے دو چاول تک مکھن یا بالائی وغیرہ سے

کشتہ مس برنگ سفید

اجزا و ترکیب ساخت:۔ ایک عدد پیسہ شیر کی تصویر والا جو سب سے پہلے ایسٹ انڈیا کمپنی نے رائج کیا تھا، لیکر اکیس بجھاؤ پھٹکڑی کے پانی میں دیں۔ بعدہ دس تولہ نغدہ بیخ اٹ سٹ کلاں میں رکھ کر اچھی طرح ثمبیٹ کرکے ہوا سے بچاکر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال دیں۔ انشاء اللہ العزیز کشتہ سفید ملے گا۔ اگر کسی سبب سے پہلی مرتبہ خامی رہ جائے۔ تو دوسری مرتبہ پھر یہی عمل کریں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ نصف چاول ہمراہ مسکہ۔

فوائد:۔ نامرد کو مرد بنانے والا کشتہ ہے۔

غذا میں گھی۔ دودھ کا استعمال کافی رکھیں۔ ہفتہ عشرہ کے لگاتار استعمال سے گیا

گذرہ مریض بھی اپنے آپ کو مرکامل کہلانے کا حق دار ہو گا۔

کشتہ ہڑتال ورقی

اجزاو ترکیب ساخت:۔ درخت پیپل کا تازہ ڈنڈا جو کہ چوڑائی میں تقریباً پانچ چھ انگل ہو اور ہاتھ سے زیادہ لمبا ہو کر اس کے درمیان تک ایک انچ چوڑا سوراخ کردیں اب پہلے چھ ماشہ چھکنی بوٹی ڈال کر کسی چیز سے دبا دیں۔ اب ایک تولہ ہڑتال کی ڈلی ڈال دیں۔ اور چھ ماشہ تک چھکنی بوٹی اوپر اور نیچے دے کر دبا دیں۔ بعدہ سوراخ پر پیپل کی لکڑی کی ڈاٹ آہنی ہو جو کہ دو انگ پہنچ جائے۔ سرد ہونے پر احتیاط سے نکال لیں۔
انشاء اللہ العزیز اعلےٰ درجہ کا کشتہ سفید اور باوزن برآمد ہو گا۔ باریک پیس کر شیشی میں بھرلیں۔

فوائد:۔ قوت باہ کھانسی۔ بخار کہنہ وغیرہ کے لئے ایک نہایت مجرب چیز ہے۔

ترکیب استعمال:۔ نصف رتی سے ایک رتی تک ہمراہ بالائی یا مکہ

کشتہ چاندی

چاندی کا بتر ایک تولہ جو کہ دوانی کے برابر ہوتا ہو۔ لے کر ایک پاؤ پختہ نغدہ شک بوٹی میں رکھ کر ایک گڑھے میں بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح کی پانچ دفعہ آگ دینے سے نہایت ہی لاجواب کشتہ تیار ہو گا۔ باریک پیس کر حفاظت سے رکھیں۔

فوائد:۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی اور اکسیر دماغ ہے۔

ترکیب استعمال:۔ چار چاول ہمراہ مسکہ استعمال کریں۔

کشتہ پارہ

ترکیب ساخت:۔ پارہ مصفیٰ آدھ پاؤ۔ تیزاب گوگرد خالص ایک پونڈ ایک شیشی آتشی میں ڈال کر بالوجنتر میں رکھ دیں۔ اور شیشی کا منہ کھلا رکھیں۔ اور نرم آگ پر پکا دیں۔ یہاں تک کہ تمام تیزاب خشک ہو جائے۔ پارہ تہ کو سفید خاک شدہ ملے گا۔ اسکی سادہ پانی سے اس قدر تغسیل کریں۔ کہ تمام تیزابیت نکل جاوے۔ پھر خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال

خوراک ایک برنج ہمراہ انوپان کے دیں۔
کل امراض میں مفید ہے۔

شربت ضیق النفس

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ شراب خالص ۲۰ تولہ۔ الائچی خورد ۵ تولہ۔ دارچینی ۵ تولہ۔ زیرہ کرمانی ۵ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ مصری ۲ تولہ۔ روغن زرد ۲۰ تولہ۔ تمباکو عمدہ ۲۰ تولہ مرغ خانگی نر ۲ سالہ ایک عدد۔ تمباکو آٹھ پہر پانی میں تر کرکے ہاتھ سے ملیں۔ پھر مرغ کو ذبح کرکے ۲ تولہ شوربا بنالیں پھر شوربا میں مصری کا قوام دے کر شربت بنائیں بعدہ شراب و باقی ادویہ باریک شدہ داخل کریں۔ اور بوتل ڈالیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ دمہ والے کو بقدر ۵ تولہ پلائیں۔ تین روز متواتر پلائیں

فوائد:۔ اس کے پلانے سے نفع آئے گی۔ بعدہ ہر ماہ کے بعد تین روز پلادیا کریں انشاء اللہ مریض کو شفا ہوگی۔

حبّ ہاضم

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ ست پودینہ ۲ تولہ۔ مویز منقی ۱ تولہ۔ ست لیموں ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ پیپلی ۶ ماشہ ست املی ۶ ماشہ۔ ست اجوائن ۳ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ پوکھر مول ۶ ماشہ۔ ست ملٹھی ۶ ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر تیزاب الائچی میں کھرل کرکے گولیاں بمقدار نخود بنائیں

ترکیب استعمال:۔ ۱ گولی سے ۲ گولی تک ہمراہ آب۔

فوائد:۔ دافع ریاح و بدہضمی۔ کمی اشتہا اور قبض کو دور کرتی ہیں۔

حبّ سرفہ

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ کاکڑا سینگی ۲ ماشہ۔ فلفل گرد ۱ ماشہ خشخاش ۱ ماشہ۔ ست ملٹھی ۹ ماشہ۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ گوگل ۲ ماشہ۔ کتیرا ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ تخم خطمی ۳ ماشہ۔ تخم خبازی ۳ ماشہ۔ پوست خشخاش تازہ ۱ تولہ۔ مصری ۳ ماشہ۔ پہلے پوست کو پیس کر گوگل و کتیرا کو حل کریں۔ اور باقی ادویہ باریک پیس کر حب نخودی بنادیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ مریض کو چسوا دیا کریں۔

فوائد

خشک و تر کھانسی کے لئے یہ گولیاں مفید ہیں۔ اس کے علاوہ نزلہ کو بھی روکتی ہے

سنیاسی سرمہ

اجزاء ترکیب ساخت :۔ جست ایک تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ سرمہ سفید ۱ تولہ۔ سپی چینی ۶ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۲ تولہ۔ بورک ایسڈ ۱ تولہ۔ ست لیموں خشک ۶ ماشہ۔ مصری کالی ۲ ماشہ پیپرامنٹ خشک ۴ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ پہلے کٹھالی میں جست کو آگ پر پگھلا دیں اور نیچے اتار کر ذرا ٹھنڈا ہونے پر ایک سیکنڈ اتار کر اسی وقت پارہ ملا دیں۔ جب بالکل ٹھنڈا ہو جائے۔ تو خوب کھرل کریں۔ اور باقی ادویات علیحدہ باریک کر کے حل کریں۔ پھر سب کو ملا کر خوب دو سے چار روز کھرل کریں۔

فوائد :۔ آنکھ کی ہر ایک بیماری مثلاً جالا، پھولا، پڑوال۔ ککرے بلکہ موتیا بند کیلئے اکسیر ہے۔

ترکیب استعمال :۔ بطور سرمہ استعمال کریں۔

سونگھانے کی اکسیر دوائی

اجزاء ترکیب ساخت :۔ نوشادر۔ چونہ قلعی ایک ایک تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ پہلے نوشادر اور چونے کو خوب باریک پیس لیں۔ اور پھر زعفران کو علیحدہ باریک پیس کر رکھیں۔ پھر کافور پیس کر تمام ادویہ کو ایک شیشی میں ڈال کر ایک تولہ پانی ملا لیں اور مضبوط کارک لگا رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ بوقتِ ضرورت شیشی کا منہ کھول کر ناک کے پاس لے جائیں اور ذرا آہستہ آہستہ سونگھیں

(۱) اس کے سونگھانے سے نزلہ۔ زکام۔ درد سر۔ داڑھ کو چند منٹوں میں فائدہ ہو جاتا ہے کیونکہ شیشی کو ناک پر لگانے سے ہی ناک کی بند نالیاں کھل جاتی ہیں۔

(۲) اگر کوئی آدمی کسی وجہ سے بے ہوش ہو گیا ہو۔ یا ٹھنڈ کے مارے اس کے دانت آپس میں بھنچ گئے ہوں۔ تو اس کے سونگھانے سے اکثر فوراً ہوش آ جاتا ہے۔ اگر مریض مرگی کا ہو۔ تو اس کے ناک سے اگر کیڑا نکلے گا۔ تو اس مریض کی قمیص اتار کر کیڑا لپیٹ کر جلا دیں مرگی نہ ہو گی۔

(۳) جو شخص ڈر کر پاگل ہو گیا ہو۔ اس کو سونگھانے سے پرانا ضرور فائدہ کرے گا۔

(۴) اگر کسی عورت کو بھوت یا چڑیل لگی ہوئی ہو۔ اور وہ بڑے بڑے جھاڑنے پھونکنے والوں کے قابو نہ آتی ہو۔ اس کو سنگھاؤ۔ سنگھاتے ہی فوراً بھوت دور ہو جائیں گے ایک بار تو آنکھیں کھل جاوینگی۔ چاہے پھر بدمستی سے آنکھیں بند کر لیوے۔ **نوٹ :۔** شیشی کا منہ

کسی حالت میں بھی کھلا نہیں رکھنا چاہیے۔ نہیں تو وہ گیس شیشی میں جو ہوتی ہے۔ اڑجاتی ہے دوائی کام کی نہیں رہتی۔ چند روز بعد اس کی تیزی کم ہوجاتی ہے۔ اس وقت شیشی کو ہلاکر سنگھائیں۔

اکسیر اعظم

اسہال کی وجہ سے مریض نڈھال ہوگیا ہو۔ کوئی چیز ہضم نہ ہوتی ہو۔ ایسی حالت میں استعمال کریں۔ فوراً آرام ہوگا۔ اسقاط حمل کے بعد اگر خون بند نہ ہو۔ تو صرف تین خوراک دو دو گھنٹہ کے بعد استعمال کرائیں۔ کلی صحت ہوگی۔ عام کمزوری کے لئے بھی مفید و مجرب ہے ہر مرض میں استعمال کرنے کے قابل ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت:۔ شراب برانڈی ½ تولہ جوہر سلاجیت ۶ ماشہ زعفران کشمیری ۶ ماشہ۔ لوبان کوڑیہ ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۶ ماشہ۔ عنبر اصلی ½ ۱ ماشہ۔ افیون خالص ۲ ماشہ۔ کافور دیسی ½ ۱ ماشہ جملہ ادویہ کو شراب برانڈی میں حل کرکے نتھالیں

فوائد:۔ ضعف دل و دماغ ہسٹریا اور عام کمزوری کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ شیر گاؤ پاؤ بھر میں دو تین بوند ڈال کر استعمال کرائیں۔

اکسیر ذیابیطس شکری

اجزا و ترکیب ساخت:۔ مغز خستہ جامن ۴ تولہ۔ پوست خشخاش ۲ تولہ۔ کہربا شمعی ۲ تولہ۔ ست گلو ۲ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ا تولہ۔ طباشیر نقرہ ۴ تولہ۔ زرد رد ۲ تولہ سب اشیار کا سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ماشہ صبح زرشک ۶ ماشہ کو پانی میں آدھ سیر جوش دے کر جب چھٹا تک رہ جائے اتار کر ۲ تولہ شربت انار ملا کر نوش کریں۔

شام۔ خوراک وہی ایک ماشہ ہمراہ برگ نسوڑہ ۳ تولہ۔ برگ نیموں ۳ تولہ لے کر رگڑیں اور نصف سیر پانی میں شیرہ نکال کر اس کے ساتھ دیں۔ دونوں وقت بیشتر خوراک ایک گھنٹہ استعمال کرادیں۔ اور ساتھ ہی یہ لیپ گردوں پر کرادیں۔

آردجو ۱۶ ماشہ۔ صندل سفید ۱۶ ماشہ۔ گل ارمنی ۱۶ ماشہ۔ تخم خرفہ ۱۶ ماشہ۔ کافور ۱۲ ماشہ تازہ آب میں گھوٹ کر لیپ کرادیں۔

خوراک صرف سبزیاں سادی پکا کر کھلادیں۔

پرہیز:۔ چاول۔ دودھ۔ میٹھا ہر قسم کبھی کبھی جو کی روٹی استعمال کی جاوے۔ انشاءاللہ آرام ۲ یوم میں ظاہر ہوگا۔ مگر متواتر چالیس روز کرنا لازمی ہے۔

اکسیر جریان

جناب حکیم غلام مصطفےٰ صاحب مرحوم گجراتی کے مطب کا خاص الخاص اور مجرب و مفید نسخہ ہے۔ مرحوم نے اس کو بلا مبالغہ ہزارہا مریضوں پر آزمایا۔ چونکہ آپ ایک فقیر منش بزرگ تھے۔ اس لئے بخل آپ کے پاس بھی نہیں بھٹکتا تھا۔ کوئی نسخہ خواہ وہ کتنا ہی لاجواب کیوں نہ ہو۔ فوراً بتا دیا کرتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے۔ کہ ہم دنیا میں بخل کے لئے نہیں۔ بلکہ بنی نوع انسان کی خدمت کیلئے آئے ہیں۔ خدا مغفرت کرے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ بیروزہ مصفےٰ ایک پاؤ جو کم از کم سات دفعہ صاف کر کے کم از کم سات دفعہ تصفیہ دے لیں یعنی گرم کر کے آب ملٹھی میں بجھا دیا کریں۔

آب ملٹھی:۔ ملٹھی ۵ تولہ۔ پانی ۲ پاؤ۔ خوب جوش دے لیں۔ تصفیہ دے کر پھر صاف کر کے تمام ادویہ شامل کر کے سفوف تیار کریں۔

فوائد:۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ رقت۔ سیلان کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔
ترکیب استعمال:۔ ۲ ماشہ روزانہ صبح ہمراہ شیر گاؤ۔

سرمہ اکسیر العین

شفاخانہ یونانی کریم منزل گجرات کا مایہ ناز اور بہترین نسخہ ہے۔ اس کی کافی تجارت تھی اور صاحب موجد کے پاس اس کے ہزارہا سرٹیفکیٹ موجود ہیں۔ جو الفاظ اس کے متعلق موجد نے بیان کئے۔ وہ تمام اس میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ کارخانہ بند ہو جانے کی وجہ سے اب اس کی تجارت بھی بند ہے۔ مگر نام اکسیر العین بدستور کارخانہ کے نام رجسٹرڈ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ طباشیر ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ کافور ۲ تولہ ہر سہ ادویہ کا جوہر حاصل کریں۔

جوہر مذکور ۶ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۲ تولہ۔ زنگار ۳ ماشہ۔ کشتہ جست ایک تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۶ ماشہ۔ سنگ بصری ۳ ماشہ۔ کوڑیاں زرد سوختہ ۶ ماشہ۔ سب کو آب لیموں میں کھرل کریں۔

فوائد:۔ جملہ امراض چشم کی بہترین دوا ہے۔ ہزارہا تصدیق کنندگان نے اسکی تعریف کی ہے۔

ترکیب استعمال

بوقت ضرورت ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔

سلیمانی

سینکڑوں کمپنیاں اس کا اشتہار دے کر اس وقت ہزارہا روپیہ کما رہی ہیں امراض معدہ وجگر کے لئے ایک مفید چیز ہے۔ علاوہ ازیں اکثر امراض بدن پر مستعمل ہے۔ زہر دار جانوروں کے ڈنگوں پر لگانے سے سوزش وغیرہ کو رفع کرتی ہے۔

اجزاء وترکیب ساخت: نمک سیاہ ۶ تولہ۔ نمک سانبھر ۶ تولہ۔ نمک سنگ ۶ تولہ فلفل سیاہ ۳ تولہ۔ فلفل دراز ۳ تولہ۔ کچور ۳ تولہ۔ اجوائن ۳ تولہ۔ سونف ۳ تولہ۔ پودینہ ۳ تولہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ زیرہ سیاہ مدبر ایک تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ۶ ماشہ اور جائفل ایک تولہ۔ جلوتری ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ایک تولہ۔ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے باہم ملالیں۔

فوائد: مقوی معدہ۔ ہاضم۔ فراخ معدہ۔ مشتہی۔ ریاح اور زہر دار جانوروں کے ڈنگ پر مل دینے سے سوزش رفع کرتا ہے۔ دانتوں پر ملنے سے درد دندان کو نافع ہے

ترکیب استعمال: ۴ رتی سے ایک ماشہ ہمراہ عرق سونف

تحفہ اثنا عشریہ

علامہ غلام حسنین کشوری شارح موجز کا ایک بہترین اور تجربہ شدہ اعلےٰ پایہ کا نسخہ ہے۔ علامہ ممدوح کا اس کے متعلق دعوےٰ تھا کہ اگر یہ نسخہ صحیح اصولوں پر تیار ہو جاوے۔ تو یہ چاندی پر طرح کرنے اسکو طلا بنا دیتا ہے۔ مگر دواسازی کا فن اس قدر نازک ہے۔ کہ باوجود علامہ ممدوح کے خود اس نسخہ کے موجد ہونے کے اور آپ کے بارہا کوشش کرنے کے آپ کے حسب منشا صرف ایک دفعہ تیار ہو سکا۔ جناب ممدوح نے اس نسخہ کا نام بھی آئمہ اثنا عشریہ کے نام پر تحفہ اثنا عشریہ رکھا ہے۔ اور اس نام سے برکت حاصل کی گئی ہے۔

الغرض یہ ان بہترین نسخوں میں سے ایک ہے۔ جن کی اکثر احباب کو تلاش ہوتی ہے۔ اور جن کا ملنا محال نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ یہ کوئی معمولی نسخہ نہیں بلکہ سینہ کا راز ہے صاحب نسخہ نے اس کے متعلق لکھا ہے۔ کہ صرف ایک دفعہ میرے حسب منشا رنگ پر آیا۔ اور باقی دفعہ بھی ہر بار کم از کم تین صد نامردوں کو جوانمرد بنا ہی گیا۔ اور آپ بھی تجربہ کریں اور قسمت آزمائیں۔

اجزاء وترکیب ساخت: شنگرف ا تولہ۔ ہڑتال ورقی ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ سنکھیا ایک تولہ۔ رسکپور ایک تولہ۔ دارچکنا ایک تولہ۔ سیسہ ایک تولہ جست ایکتولہ

لوہا ایک تولہ۔ تانبہ ایک تولہ۔ پارہ ایک تولہ۔ سنکھیا سرخ ایک تولہ۔ سب دھاتوں کو چھلنبند کریں۔

سرکہ انگوری ۲ سیر۔ زعفران الحدید ۲ تولہ۔ کسیس سرخ ۲ تولہ۔ ان کو ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ جب سرخ زلال تیار ہو جائے۔ تو پہلی ادویہ کے ہمراہ اکیس سے ستائیس روز تک پکا دیں۔ تیار رہے۔

۶ ماشہ چاندی پر چار رتی دوا طرح کریں۔ کامل العیار شمس طیار ہے۔

مریض نامرد کو نصف رتی سے ایک رتی تک کھلا دیں۔ یہ دوا پہلی مرتبہ تیار ہوئی تجربہ کیا درست اتری۔ حل کرنے کے واسطے رکھی گئی۔ بوتل ٹوٹ گئی۔ اس کے بعد کئی مرتبہ یہ دوا تیار کی گئی۔ اس رنگ پر نہیں اتری۔ البتہ ہر بار دو تین نامردوں کو مرد بنا گئی۔ جسے خدا دے۔

مرہم قوبا

عالی جناب حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی صاحب مرحوم مصنف متعدد کتب طبیہ مخزن حکمت و مخزن الادویہ وغیرہ کا نہایت ہی مجرب نسخہ ہے جو آپ نے بارہا دفعہ آزمایا۔ اور اس کو بنا کر ہر وقت مطب میں تیار رکھتے تھے۔ آپ کے خاص تجربہ اور بھروسہ کی چیز ہے۔

اجزاء ترکیب ساخت:۔ تخم پنواڑ۔ سہاگہ۔ گندھک۔ مردار سنگ۔ کتھ مساوی الوزن۔ رسکپور ۹ رتی۔ سب کو ملا کر رکھیں۔ اور مکھن ایک چھٹانک میں ملا دیں۔

فوائد:۔ داد۔ قوبا۔ چھاجن وغیرہ کی عمدہ دوا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ مقام مرض کو صابن سے دھو کر دن میں دو مرتبہ دوا لگا دیا کریں۔

اکسیر شباب

اس اکسیر الاثر دوا کی تعریف و توصیف سے زبان عاجز اور قلم قاصر ہے۔ تجربہ کنندہ خود اس کے اوصاف کے گیت گائے گا۔

یہ نسخہ فی الواقع اسرار السیاحین میں سے ایک تحفہ لاجواب ہے۔ بڑے بڑے قیمتی نسخے اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ ازکار رفتہ اور گئے گزرے مایوس العلاج مریضوں کو اپنے مقصد میں کامیاب و کامران بنا دینا۔ اس کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے۔ مخلوقوں کے لئے تو سچ مچ آب حیات ثابت ہوا ہے۔ بھوک اس قدر لگتی ہے۔ کہ جو کھاؤ سب ہضم ہو کر جزو بدن ہو جاتا ہے۔ چہرے کو مثل انار کابلی و مانند سیب کشمیری سرخ و چمکدار بنا دیتا ہے۔ القصہ غضب کا مقوی باہ و ممسک نسخہ ہے۔ نسخہ مترکہ یہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: - سم الفار سفید - مغز سنگھاڑا خشک - کتھ ہر ایک تولہ - مشک خالص - عنبر اشہب - زعفران کشمیری اصلی ہر ایک ۳ ماشہ - ورق نقرہ - ورق طلا ہر ایک ۱ ماشہ - لیموں کاغذی ۲۰۰ عدد - پہلی ہر سہ ادویہ کو ایک ایک لیموں کا مصفیٰ رس ڈال کر کھرل کریں - حتیٰ کہ ۲۰۰ عدد لیموں کا رس بذریعہ کھرل جذب ہو جائے - لیموں ساتھ ہی ساتھ تازہ لیتے جائیں جب لیموں کا پانی جذب ہو کر دوا کا خشک سفوف بن جائے - تو باقی ادویہ شامل کر کے ایک روز کامل کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنا لیں - اور ورق چڑھا کر سایہ میں خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں -

ترکیب استعمال: - ایک ایک گولی صبح شام مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر نگل جاویں - اوپر سے ذرا ٹھہر کر شیر گاؤ نیم گرم نوش فرماویں -

غذا: - مرغن یعنی دودھ گھی کا استعمال زیادہ رکھیں - دوران استعمال میں جماع اور ترش اشیاء سے پرہیز رکھا جائے - اگر اس کے ساتھ طلاء اکسیر اعظم کا استعمال بھی جاری رکھیں - تو پھر تو کیا ہی کہنے -

ایک مرتبہ کی تکلیف سے کئی سال تک ہزاروں مریضوں کے لئے دوا تیار ہو جاتی ہے -

فوائد: - قوت باہ و امساک کے لئے اسے شباب کہو یا اکسیر مردمی کہو اکسیر اعظم نام ہر دو سب کچھ بجا ہے -

طلاء اکسیر اعظم

فی الواقع اسم بامسمیٰ طلاء ہے - آلہ تناسل کی کجی، لاغری و کوتاہی کو ہفتہ بھر میں دور کر کے خوب درازی و فربہی پیدا کرتا ہے - اور کسی اندرونی دوا کا استعمال کئے بغیر اس قدر طاقت پیدا کرتا ہے - کہ سنبھالنا مشکل ہے -

اور پھر لطف یہ کہ (۱) یہ طلا کسی قسم کی ابلا (؟) یا پھنسی وغیرہ پیدا نہیں کرتا - بلکہ عضو مخصوص کے پٹھوں میں سے گندہ رطوبت یا پانی بذریعہ پسینہ ہی جذب ہو کر اس میں دوران خون پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے امراء رؤسا اور نازک مزاج اصحاب کے لئے ایک بے بہا تحفہ ہے

(۲) یہ طلا چربی ریچھ اجربی شیر وغیرہ مشکل سے دستیاب ہونے والی اشیاء سے مبرا ہے تمام دوائیں عطاروں اور پنساریوں کے ہاں سے مل جاتی ہیں کسی چیز کے تلاش کرنے کی ضرورت نہیں

(۳) اس میں پان وغیرہ کوئی پتہ وغیرہ باندھنے کی ضرورت نہیں

اجزاء و ترکیب ساخت: - کچلہ ۲۰ عدد - لونگ - جائفل - ہڑتال ورقی ہر ایک تولہ خراطین خشک - جونک خشک ہر ایک ۲ تولہ - عروسک دبیر ہوتی (؟) بیخ کوئیخ (؟) - بیخ جنگلی ہر ایک ۳ تولہ سب کو باریک پیس کر تاک جھکنی کے رس یا جوشاندہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر کنار دشتی بنا دیں

اور سایہ میں خشک کرکے آتشی شیشی میں ڈال کر منہ میں مشک و عنبر ہر ایک ۱ ماشہ کی پوٹلی رکھ کر بذریعہ تپال جنتر تیل نکالیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت اس کے دو تین قطرے پشت عضو پر سیون اور حشفہ چھوڑ کر مالش کریں۔

فوائد: مجلوقوں اور نامردوں کیلئے آبحیات سے بڑھ کر مفید ہے۔

شربت حیات

اگر آپ کے اور آپ یا کوئی عزیز کسی وجہ سے اپنی قوت کھو چکے ہوں۔ اور اپنے ہاتھوں آپ نالاں ہوں۔ تو انہیں فوری طور پر اکسیر حیات استعمال کرنا چاہیے۔ یہ ایک ایسی دوا ہے جو مردوں میں روح ڈال دیتا ہے اور جوانوں کو نوجوان اور نوجوانوں کو پہلوان بنا دیتا ہے۔ یہ کوئی یا بازاری چیز نہیں ہے۔ کہ وقتی طور پر اپنا فائدہ دکھائے۔ اور بس بلکہ یہ فی الواقع ایک اکسیر ہے اور جملہ اعصاب اور اعضائے رئیسہ دل و دماغ جگر کو وہ قوت دیتی ہے۔ کہ انسان حیران رہ جاتا ہے۔ بدن کندن کی طرح چمکنے لگتا ہے۔ نیا خون پیدا ہوتا ہے۔ حافظہ بڑھ جاتا ہے اور گئی گزری قوت عود کر آتی ہے۔ بلکہ از سر نو اپنی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔

اجزا و ترکیب ساخت: آب انار ۲ سیر۔ آب انگور ۳ سیر۔ آب پیاز ۳ سیر۔ جائفل ۵ تولہ۔ جلوتری ۵ تولہ۔ لونگ ۵ تولہ۔ الائچی سرخ ۵ تولہ۔ تیز پات ۵ تولہ۔ برگ سداب ۵ تولہ دارچینی ۱۰ تولہ۔ سنبل الطیب ۱۰ تولہ۔ آملہ ۱۰ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ تمام ادویات کو تین دن تک عرقیات مذکورہ بالا میں بھگو دیں۔ تین یوم کے بعد عرق کشید کریں۔

عرق نکالتے وقت زعفران اصلی ۲ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ نالی کے منہ پر سامنے پوٹلی رکھیں۔ تقریباً ۸ بوتل عرق برآمد ہوگا۔ عرق مذکور میں کھانڈ ۸ سیر شامل کرکے شربت تیار کریں تیار شدہ شربت میں ۱ تولہ فی بوتل (عرق سم الفار) شامل کریں۔

ترکیب استعمال: روزانہ صبح ناشتہ کے بعد عجیب الخاصیت چیز ہے۔

حب قبض کشا

اجزا و ترکیب ساخت: سقمونیا ولائتی ایک تولہ۔ گلقند گلاب خالص ۲ تولہ سقمونیا کو باریک پیس کر بعد گلقند میں شامل کرکے حبوب نخودی بنا دیں۔ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک گولی سے چار تک یومیہ قبض کے لئے ایک اور جلاب کے لئے تین چار تک ہمراہ گرم پانی یا دودھ سے دیں۔

فوائد: بخار کے لئے سر درد پیٹ درد قولنج کے لئے نہایت مفید ہے۔

فیض کریم

اجزاء و ترکیب ساخت: کسٹرائیل سفید دس تولہ۔ شربت گلاب ۵ تولہ۔ شربت زنجبیل ۵ تولہ۔ دونوں شربت ولایتی تیار بنے ہوئے بھی مل سکتے ہیں۔ سرپ روز اور سرپ زنجبز ان کو ایک چینی کے کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ کہ سفید حصی مسکہ کی مانند یہ کریم تیار ہوگی۔

فوائد و استعمال: بڑے آدمی کے لئے نصف سے ایک اونس تک اور بچوں کو حسب عمر ایک ڈرام یا تین چار ڈرام تک۔

بچوں کو تعیش کی حالت میں نہایت مفید ہے۔ اور پیٹ کی خرابی کے لئے بہت مفید ہے۔ قولنج بخار کی قبض آنتوں کی خرابی کسی وجہ سے بھی ہوں مفید ہے۔ ہاضمہ درست ہوکر قبض کشائی ہوجاتی ہے۔ اس کا ذائقہ اس قدر عمدہ ہوتا ہے۔ کہ بچے خوشی سے مانگتے ہیں اور خاص کر موٹے تازے ہوسکتے ہیں۔

یہ کریم پیٹ سے بہت مرضوں کو دور کرسکتی ہے۔

قبض کشائی کے لئے روزانہ ایک دو چمچہ استعمال کریں۔

پرہیز:۔ بادی ثقیل اشیاء سے پرہیز رہے۔

غذا پالک پھلکہ اور کدو دال مونگ مسکہ دہی لسی دودھ

دلبر آیوڈین

تازہ نیم کے پتے ۲۰ تولہ۔ اسپرٹ جلانے والی ایک سیر۔ ایک بڑی بوتل میں شامل کرکے چار روز تک دھوپ میں رکھا کریں۔ پھر موٹے کپڑے سے چن کر دو گرین ایکری فلادین شامل کرکے خوب بوتل کو حرکت دیں تیار ہے۔ نہایت خوبصورت اور رنگت سبز کا آیوڈین تیار ہوگا۔

فوائد:۔ ہر قسم کے زخم پر موچ، پھوڑہ۔ ورم۔ گلٹی وغیرہ۔ میسے بواسیر غرضیکہ جہاں پر آیوڈین کی ضرورت پیش ہو۔ تو یہ ولایتی آیوڈین سے بدرجہا بہتر چیز ہے تجربہ شرط ہے۔

نوٹ:۔ برگ نیم جو باقی بوتل میں بچیں گے۔ ان کے برابر کتھ سفید باریک شدہ ملاکر زخم پر چھڑکانے کا کام دیگا۔

تحفہ رحمانی

جو مادہ منویہ کو دہی کی مانند گاڑھا کردیتی ہے۔ اور میس بیس سالہ مزمن جریان و احتلام کو دور کرکے قدرتی امساک پیدا کردیتی ہے۔ اور منی کی حدت اور رقت اور کمی کو زائل کرکے اس کو قابل اولاد بناتا ہے مقوی بدن اور مقوی باہ اور مولد خون اور مغلظ منی ہے۔ اس کے

دو تین ہفتہ کے استعمال سے ہر قسم کا جریان و احتلام دور ہو کر مریض کا رنگ سرخ مانند انار ہو جاتا ہے۔ اور مریض موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔ غرض جریان جیسی نامراد مرض کے لئے آج تک اس نسخہ سے بڑھ کر بندہ کے تجربہ اندر کوئی نسخہ نہیں آیا۔ اور نہ کوئی نسخہ کسی سے ملا ہے۔ بندہ نے اس کو جس مریض پر استعمال کیا مفید ہے کبھی خدا کے فضل سے خطا نہ ہوا۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ ۲ تولہ قلعی کو پگھلا کر اس میں ایک تولہ پارہ ملائیں۔ اور کشتہ پوست بیضہ ۴ تولہ فلفل ابیض ۴ تولہ بیش ۶ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے علیحدہ علیحدہ پیس کر ملائیں۔ اول قلعی اور پارہ کو ملا کر کھرل کریں۔ اور فلفل اور بیش کو علیحدہ خوب کوٹیں۔ جب یہ علیحدہ علیحدہ باریک ہو جائیں پھر ملائیں۔ اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ چاول سے ایک رتی تک ہمراہ شیر استعمال کریں۔

فوائد:۔ رقت منی۔ سرعت انزال جریان اور احتلام میں مفید ہے۔

اکسیر فولادی

اس کی تعریف میں صرف اتنا ہی لکھ دینا کافی ہے۔ کہ یہ میرے مطب کا چلتا ہوا اور ایک راز کا نسخہ ہے جسکی بدولت مجھے شہرت اور بیحد کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ گٹھلی جامنوں ۵ تولہ۔ کشتہ قلعی پارہ والا ۲ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۲ ماشہ۔ گٹھلی جامنوں کی توے پر رکھ کر نیچے آگ روشن کریں۔ حتی کہ تمام گٹھلیاں سڑ جاویں پھر ان کو باریک پیس کر اور کشتہ جات شامل کر کے محفوظ رکھیں۔ بس اکسیر فولادی تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ رتی صبح و شام ہمراہ مکھن یا شیر بز

فوائد:۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ سیلان الرحم اور جریان الرحم کیلئے تیر بہدف ہے۔

تریاق حیات

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ پارہ۔ تیزاب گندھک۔ تیزاب شورہ ہر ایک ایک تولہ۔ آب بیخ کیلہ ۵ تولہ۔ پہلے پارہ کو ایک اوسط درجہ کی کڑاہی میں ڈال کر اس پر تیزاب گندھک ڈالیں۔ اور لوہے کے دستے سے اس قدر رگڑیں۔ کہ پارہ کے چھوٹے چھوٹے ذرے ہو جائیں تقریباً پندرہ منٹ تک یہ ہو جائے گا پھر تیزاب شورہ ڈالیں۔ اس سے دھواں پیدا ہوگا جب دھواں ختم جائے۔ تو پھر تین چار منٹ تک رگڑ کر آب کیلہ شامل کر کے کڑاہی کو انگاروں سے بھری ہوئی انگیٹھی پر رکھ کر شروع کریں۔ اور لوہے کے دستہ کو چلانا شروع کریں۔ اور کسی وقت ایک آدھ منٹ کے لئے دستہ چلانا روک بھی دیا کریں۔ اسی طرح یہاں تک رگڑیں۔ کہ تمام تیزابات اور آب بیخ کیلہ خشک ہو جائے۔ اس وقت دوائی ایک بادے کی شکل میں ہو گی۔ اور

پارے کے ذرات بھی دکھائی دیں گے۔ اس وقت کڑاہی میں جمی ہوئی دوائی کو کھرچ کر سب کو ملا کر دستہ سے خوب رگڑیں۔ تاکہ تمام دوائی ایک سفوف کی شکل اختیار کرے پھر اس دوائی کو ایک مٹی کے سکورے سے ڈھانپ دیں۔ اور کڑاہی کے نیچے انگارے برابر سلگاتے ہیں آٹھ دس منٹ کے بعد سکورے کو دوائی سے ہٹا کر دستہ کو دوائی میں ایک منٹ تک چلا کر پھر دوائی کو اکٹھا کر کے سکورے سے ڈھانپ دیں۔ اسی طرح برابر ایک گھنٹہ تک یہ عمل کریں۔ جب دوائی سے دھوآں نکلنا بند ہو جائے۔ اور اس میں دوائی سرخ رنگ کی ہونے لگے گی۔ اس وقت سکورے سے ڈھانپ کر کڑاہی کو بدستور انگاروں پر رہنے دیں۔ دوسرے دن آگ اور کڑاہی کے سرد ہونے پر سکورہ ہٹا کر دیکھیں۔ سرخ رنگ کا سفوف تیار ہو گا۔ یہی تریاق حیات ہے۔

فوائد:۔ دق و سل میں خمیرہ مروارید کے ہمراہ۔ کھانسی میں خمیرہ گاؤزبان عنبری کے ہمراہ اور جریان و سیلان الرحم اور جریان سوزاکی وغیرہ میں سکہ گادیں بقدر ۲ برنج دیں، نیز حیوانی و نباتاتی سمیات اور ضعف قلب و کثرت طمث میں مناسب بدرقہ کے ہمراہ دینا بھی مفید ہے۔

جوارش شاہی

اجزاء و ترکیب ساخت:۔ مربہ آملہ ا سیر۔ مربہ آملہ ا سیر۔ کشنیز خشک ۸ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ قند سفید ۲½ سیر۔ مربہ جات کو پہلے عرق بیدمشک یا گلاب میں باریک پیس کر الگ رکھیں۔ اور ادویہ کا سفوف الگ تیار کر لیں پھر قند سیاہ کے ساتھ پسے ہوئے مربہ جات کو ملا کر قوام تیار کر کے ادویہ کا سفوف شامل کر کے بدستور جوارش بنا لیں۔

فوائد:۔ مفرح، مقوی قلب اور بواسیر میں خصوصیت کے ساتھ مفید ہے چنانچہ بواسیر کیلئے زعوت ار۔ نقل از ہر دو نا سائیدہ در جوارش شاہی، ر آمیختہ ہمراہ لعاب ریشہ خطمی ۵ ر۔ شیرہ کدو ۔ ر۔ شیرہ بادیان ۵ ر در عرق مکوہ ۲ تولہ۔ عرق بادیان ۲ تولہ عرق برنجاسف ۲ تولہ عرق بیدمشک بر آوردہ صاف نمودہ گلقند آفتابی ۲ تولہ حل کردہ بخورند۔ اور اکثر اسپغول مسلم ۵ ر بھی چھڑک دیا کرتے ہیں۔ اور دیگر دردوں کے لئے شیرہ کشنیز، شیرہ مویز منقی کا اضافہ کرتے ہیں۔ اور کبھی کشتہ مرگانگ کو جوارش شاہی میں ملا کر شیرہ جات کے ساتھ دیتے ہیں۔

فہرس رسالہ طبیب حاذق سالنامہ بابت ماہ فروری مارچ ۱۹۴۲ء

دواخانہ دار العلاج گجرات کا مشہور عالم
بکس مردمی
دس سالہ محنت ، غور و خوض اور تجربات کا نتیجہ ہزارہا مریضوں پر آزمائش اور ہزارہا ادویہ کی چھان بین کے بعد جو صحیح طریق علاج دریافت ہوا اسے طبی دنیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے ۔ یہ بکس آج سے نہیں بلکہ دس سال سے طبی اور غیر طبی حلقوں سے خراج تحسین حاصل کر رہا ہے ۔
ان ادویات کے تھوڑے عرصہ کے استعمال سے جملہ مردانہ طاقتیں از سر نو بیدار ہو کر ان میں جوانی کی امنگیں پیدا ہو جاتی ہیں ۔ اعضائے رئیسہ طاقت ور ہو کر شیر نر کی سی طاقت پیدا ہو جاتی ہے ۔ ایام جہالت کی غلطیوں کا کفارہ بن کر جسم میں ایک برقی لہر پیدا کرتا ہے ۔ غرضیکہ مخلوق مایوس العلاج کو دوبارہ زندگی بخشنے والا قابل بھروسہ علاج ہے ۔ یہی وجہ ہے ۔ کہ مردانہ علاج میں ہمارے طریق علاج نے ایک لازوال شہرت حاصل کر لی ہے ۔
مکمل مردمی مایوس و ناکارہ مریضوں کیلئے آبحیات ہے
بکس کی ادویات
محلول نفاح ایک شیشی ۲ روپے
اکسیر البدن عنبری ایک شیشی ۴ روپے
طلاجادو ایک شیشی ۳ روپے
شبابی ایک شیشی ۳ روپے
پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ ہوگا ۔
قیمت فی بکس مبلغ ۱۲ روپے علاوہ محصول ڈاک ہوگی
ملنے کا پتہ
مینیجر دواخانہ دار العلاج گجرات پنجاب

اکسیر البدن عنبری

جس کے استعمال سے نامردی سستی۔ درد کمر۔ رقت منی۔ سرعت انزال۔ کثرت احتلام جریان منی بے رونقی اور کم خوابی اور ہر قسم کی ناطاقتی ضعف جگر۔ معدہ۔ اختلاج قلب۔ نسیان وغیرہ سب کافور ہو جاتے ہیں۔ نامردوں۔ مجلوقوں اور از کار رفتہ مایوسوں کیلئے اکسیر ہے۔ دماغی محنت کرنیوالے ماسٹروں کیلئے اکسیر ہے۔ دماغی محنت کرنے والے ماسٹروں۔ طالبعلموں۔ کلرکوں اور پلیڈروں۔ وکیلوں ایڈیٹروں وغیرہ کے لئے مقوی ہے۔ اس سے اعصاب سخت بدن موٹا اور پھرتیلا چہرہ چمکتا ہوا سرخ و سفید ہو جاتا ہے۔ بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو پہلوان بنانا اس کا کام ہے۔

قیمت فی شیشی تین روپے
علاوہ محصول ڈاک

دواخانہ دار العلاج گجرات پنجاب

شربت فولاد

جگر کے تمام امراض خصوصاً ضعف جگر کو اعجاز مسیحائی دکھاتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ سوالقینہ طحال یعنی۔ کمزوری۔ یرقان۔ ضعف مثانہ کے لئے اکسیر ہے۔ خون صالح پیدا کر کے رنگ کو مثل انار کے سرخ کرتا ہے۔ ترکیب استعمال ا تولہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف یا آب تازہ قیمت شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے صرف محصول ڈاک علاوہ (عہ)

دواخانہ دار العلاج گجرات پنجاب

کھانسو

کھانسوں کی کھانسی خواہ نئی ہو یا پرانی سوکھی ہو یا بلغمی کھانسی ہو تھوڑے عرصے کے استعمال سے ہی دور ہو جاتی ہے۔ دمہ و ضیق النفس کو حیرت انگیز فائدہ پہنچانیوالی اکسیر صفت دوا ہے۔ حلق حنجرہ۔ خرخرہ اور پھیپھڑوں کو ورم اور غلیظ بلغمی مواد سے پاک و صاف کر دیتی ہے۔ ہزاروں مریض جو دوسری دوائیں کھا کھا کر تنگ آ چکے تھے۔ اس دوا کو استعمال کر کے کھانسی سے نجات حاصل کر چکے ہیں۔ قیمت ۲½ روپیہ۔ دواخانہ دار العلاج گجرات

موسم گرما کا خاص الخاص تحفہ

شربت روح افزا

پھلوں اور پھولوں سے تیار کیا ہوا۔

شربت روح افزا مصفیٰ۔ لذیذ خوش ذائقہ اور مقوی قلب ہے۔ جو گرمی اور لوؤں کے ضرر سے محفوظ رکھتا ہے اور پیاس کو دور کرتا ہے۔ اس کی بھینی بھینی خوشبو دل کو اور دماغ کو ٹھنڈک بخشتی ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے وحشت اور گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے۔ دماغ میں تازگی پیدا ہوتی ہے۔ جگر اور مثانہ کی گرمی کے علاوہ پیشاب کی جملہ تکالیف سے نجات ملتی ہے۔

قیمت فی بوتل ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ؍)

ملنے کا پتہ:۔ دواخانہ دارالعلاج گجرات پنجاب

طاقتین

دواخانہ دارالعلاج تیار کردہ گجرات پنجاب

یہ گولیاں نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد کرتی ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ممسک مغلظ اور انتشار پیدا کرنیوالی دوا ہے۔ دواخانہ کی مایۂ ناز دوائی ہے زیادہ تعریف فضول ہے۔ ترکیب استعمال ۱ گولی روزانہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ قیمت فی شیشی ۱۲ تولہ

عیش

تیار کردہ دواخانہ دارالعلاج

یہ گولیاں پہلے درجے کی مقوی باہ ممسک اور ملذذ ہیں۔ سرعت انزال جریان، احتلام کو دور کر کے بدن میں طاقت اور خون پیدا کر کے رنگ سرخ کرتی ہیں۔

ترکیب استعمال: ۱ گولی ہمراہ دودھ گاؤ روزانہ دیں۔ قیمت فی شیشی تین روپے۔

اکسیر نسواں

خون حیض یا منتقلی کورش اور اس کی بدنظمی سے عورت کو جو تکلیف ہوتی ہے جسمانی کمزوری رنگت کی زردی بدہضمی قبض بدن کی لاغری اٹھتے بیٹھتے چکر آنا۔ کام سے نفرت وغیرہ وغیرہ کو مفید ہے۔ ۱ گولی روزانہ ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت۔ قیمت فی شیشی دو روپے۔

گولڈن سیرپ

ضعف جگر۔ ضعف اعضاء رئیسہ۔ کمی اشتہار ضعف عامہ ضعف اعصاب۔ قلت خون۔ ضعف دماغ غرضیکہ تمام دماغی وعصبی امراض کا تریاق کامل کا حکم رکھتی ہے۔ اور بیحد مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ جریان، احتلام۔ سرعت کو بھی مفید ہے۔ ترکیب استعمال:۔ ایک چمچہ چاء، دو وقت بعد از غذا قیمت فی شیشی دو روپے علاوہ محصولڈاک

حافظین

دماغ کو غضب کی طاقت دیتی ہے۔ جن میں ہمارے دیکھے سنے پڑھے لکھے حالات و واقعات کا ریکارڈ مات کر دیا ہے۔ دماغ کی تمام قوتوں کو نشو و نما کرتی ہے۔ کثرت مباشرت یا کثرت مطالعہ سے اگر دماغ کمزور ہو گیا ہو۔ تو؟

حافظین بہتر ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپیہ

خمیرہ بادام عنبری

یہ شباب کی سردہ امنگیں از سر نو پیدا کر کے زندگی میں ایک نیا دور دکھاتا ہے۔ اعصاب مضبوط ہو جاتے ہیں۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ اور مرد کامل بناتی ہے۔ بدن کا رنگ سرخ کر کے موٹا تازہ ہے۔ جملہ قوٰی کا معاون محافظ ہے۔ ۶ ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ بوقت صبح استعمال کریں۔

قیمت فی شیشی دو روپے۔

طلاشاھی

تمام طلاؤں کا سرتاج ہے۔ مجلوق کیلئے تریاق کامل ہے۔ عضو مخصوص کی جملہ شکایات کجی، لاغری، کوتاہی، ٹیڑھاپن دور کر کے ایک فی طاقت پیدا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ چار قطرے عضو مخصوص پر مالش کریں۔ اور برگ پان باندھیں۔

قیمت فی شیشی دو روپے۔

اکسیر فولادی

جگر کے اکثر امراض کے لئے ایک مفید ترین دوا ہے۔ چند ہی یوم میں ضعف جگر کے مارے ہوئے زرد رو انسان کو سرخ و سفید طاقتور تنومند بنانے والی گرمی جگر کا دور کر کے بدن میں جوانی کی امنگیں پیدا کرنیوالی اکسیر ہے۔ ترکیب استعمال ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ قیمت فی شیشی دو روپے